مہمانِ خصوصی محترمہ شری دیوی اے، چیف منیجر، IOB، نے طلبہ کو محنت اور لگن کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کی اور کہا کہ کامیابی کی کنجی خلوصِ نیت اور محنت ہے۔

صدارت پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیشن سب کے لیے معلوماتی تھا اور اس طرح کے مواقع پہلے کم دستیاب ہوتے تھے۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور اگر بینکنگ کے شعبے میں آنا چاہتے ہیں تو آگے چل کر اچھی تیاری کریں۔ اس موقع پر مسٹر معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر، نے IOB اور CAC کی جانب سے مشترکہ طور پر منعقدہ مضمون نویسی مقابلہ کے نتائج کا اعلان کیا۔ شرکاء میں نقد انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں۔ جیتنے والوں میں انگریزی زبان میں پہلا انعام ماریہ سوری، دوسرا اسہلہ نگار اور تیسرا عالیہ عظیمہ کو، اردو میں پہلا انعام محمد نہال، دوسرا محمد وسیم کو اور تیسرا عمارہ نشاط کو، ہندی میں عالیہ ناز پہلا، تسنیم کوثر دوسرا اور محمد ارشد کو تیسرا انعام حاصل ہوا۔

معزز مہمانوں میں محترمہ ممتا سلام، برانچ منیجر، IOB گچی باؤلی؛ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، جوائنٹ ڈین؛ پروفیسر فیروز عالم، ڈپٹی ڈین؛ مسٹر محمد عامر بدر، وائس پریزیڈنٹ AAM؛ ڈاکٹر صمد ٹی وی، جنرل سکریٹری؛ ڈاکٹر عائشہ عظمی، صدر یونیورسٹی چیئرز چیمپئن کلب؛ مختلف کلبوں کے سیکریٹریز اور بڑی تعداد میں طلبہ شامل تھے۔

حیدرآباد ایجوکیشن ایکسپو میں اردو یونیورسٹی کی شرکت

اردو یونیورسٹی میں داخلوں کے متعلق شعور بیداری کے مقصد سے دفتر تعلقات عامہ نے گذشتہ سال سے شہر حیدرآباد کے سب سے بڑے ایجوکیشن ایکسپو میں شرکت کا

اویس کو بھی تہنیت پیش کی گئی۔

پروگرام کے آغاز میں پروفیسر سید نجم الحسن، کوآرڈینیٹر المنائی افیئرس نے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ مانو لاء اسکول کے پروفیسر عمران نے یونیورسٹی میں لاء اسکول کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ اگلے 50 سال قانون کے طلبہ کے لیے بہترین ہونے والے ہیں۔ کیونکہ ہر شعبۂ حیات میں قانونی صلاح ومشورہ کی ضرورت پڑنے لگی ہے اور اس ضرورت کی تکمیل قانون کے طلبہ ہی کر سکتے ہیں۔ پروفیسر احتشام احمد خان، صدر شعبۂ ایم سی جے نے جرنلزم کے طلبہ کو دستیاب مواقع کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کنٹنٹ رائٹرس، کیمرہ پرسن، ویڈیو ایڈیٹنگ، آڈیو ایڈیٹنگ ہر طرح کے ٹیکنیشین کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ جس کی وجہ سے اردو یونیورسٹی کے طلبہ کو روزگار آسانی سے مل جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرنلزم کے طلبہ کو محض نیوز چینلوں ہی نہیں بلکہ ہندی، تلگو، اردو ہر طرح کی فلموں، میں بھی مواقع ملنے لگے ہیں۔ پروفیسر سید خواجہ صفی الدین نے کہا کہ مینجمنٹ و کامرس کے اسکول کے طلبہ کو جہاں بڑے پیمانے پر نوکریاں ملتی ہیں وہیں وہ اپنا کاروبار یا کمپنی بھی شروع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اردو یونیورسٹی میں ایم بی اے ایچ آر، مارکٹنگ اور فینانس جیسے مضامین دستیاب ہیں۔ ڈاکٹر محمد شاہد نے سی ایس ای اکیڈیمی کا تعارف پیش کیا اور بتایا کہ یونیورسٹی میں سول سرویسز کوچنگ اکیڈیمی میں گریجویشن کامیاب طلبہ کو مسابقتی امتحانات کی تیاری کروائی جاتی ہے۔ یہاں کے طلبہ نے گروپ I اور گروپ II کے مسابقتی امتحانات میں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے کارروائی چلائی۔ انہوں نے بتایا کہ وائس چانسلر کی سرپرستی میں یہ پروگرام بڑی کامیابی سے چلایا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد مقامی طلبہ کو زیادہ سے زیادہ یونیورسٹی کے بارے میں آگاہ کرنا ہے۔ اس موقع پر ایم ایس اسکول کے ڈائرکٹر ڈاکٹر معظم حسین اور اساتذہ نے بھی خطاب کیا۔ جناب اعجاز قریشی ایڈوکیٹ، صدر مانو المنائی اسوسی ایشن نے شکریہ ادا کیا۔

اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز

ڈین المنائی افیئرس، مانو اور مانو المنائی اسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ ایک روزہ سمینار کا 18 دسمبر کو اہتمام کیا گیا۔ سمینار کا عنوان ''اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز'' تھا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کا اسکول آف ایجوکیشن ایشیاء کے سب سے بڑے ایجوکیشن اسکول میں سے ایک ہے۔ یہاں سے کامیاب طلبہ کو ملک و بیرون ملک سرکاری و غیر سرکاری شعبوں میں نوکریاں ملی ہیں۔

پروفیسر سید عین الحسن نے اس موقع پر المنائی اسوسی ایشن کے صدر اعجاز علی قریشی



پروفیسر سید عین الحسن خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید نجم الحسن، ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، لطیف محمد خان اور اعجاز علی قریشی

ایڈوکیٹ و دیگر اراکین کی ستائش کی جو اردو یونیورسٹی کے متعلق مسلسل شعور بیداری کی مہم چلا رہے ہیں۔ اس مہم کے تحت ہر ہفتہ کسی ایک اسکول یا کالج کے طلبہ کو یونیورسٹی کا مشاہداتی دورہ کروایا جاتا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد یونیورسٹی کے داخلوں میں مقامی طلبہ کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ وائس چانسلر نے بطور خاص پرانے شہر حیدرآباد میں قائم کردہ ایوننگ کالج کا ذکر کیا اور کہا کہ مقامی طلبہ کو راغب کرنے کے لیے یونیورسٹی کئی ایک اقدامات کر رہی ہے۔ ان کے مطابق یونیورسٹی فیس اسٹرکچر بھی خاص طور پر ایسا تشکیل دیا گیا جو سماج کے کسی بھی طبقے پر بوجھ نہ ہو۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کے طلبہ کو اسکالرشپ بھی دی جاتی ہے۔

اردو یونیورسٹی سے تعلیم میری کامیابی کا راز، سمینار میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے لطیف محمد خان، چیئرمین ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے تحت چلائے جانے والے 100 سے زائد تعلیمی اداروں میں اردو کو ایک لازمی مضمون کے طور پر پڑھایا جاتا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم ایس اکیڈیمی اردو کی اہمیت کو نہ صرف تسلیم کرتی بلکہ اس کے فروغ کے لیے بھی ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو انہوں نے اپنے خوابوں کی تعبیر قرار دیا۔

قبل ازیں پروفیسر سید نجم الحسن، کوآرڈینیٹر المنائی افیئرس نے سمینار کے اغراض و مقاصد بیان کیے اور کہا کہ وائس چانسلر کی سرپرستی کے سبب المنائی آفس کی کارکردگی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا اس کانفرنس کے سارے مقالوں کو بھی کتابی شکل میں ''شاہینِ اردو'' کے نام سے شائع کیا جائے گا۔

سمینار کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع کے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کے فارغ طلبہ آج سرکاری اور خانگی ہر دو شعبوں میں کامیابی کے ساتھ برسرکار ہیں۔ انہوں نے بطور خاص نیٹ میں پہلا مقام حاصل کرنے والی پی ایچ ڈی اسکالر انعم ظفر اور مانو آئی ٹی آئی سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد امریکی کمپنی میں کام کرنے والے شیخ اویس کا ذکر کیا۔

دور کرنے کے لیے اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام شروع کیا گیا۔

قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر ایم سی جے، نے کہا کہ آج کے پروگرام میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول تیغہ، یاقوت پورہ، کوٹھی ویمنس کالج (کوٹھی یونیورسٹی) اور ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے 350 سے زائد طلباء وطالبات نے شرکت کی۔

ابتداء میں مانو المنائی اسوسی ایشن کے صدر اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ پروگرام کے دوران ڈین اسٹوڈنٹ ویلفیئر پروفیسر صدیقی محمد محمود نے بھی طلبہ کو مخاطب کیا اور معیاری تعلیم کی اہمیت کو واضح کیا۔ ڈائرکٹر المنائی افیئرس پروفیسر سید نجم الحسن نے اردو یونیورسٹی کے فیس اسٹرکچر کو معاشی طور پر پسماندہ طبقات کے لیے انتہائی دوست قرار دیا۔

مانو المنائی اسوسی ایشن کے دفتر کا وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کے ہاتھوں افتتاح



وائس چانسلر المنائی اسوسی ایشن کے لیے دفتر المنائی کا افتتاح کرتے ہوئے

وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے 18/نومبر کو سنٹر فار دکن اسٹڈیز کا احاطہ میں مانو المنائی اسوسی ایشن کے نئے دفتر کا افتتاح انجام دیا۔

انہوں نے انجمن طلبائے قدیم کی جانب سے یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع کے متعلق شعور بیداری مہم کی ستائش کرتے ہوئے انجمن کے صدر اعجاز علی قریشی کو ہر ممکنہ تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

المنائی اسوسی ایشن کے نئے دفتر کی افتتاحی تقریب کو ڈائرکٹر المنائی افیئرس پروفیسر سید نجم الحسن نے بھی مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ المنائی اسوسی ایشن اعجاز علی قریشی کی صدارت میں کافی متحرک ہے اور وہ آگے بھی اسوسی ایشن کے ساتھ کام کرنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ اس تقریب میں ڈاکٹر محمد عبدالقدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار اور المنائی اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ناصر حسین شعیب اور خازن محمد ایوب خان اور دیگر عہدیداران موجود تھے۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کا المنائی اسوسی ایشن کے پروگراموں اور تجاویز کی سرپرستی کرنے کے لیے شکریہ ادا کیا۔

قبل ازیں ڈریم برڈس کانسپٹ ہائی اسکول، بنڈلہ گوڑہ، حیدرآباد کے طلبہ نے اپنے ہیڈ ماسٹر جناب الیاس طاہر کے ساتھ اردو یونیورسٹی کے مطالعاتی پروگرام میں شرکت کی جہاں انہیں آئی ٹی آئی، پالی ٹیکنیک اور آئی ایم سی کا مطالعاتی دورہ کروایا گیا۔

اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام کے آخری مرحلہ سے پروفیسر سید عین الحسن و دیگر کا خطاب



پروفیسر احتشام احمد خان، پروفیسر سید نجم الحسن، پروفیسر عمران، ڈاکٹر عبدالقدوس اعجاز علی قریشی اور دیگر

اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام کے 29 ویں اور آخری مرحلہ کا 11/فروری کو اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ طلبہ اپنی صلاحیتوں کو پہچان کر اپنے کیریئر کا انتخاب کریں۔ اردو یونیورسٹی میں تقریباً تمام طرح کے پروفیشنل کورسز انتہائی کم فیس میں دستیاب ہیں۔

ڈین المنائی، مانو المنائی اسوسی ایشن اور پبلک ریلیشنز آفس کے اشتراک سے گذشتہ 6 ماہ سے ہر منگل کو مختلف اسکولوں اور کالجس کے طلبہ کو اردو یونیورسٹی کا تعلیمی دورہ کروایا جارہا تھا۔

اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام کا آغاز 4/اگست 2025 کو کیا گیا تھا۔ پروفیسر سید عین الحسن کے مطابق اردو یونیورسٹی میں داخلوں کے لیے ملک بھر سے طلبہ و ریسرچ اسکالرس آگے آرہے ہیں۔ لیکن تلنگانہ اور حیدرآباد کے مقامی طلبہ کی تعداد نہایت ہی کم ہے۔ ان کے مطابق مانو کو عالمی سطح کی QS رینکنگ میں بھی شامل کیا گیا ہے جو کہ یونیورسٹی کی معیاری تعلیم اور اعلیٰ انفراسٹرکچر کا ایک ثبوت ہے۔ جبکہ یونیورسٹی کی فیس کا ڈھانچہ بہت معمولی ہے۔ رواں تعلیمی سال کے دوران چلائی جانے والی اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں مہم کے پہلے مرحلے کے اختتام پر منعقد ہونے والے اس پروگرام میں پرانے شہر حیدرآباد کے مشہور سماجی جہدکار اظہر مخصوصی کے علاوہ یونیورسٹی کے المنائی انعم ظفر (آل انڈیا فرسٹ رینکر) اور موزمبیق میں برسرکار مانو کے سابق طالب علم شیخ



پروفیسر اشتیاق احمد ''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں'' کے پہلے پروگرام کے موقع پر مہمان اساتذہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے

متعلق آگہی میں اضافہ کرنے کے لیے اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام ترتیب دیا ہے۔جس کے لیے مانو المنائی اسوسی ایشن کا تعاون حاصل کیا گیا۔

رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے واضح کیا کہ اردو یونیورسٹی میں تلنگانہ اور حیدرآباد سے طلبہ کی تعداد میں اضافہ ناگزیر ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ اردو یونیورسٹی حیدرآباد میں قائم ہے لیکن یہاں مقامی طلبہ کی تعداد خاطر خواہ رخ نہیں کرتی ہے۔انہوں نے بتلایا کہ اردو میڈیم کے طلبہ کو یونیورسٹی کی سرگرمیوں اور یہاں دستیاب تعلیمی مواقع کے متعلق واقف کروانے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے شخصی طور پر اس پروگرام کی ترتیب میں دلچسپی لی۔

پروگرام میں پروفیسر نجم الحسن نے ابتدائی کلمات پیش کیے اور پروگرام کی تفصیلات بتائیں۔جناب اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ،صدر المنائی اسوسی ایشن نے خیر مقدم کیا اور المنائی اسوسی ایشن کی کارکردگی پیش کی۔اس موقع پر فاصلاتی تعلیم کے اعلامیہ پر المنائی اسوسی ایشن کی جانب سے تیار کردہ پوسٹر اور ورقیہ کا اجراء بھی عمل میں آیا۔

مانو ماڈل اسکول کے طلبہ کا دورۂ اردو یونیورسٹی

مانو المنائی اسوسی ایشن کے تعاون سے منعقد کیے جانے والے پروگرام ''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں'' پروگرام کا 21/اکتوبر کو اہتمام کیا گیا۔

ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، پی آر او نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، اردو طلبہ کے لیے بہت بڑی نعمت ہے۔ یہاں کی سہولیات کے متعلق اسکولی طلبہ میں تعلیمی شعور کی بیداری انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔

اس پروگرام کے تحت مانو ماڈل اسکول، فلک نما کے طلبہ نے مطالعاتی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر اردو یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع کے متعلق ان طلبہ کو تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔تقریب کو مخاطب کرتے ہوئے المنائی اسوسی ایشن کے صدر اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ نے کہا کہ اردو یونیورسٹی میں دستیاب کورسز کے متعلق آگہی پیدا کرنے کے لیے اس طرح کے پروگرام بڑے کارآمد ہیں اور اس طرح کا پروگرام شروع کرنے کے لیے وائس چانسلر قابل مبارکباد ہیں۔

پرنسپل پالی ٹیکنیک ڈاکٹر محمد یوسف خان نے بھی طلبہ کو مخاطب کیا۔اور کہا کہ پالی ٹیکنیک کورسز کم بجٹ میں پرکشش تعلیمی مواقع فراہم کرتے ہیں۔

مانو ماڈل اسکول کے دورہ کنندہ وفد میں ڈاکٹر کفیل احمد، انچارج پرنسپل، محترمہ ایس کے آسیہ، محترمہ تحسین انجم آراء، شیخ محمد ادریس احمد، اسکول ٹیچر محمد یوسف بھی طلبہ کے ساتھ موجود تھے۔ پروگرام کے اختتام پر المنائی اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ناصر حسین شعیب نے شکریہ کے فرائض انجام دیئے۔ اسکولی طلبہ کو انڈسٹریل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، پالی ٹیکنیک، آئی ایم سی اسٹوڈیو، لائبریری اور دیگر سہولیات کا معائنہ کروایا گیا۔

اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام کے 24 ویں مرحلہ سے پروفیسر سید عین الحسن و دیگر کے خطاب

''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں'' پروگرام کے 24 ویں مرحلے کا 27/جنوری کو انعقاد عمل میں آیا۔مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اگرچہ کہ ایک قومی یونیورسٹی ہے لیکن یہاں پر تلنگانہ کے مقامی طلبہ کی تعداد برائے نام ہے۔ایسے میں اردو یونیورسٹی کا موجودہ انتظامیہ مقامی طلبہ کے داخلوں میں اضافے کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کیا۔

پروفیسر سید عین الحسن نے مزید کہا کہ اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام اگست 2025ء میں شروع کیا گیا۔اس پروگرام کے ذریعہ سے اردو یونیورسٹی میں دستیاب مختلف تعلیمی مواقع سے آگہی حاصل کر چکے ہیں۔ پروفیسر عین الحسن کے مطابق شہر حیدرآباد کے عوام میں اردو یونیورسٹی کے بارے میں معلومات کی کمی ہے۔اور اسی کمی کو





ہوا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ اردو یونیورسٹی ایک مخلص غیر تدریسی ملازم سے محروم ہوگئی ہے۔ تعزیتی نشست کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرحوم نے یونیورسٹی کے اسٹیٹ سیکشن کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ ان کا عین جوانی میں اس دنیا سے گزر جانا ہم سبھی کے لیے لمحۂ فکریہ ہے کہ ہم اپنی مصروفیت کے دوران اپنی صحت کے حوالے سے غفلت نہ برتیں اور وقتاً فوقتاً اپنی ذات کے لیے بھی وقت دیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے انہوں نے ایک تعزیتی پیغام بھی پڑھ کر سنایا اور مرحوم کے پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کیا۔

رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اس تعزیتی نشست کو مخاطب کیا اور کہا کہ اچھے انسان اگرچہ اس دنیا سے چلے جاتے ہیں لیکن ان کے کاموں کو ہمیشہ یاد رکھا جاتا ہے۔ شیخ عبداللہ بھی اردو یونیورسٹی کے ایسے ہی محنتی ملازم تھے کہ جن کے کام کو عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔

قبل ازیں تعزیتی نشست کا آغاز ڈاکٹر عبدالمنیر کی قرأت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے اسسٹنٹ رجسٹرار ڈاکٹر عبدالقدوس نے مرحوم کو ایک محنتی، دیانت دار اور فرض شناس ملازم قرار دیا۔

صدر مانو ایمپلائز اسوسی ایشن شیخ نوید نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم عبداللہ اگرچہ ہمارے درمیان نہیں رہے لیکن اس عمر میں ان کا دنیا سے گزر جانا ہم سب کے لیے تکلیف دہ حقیقت ہے۔ بحیثیت غیر تدریسی انجمن کے ذمہ دار وہ مرحوم کے انتقال کو ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتے ہیں۔ صدر مانو ٹا ڈاکٹر شبانہ کیسر نے بھی ان کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ اور کہا کہ تدریسی عملہ بھی جامعہ کے دیانتدار ملازم کے گزر جانے سے غم میں مبتلا ہے اور لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کرتا ہے۔

پبلک ریلیشنز آفیسر ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے پروگرام کی کارروائی چلائی۔ جس کے بعد حاضرین نے ایک منٹ کا سکوت اختیار کیا اور دعائے مغفرت کی۔

مانو کے ملازم عبدالحبیب عارف کے انتقال پر تعزیتی نشست

شعبۂ تعلیم و تربیت کے کارکن جناب شیخ عبدالحبیب عارف ولد شیخ عبدالغفار کے انتقال پر تعزیتی نشست کو مخاطب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا



کہ جناب شیخ عبدالحبیب نے یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ قبل ازیں تعزیتی نشست کا آغاز جناب غلام محمد عبداللہ، سیکشن آفیسر، اکیڈیمک سیکشن کی قرأت کلام پاک سے ہوا۔ صدر مانو ایمپلائز اسوسی ایشن شیخ نوید نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم عارف گذشتہ کچھ عرصے سے شریک دواخانہ تھے اور پھر ہفتے کے دن انہوں نے دواخانے میں ہی آخری سانس لی۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے مرحوم عارف کو اپنے کام کے تئیں سنجیدہ، محنتی اور مخلص قرار دیا۔ ڈائرکٹر فاصلاتی و آن لائن تعلیم پروفیسر رضاء اللہ خان نے عبدالحبیب عارف کی اپنے کام کے تئیں سنجیدگی کی تعریف کی۔ انچارج رجسٹرار ڈاکٹر زائر حسین نے بھی تعزیتی نشست کو مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ شیخ عبدالحبیب عارف گذشتہ دو دہائیوں سے یونیورسٹی میں برسرکار تھے اور انہوں نے اپنی خوش اخلاقی سے ہر ایک کو متاثر کیا۔ پبلک ریلیشنز آفیسر ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے پروگرام کی کارروائی چلائی۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے تعزیتی قرارداد پیش کی۔ جس کے بعد حاضرین نے ایک منٹ کا سکوت اختیار کیا۔ شیخ عبدالحبیب عارف کا انتقال 7/ جون 2025 کو بعمر 59 سال ہوا تھا۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک لڑکا اور ایک لڑکی شامل ہیں۔

المنائی اسوسی ایشن کی سرگرمیاں

''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام'' کا افتتاح

ڈین المنائی اور مانو المنائی اسوسی ایشن، حیدرآباد چیپٹر کے اشتراک سے منعقد کیا جانے والا پروگرام ''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں'' کا افتتاح 4/ اگست کو عمل میں آیا۔ افتتاحی تقریب میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول، ملے پلی؛ گورنمنٹ ہائی اسکول ٹپہ چبوترہ کے علاوہ گورنمنٹ ہائی اسکول گوشہ محل کے طلبہ کو اردو یونیورسٹی کے دورہ کی دعوت دی گئی۔

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کہا کہ حالیہ عرصے میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کورسز میں داخلوں کے دوران بھی اعجاز علی قریشی ایڈوکیٹ، صدر المنائی اسوسی ایشن اور ان کے ساتھیوں نے ٹھوس مہم چلائی۔ جس کا اثر تلنگانہ اور حیدرآباد سے مانو میں داخلہ لینے والے طلبہ کی تعداد پر بھی پڑا۔ انہوں نے کہا کہ طویل مدتی بنیادوں پر اردو یونیورسٹی نے اپنے ہاں موجود تعلیمی سہولیات کے

11. نام: اجمل علی خان ولد جناب حیدر علی خان



شعبہ: ترسیل عامہ وصحافت

نگران: پروفیسر محمد فریاد

موضوع: قومی اور علاقائی ہندی نیوز چینلوں کا تقابلی مطالعہ: لکھنؤ کے ناظرین کا نقطہ نظر

12. نام: محمد احسان خان ولد جناب اقبال خان



شعبہ: ترسیل عامہ وصحافت

نگران: پروفیسر محمد فریاد

موضوع: حیدرآباد سے شائع ہونے والے منتخب اردو و انگریزی اخبارات میں ترقیاتی خبروں کا تقابلی تجزیہ

13. نام: سید فضل الدین ولد ڈاکٹر سید وکیل الدین



شعبہ: کامرس و مینجمنٹ

نگران: پروفیسر بدیع الدین احمد

موضوع: فروخت کنندگان کی تربیت اور ترقی کے طریقے: منتخب آٹو موبائل کمپنیوں کا مطالعہ

14. نام: محمد وکیل احمد ولد جناب محمد شکیل احمد



شعبہ: مینجمنٹ و کامرس

نگران: پروفیسر بدیع الدین احمد

موضوع: دیہی ترقی کے حوالے سے علاقائی دیہی بینک کا جائزہ کی مالی کارکردگی-تلنگانہ گرامین بینک کا مطالعہ

15. نام: محمد سلمان صدیقی ولد عبدالوحید صدیقی



شعبہ: مینجمنٹ و کامرس

نگران: پروفیسر سنیم فاطمہ

موضوع: ایپلکیشن پر مبنی موبائل بینکنگ خدمات پر صارفین کا اطمینان: منتخب بینکوں کا مطالعہ

.....☆.....

اسٹاف ممبرس کی پی ایچ ڈی

16. نام: مرزا ولایت علی بیگ، اسسٹنٹ پروفیسر



اسکول آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

یونیورسٹی: جواہر لال نہرو ٹیکنالوجیکل یونیورسٹی، حیدرآباد

موضوع: ''ٹرانزیشنل پروبابلیٹیز آف انفلوایئنسنگ فیکٹرس آن اربن ٹریفک کنجیسشن''

17. نام: محمد مجاہد علی، پروڈیوسر انسٹرکشنل میڈیا سینٹر،



یونیورسٹی: جامعہ عثمانیہ

نگران: پروفیسر محمد اسلم فاروقی، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج ظہیرآباد

موضوع: اردو تھیٹر کے فروغ میں حیدرآباد کا حصہ

خراج تحسین

جیلانی بانو کو خراجِ عقیدت

اردو ادب کی ممتاز فکشن نگار محترمہ جیلانی بانو کے انتقال پر مارچ میں شعبہ اردو کے زیر اہتمام ایک تعزیتی نشست منعقد ہوئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر شعبہ پروفیسر مسرت جہاں نے کہا کہ: محترمہ جیلانی بانو نے اپنے افسانوں اور ناولوں کے ذریعے سماجی مسائل، خصوصاً نسوانی مسائل اور تہذیبی اقدار کو نہایت مؤثر انداز میں پیش کیا ہے۔ ان کے افسانوں میں حیدرآباد دکن کی تہذیب، انسانی جذبات اور معاشرتی پیچیدگیوں کی بھرپور عکاسی ملتی ہے۔

شعبہ کے دیگر اساتذہ نے بھی اس تعزیتی نشست میں اظہار خیال کیا اور کہا کہ جیلانی بانو کا انتقال اردو ادب کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے، تاہم ان کی تخلیقات ہمیشہ ادب کے افق پر روشن رہیں گی۔ تعزیتی نشست میں شرکت کرنے والوں میں پروفیسر فیروز عالم، پروفیسر احمد خاں، ڈاکٹر افتخار احمد، صدر شعبہ فارسی، ڈاکٹر ثمینہ تابش، ڈاکٹر محمد رضوان، ڈاکٹر بدر سلطانہ، ڈاکٹر جابر حمزہ، ڈاکٹر عافیہ حمید، محترمہ حنا گلاب اور ریسرچ اسکالر طلباء وطالبات بھی شامل تھیں۔ نشست کے اختتام پر مرحومہ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور مرحومہ کے درجات کی بلندی کی دعا مانگی گئی۔

مانو کے ملازم شیخ عبداللہ کے انتقال پر تعزیتی نشست

اسٹیٹ سیکشن کے کارکن جناب شیخ عبداللہ ولد شیخ امیر کا انتقال یکم دسمبر 2025 کو

پی ایچ ڈی

کنٹرولر شعبہ امتحانات، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق یونیورسٹی نے درج ذیل امیدواروں کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا ہے۔



1. نام: معراج احمد ولد ایم ایچ انصاری
شعبہ: ترسیل عامہ وصحافت
نگران: پروفیسر محمد فریاد، صدر روڈین ایم سی جے
موضوع: مابعد نوآبادیاتی ہندوستانی تھیٹر میں اختلاف رائے اور مزاحمت: حبیب تنویر اور صفدر ہاشمی کے ڈراموں کا مطالعہ



2. نام: محمد عبدالمجیب ولد جناب ایم اے مجید
شعبہ: شعبۂ طبیعات
نگران: پروفیسر ایچ علیم باشا
موضوع: چند کرومو فورز کی ترکیب، فوٹو فزیکل تحقیق او تیسرے درجے کی نان لینئر آپٹیکل خصوصیات



3. نام: غفور النساء
شعبہ: نباتیات
نگران: پروفیسر ایس مقبول احمد
موضوع: ''زیمیس ایل کی نشوونما پر ویڈس کا ایلیو پیتھک اثر''



4. نام: حافظ سید جمیل الدین ولد جناب سید امام الدین
شعبہ: عربی
نگران: ڈاکٹر طلحہ فرہان
موضوع: الخصائص البلاغیۃ فی قصائد العلامۃ فضل حق الخیرآبادی، دراسۃ تحلیلیۃ نقدیۃ



5. نام: رفاقت علی ولد طہور علی
شعبہ: تعلیم وتربیت
نگران: پروفیسر محمد مشاہد
موضوع: ''پرائمری اسکول کے اساتذہ کی استادانہ تاثیریت''



6. نام: عرش اعظم ولد اسلام احمد
شعبہ: مینجمنٹ وکامرس
نگران: پروفیسر نثار احمد آئی ملا
موضوع: ''آٹو موبائل اور بینکنگ کمپنیوں کے حوالے سے منتخب دیوالیہ پن کی پیشن گوئی کے نمونے کی درستگی پر ایک مطالعہ''



7. نام: محمد طیب ولد جناب مقصود احمد
شعبہ: طبیعات
نگران: ڈاکٹر رضوان الحق انصاری
موضوع: آئی جی آر اے ڈیٹا کے استعمال سے، ہندوستان کے حیدرآباد میں بارش کے ساتھ فضائی لفٹڈ انڈیکس کا تقابلی مطالعہ



8. نام: ثوبیہ عرشین محمد شبیر العابدین دختر محمد شبیر العابدین
شعبہ: کمپیوٹر سائنس وآئی ٹی
نگران: ڈاکٹر خلیل احمد
موضوع: UIP ویکسینز کے لیے بلاک چین پر مبنی حفاظتی ٹیکوں کا نظام



9. نام: سدرہ متین دختر سید ایوب احمد
شعبہ: نظم ونسق عامہ
نگران: ڈاکٹر عبدالقیوم
موضوع: صحت کی خدمات کا نظم ونسق اور فراہمی: سرکاری اور خانگی ہسپتالوں کا تقابلی جائزہ ضلع ورنگل کے حوالے سے



10. نام: ملیحہ تقدیس ملک دختر جناب ملک معتصم خان
شعبہ: اسکول برائے سائنسی علوم
نگران: ڈاکٹر اراخان،
موضوع: غیر حیاتیاتی دباؤ کے تحت مکئی کی اعلیٰ پیداواری جینیاتی اقسام کی امکانی تصدیق اور خصوصیات کا تعین



ہیں۔اردو تعلیم، زبان کے فروغ اور ثقافتی ہم آہنگی سے متعلق ان کا تحقیقی رجحان انہیں ایک باصلاحیت اسکالر کے طور پر نمایاں کرتا ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن اور رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے محترمہ جھانسی کو مبارکباد پیش کی۔

اسکالر جویریہ ارم کی نمایاں کامیابی

عالمی اہمیت کے حامل رسالہ میں دو آرٹیکلس کی اشاعت

شعبۂ طبیعیات کی اسکالر جویریہ ارم کے دو تحقیقی مقالے عالمی معیار کے جرنل 'سائنٹفک رپورٹس' میں شائع ہوئے ہیں۔ جویریہ ارم ڈپارٹمنٹ آف فزکس کی پی ایچ ڈی اسکالر ہیں۔ واضح رہے کہ 'سائنٹفک رپورٹ' ایک ممتاز جریدہ ہے جس میں سائنس کی تمام شاخوں جیسے نباتیات، حیوانیات، کیمیا، طبیعات وغیرہ پر تحقیقی مقالے شائع ہوتے ہیں۔



جویریہ ارم کی یہ تحقیق ایک بین شعبہ جاتی اشتراک کا حصہ ہے۔ ان کا یہ مقالہ 20 اکتوبر 2025 کو شائع ہوا ہے، جس کا عنوان "Multiscale Structural and Crystallographic Characterisation of Pigeon Eggshells and Membranes as an Evolutionary Model for Biomimetic Applications" ہے۔

مانو کی اسکالر جویریہ ارم کی یہ تحقیق یونیورسٹی آف حیدرآباد کے اشتراک سے عمل میں آئی، جس میں پہلی بار ٹیراہرٹز اسپیکٹروسکوپی کو ایک غیر مداخلتی تشخیصی آلے کے طور پر استعمال کیا گیا تاکہ عازلیت کی خصوصیات کی بنیاد پر تولیدی اور غیر تولیدی انڈوں میں فرق کیا جاسکے۔ یہ تحقیق پولٹری انڈسٹری میں معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔ جویریہ ارم کی اس تحقیق کے لیے پروفیسر علیم باشا، ڈین، اسکول آف سائنسز، اردو یونیورسٹی کے علاوہ ڈاکٹر کلیم جلیلی، نظام کالج (عثمانیہ یونیورسٹی) اور پروفیسر رفیق ابوتراب، صدر شعبۂ فزکس، مانو کی سرپرستی حاصل ہے۔

مانو کے طالب علم کو امریکی یونیورسٹی میں 3 کروڑ کی فیلوشپ

شعبۂ مینجمنٹ و کامرس کے سابق طالب علم الطاف حسین کو امریکی ریاست ورجینیا کی ولیم اینڈ میری یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی فیلوشپ کے لیے فروری 2026 میں منتخب کرلیا گیا۔ اس فیلوشپ کے تحت الطاف حسین کو تعلیم اور تحقیق کے علاوہ اقامتی اور سفری اخراجات بھی دیئے جارہے ہیں۔ الطاف حسین نے 2022-24 میں اردو یونیورسٹی کے



شعبۂ مینجمنٹ و کامرس سے ایم کام کیا تھا۔ اب انہیں والٹر جے زیبل گریجویٹ امریکن فیلوشپ سے نوازا گیا۔ جس کے تحت تقریباً 3 کروڑ روپے کی فیلوشپ ملے گی۔ وہ اس تاریخی ادارے میں اکنامک اینتھروپالوجی میں ڈاکٹریٹ کے لیے تحقیق کریں گے۔ ولیم اینڈ میری امریکہ کی دوسری قدیم ترین یونیورسٹی ہے۔

یادداشت مفاہمت

مانو اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ میں یادداشت مفاہمت

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) کے ساتھ 15/اکتوبر کو ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کیے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کہا کہ یہ ایک تاریخی معاہدہ ہے جس کے ذریعہ سے اردو یونیورسٹی سینکڑوں تشنگانِ علم کی پیاس بجھا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامع اور قابل رسائی تعلیم کا فروغ جہاں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا مقصد ہے وہیں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS)، نئی دہلی کے ساتھ آج کا یہ معاہدہ اس مقصد کے حصول کے لیے اٹھایا جانے والا ایک اہم قدم ہے۔



یادداشت مفاہمت کے پروگرام میں پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر اکھلیش مشرا، پروفیسر رضاء اللہ خان و دیگر

این آئی او ایس کے چیئرپرسن پروفیسر اکھلیش مشرا نے یادداشت مفاہمت کو خاص طور پر معنی خیز قرار دیا کیونکہ یہ ڈاکٹر اے پی جے کی یوم پیدائش کے موقع پر کی گئی۔ عبدالکلام، ہندوستان کے سابق صدر جمہوریہ، ایک بصیرت افروز سائنسدان اور جدید ہندوستان کے معمار تھے۔ پروفیسر مشرا نے آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم کے نام سے منسوب یونیورسٹی کے ساتھ اس معاہدہ کو اہم قرار دیا۔

رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ادارے مشترکہ مقاصد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے شاندار نتائج حاصل کرسکتے ہیں۔ پروفیسر محمد رضا اللہ خان نے خیر مقدم کیا۔

نیشنل سائنس فیئر میں مانو ماڈل اسکول کی طالبہ کی شاندار کامیابی



تمل ناڈو کے مسلم تعلیمی ادارہ جات کی تنظیم وایسوسی ایشنز کے زیر اہتمام چنئی میں 18 ویں نیشنل سائنس فیئر کا انعقاد نومبر میں عمل میں آیا۔

اس فیئر میں مانو ماڈل اسکول فلک نما، حیدرآباد کے جملہ 5 طلبہ نے اپنے ماڈلس کے ساتھ شرکت کی۔ ان کے منجملہ عائشہ فاطمہ متعلم گیارہویں جماعت نے لائف سائنسز زمرہ میں پہلا مقام حاصل کر کے اسکول، والدین اور شہر کا نام روشن کیا۔ ان کے تحقیقی پروجیکٹ کا عنوان "صحت منداور ذیابیطس افراد کے درمیان خون کے اجزاء، سیرم ایم ڈی اے کا تخمینہ" تھا۔ اس پروجیکٹ کو عائشہ فاطمہ نے اپنے استاد ڈاکٹر وسیم الدین ایم ڈی، پی جی ٹی بایوٹیکنالوجی، مانو ماڈل اسکول کی رہنمائی میں تیار کیا۔ اس طالبہ کو مومنٹو اور توصیفی اسناد مہمانانِ خصوصی ڈاکٹر کے عبدالحکیم (سائنٹسٹ G وڈپٹی ڈائرکٹر، اسرو، حیدرآباد) اور ڈاکٹر ولسن (ممبر سیکریٹری، TNCOST، حکومتِ تمل ناڈو) کے ہاتھوں پیش کیے گئے۔ مانو ماڈل اسکول کی عائشہ فاطمہ کے علاوہ مزید چار طلبہ رخسار (جماعت چہارم)، عامر شاہ (جماعت نہم) جبکہ گیارہویں جماعت کے مسکان فاطمہ اور شائستہ شامل ہیں۔ اس کامیابی پر اسکول کے پرنسپل ڈاکٹر کفیل احمد نے طالبہ کی کامیابی کو قابلِ فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی اسکول کے تعلیمی معیار، اساتذہ کی محنت اور طلبہ کی لگن کا ثمر ہے۔

تاریخ کے اسکالر کا کارنامہ۔ ماقبل تاریخ چٹانی مصوری کی دریافت

مطالعاتِ دکن کے ریسرچ اسکالر کونڈاویتی گوپی نے پلوانچا، بھدادری کوتاگوڑم میں چٹان پر بنی ہوئی قدیم مصوری کے نمونے دریافت کیے ہیں۔ دسمبر 2025 کو ملی



گوپی اپنی دریافت شدہ چٹان کے سامنے

اطلاع کے مطابق کونڈاویتی گوپی، اردو یونیورسٹی کے ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعاتِ دکن کے پی ایچ ڈی اسکالر ہیں۔ انہیں تلنگانہ میں خاص طور پر قبائلی اور جنگلاتی علاقوں میں ماقبل تاریخ اور میگلیتھک مقامات کو دریافت کرنے اور ان کی دستاویزی شکل دینے طویل تجربہ ہے۔ ڈائرکٹر پروفیسر سلمٰی احمد فاروقی کے مطابق، کونڈاویتی گوپی نے کتہ گوڑم علاقے میں تلاش کے دوران یہ اہم دریافت کی۔ وہ اس سے قبل اس خطے میں کئی میگالیتھک اور ماقبل تاریخی مقامات کو منظر عام پر لا چکے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ انہوں نے پہلے ملّا مودی گاؤں کے قریب اونگلنڈو چٹانوں پر مصوری کو دریافت کیا تھا اور اس موضوع پر راک آرٹ سوسائٹی آف انڈیا (RASI) کو ایک تحقیقی مقالہ بھی پیش کیا تھا۔

اردو یونیورسٹی کے 2 طلباء گروپ بی کے لیے منتخب

سی ایس ای ریسیڈنشیل کوچنگ اکیڈمی کے 2 طلبہ نے تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن (ٹی جی پی ایس سی) گروپ B سروسیس کے ستمبر 2025 میں امتحان میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے۔



Md. Nazeer



C V Vamshi Krishna

پروفیسر ایچ علیم باشا، ڈائرکٹر، اکیڈیمی کے مطابق، یہ منتخب طلبہ اب تلنگانہ کے مختلف سرکاری محکموں میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں، جو عوامی نظم ونسق کا حصہ ہوں گے۔ محمد نظیر کو اسسٹنٹ رجسٹرار کا عہدہ ملا ہے جب کہ چندوری وینکٹا کرشنا نائب تحصیلدار کا عہدہ پر فائز ہوئے ہیں۔

واضح رہے کہ گذشتہ دنوں گروپ I میں بھی مانو کی ریسڈنشیل کوچنگ اکیڈیمی کے 5 طلبہ کو کامیابی ملی تھی جن میں بنوات وناجا، گجارے سنگیتا، گنگاوت پون کلیان، متھیالہ راج شیکھر، آرمیری گولڈ شامل تھے۔

مانو کی اسکالر جھانسی کو آندھرا پردیش اردو اکیڈیمی کا باوقار ایوارڈ

شعبۂ اردو سے تعلق رکھنے والی مس ساتو پاٹی جھانسی کو اردو زبان کی ترویج وترقی میں نمایاں خدمات کے اعتراف کے طور پر اردو اکیڈمی آندھرا پردیش کی جانب سے نومبر 2025 میں باوقار 'اردو ایکسیلنس ایوارڈ' سے نوازا گیا ہے۔ یہ اعزاز ان کی علمی، لسانی اور سماجی خدمات کا روشن ثبوت ہے۔ یہ ایوارڈ قوم کے پہلے وزیر تعلیم، عظیم مجاہد آزادی اور دوراندیش مفکر مولانا ابوالکلام آزاد کی یوم پیدائش کے موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب میں پیش کیا گیا۔

جھانسی اس وقت شعبہ اردو میں پی ایچ ڈی کر رہی ہیں۔ ان کا پی ایچ ڈی میں داخلہ ستمبر 2023 میں ہوا اور وہ ڈاکٹر بی بی رضا خاتون کی نگرانی میں تحقیقی کام انجام دے رہی

اساتذہ، عملہ اور طلبہ نے مل کر دستور کی تمہید کو باآواز بلند پڑھا، جس سے اتحاد اور آئینی شعور کو فروغ ملا۔ شرکاء نے سرکاری آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے مختلف زبانوں میں مطالعہ اور کوئز میں حصہ لیا اور اسناد حاصل کیں۔

توسیعی لیکچر: پروفیسر انیس الرحمٰن نے ''نئی ادبی روایت کی طرف: ایک ذاتی مشاہدہ'' کے موضوع پر لیکچر دیا۔ انہوں نے بدلتی ہوئی ادبی روایات اور ہندوستان کی لسانی تنوع میں ترجمے کے کردار پر روشنی ڈالی۔

قومی سمپوزیم: یوم تاسیس کے موقع پر ایک روزہ قومی سمپوزیم منعقد کیا۔ اس میں ماہرین نے قومی تعلیمی پالیسی 2020 سے متعلق موضوعات جیسے تعلیمی نوآبادیاتی ذہنیت سے نجات، مادری زبانوں کا فروغ، کثیر لسانی تعلیم اور ہندوستانی علمی روایت پر گفتگو کی۔ مقررین نے اردو زبان اور نالندہ جیسے قدیم تعلیمی مراکز کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد نے کی۔

کانپور کا تعلیمی دورہ: 10 فروری 2026 کو کانپور کا ایک تعلیمی دورہ منعقد کیا۔ پی ایچ ڈی، ایم اے اور بی اے کے طلبہ نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔ اساتذہ کی رہنمائی میں اس دورے نے عملی تجربہ اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے۔

لکھنؤ ریزیڈنسی میموریل میوزیم کا دورہ: بی اے طلبہ کے لیے 16 مارچ کو لکھنؤ ریزیڈنسی میموریل میوزیم کا ایک تعلیمی دورہ منعقد کیا گیا۔ پروفیسر ہما یعقوب اور دیگر اساتذہ کی رہنمائی میں یہ دورہ طلبہ کو میوزیم، آرکائیوز اور تاریخی نوادرات کا عملی تجربہ فراہم کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا۔ طلبہ نے 1857 کی بغاوت سے متعلق مواد کا مطالعہ کیا۔

حصولیابیاں

مانو کے تین اساتذہ کو بین الاقوامی اعزاز

یونیورسٹی کے 3 اساتذہ کی عالمی سطح کے سرکردہ 2 فیصد سائنسدانوں کی فہرست میں


Dr. Mohammad Faizan


Prof. Muhammad Razq Abuturab


Prof. Salman A. Khan

شامل کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکہ کی اسٹانفورڈ یونیورسٹی کی جانب سے ایلسویئر بی وی میں شائع کردہ ''ممتاز بین الاقوامی سائنسدانوں کی فہرست'' میں مانو کے ان سائنسدانوں کو شامل کیا گیا ہے۔ جن میں پروفیسر سلمان احمد خان، کیمسٹری، پروفیسر رفیق ابوتراب، فزکس؛ ڈاکٹر محمد فیضان، اسسٹنٹ پروفیسر باٹنی شامل ہیں۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پروفیسر سلمان احمد خان اس فہرست میں سال 2020 سے ہی شامل ہیں۔ 31 کے ایچ انڈیکس کے ساتھ 3210 سے زیادہ حوالہ جات (Scopus) ان کے نام کے ساتھ ریزیوم میں شامل ہیں۔ پروفیسر خان کے 220 تحقیقی مقالے ایلسویئر، ویلی، اسپرنگر اور دیگر بین الاقوامی جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی 5 کتابیں ہیں اور کئی کتابوں میں ان کے ابواب بھی شامل ہیں۔ جبکہ ان کی نگرانی میں 5 طلبہ نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔

فزکس کے پروفیسر رفیق محمد ابوتراب بھی مسلسل 2020 سے سائنسدانوں کی اس فہرست میں شامل ہیں۔ ان کی تحقیق آپٹیکل انفارمیشن پروسیسنگ، آپٹیکل سگنل پروسیسنگ، آپٹیکل ٹرانسفارمز، آپٹیکل انفارمیشن سیکیورٹی، فوئیر آپٹکس، اور ڈیجیٹل ہولوگرافی پر مرکوز ہے۔ ان کے 39 مقالے بین الاقوامی جرائد میں شائع ہوئے ہیں اس کے علاوہ 37 پیئر ریویو جرنل 5 مقالے کانفرنس کی پروسیڈنگس میں شامل ہوئے اور 2 کتابوں میں ابواب شامل ہیں۔

مانو کی تیسری فیکلٹی ڈاکٹر محمد فیضان، اسسٹنٹ پروفیسر باٹنی کی ہے۔ جنہیں اس باوقار فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ان کے 4,300 سے زیادہ حوالہ جات موصول ہوئے ہیں، جس میں 30 کے ایچ-انڈیکس اور 59 کے i10-انڈیکس کے ساتھ انہوں نے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ ڈاکٹر فیضان کی 138 اشاعتوں میں حصہ داری ہے جس میں کتابیں، کتابی ابواب، اور تحقیقی مضامین شامل ہیں، اور دنیا بھر کے معروف سائنسی جرائد میں مقالے شامل ہیں۔

پروفیسر آمینہ تحسین کو کارنامہ حیات ایوارڈ

شعبۂ تعلیمات نسواں کی استاد پروفیسر آمینہ تحسین کو تلنگانہ اسٹیٹ اردو اکیڈمی کی جانب سے ان کی گراں قدر تعلیمی و تحقیقی خدمات کے اعتراف میں کارنامہ حیات ایوارڈ 2026 سے نوازا گیا۔ مزید برآں، ان کی تصنیف ''صنف کی تفہیم'' کو مرکز برائے آن لائن و فاصلاتی تعلیم نے بطور نصابی کتاب شائع کیا، جب کہ ان کی ایک اور کتاب ''گزرے دنوں کا خواب'' کی اشاعت بھی نومبر 2025 میں عمل میں آئی۔





شرمدان کے موقع پر اساتذہ اور طلبہ

میں ایک مقامی سول انجینئرنگ سائٹ کا دورہ کرنے کا موقع ملا۔ اس عملی تجربے نے طلبہ کو حقیقی تعمیراتی عمل اور تکنیکوں کا مشاہدہ کرنے کا موقع فراہم کیا، جس سے نظریاتی علم اور عملی اطلاق کے درمیان خلا کو پُر کرنے میں مدد ملی۔ دورے کے دوران انہوں نے تعمیراتی نظم ونسق، سائٹ پلاننگ، مواد کے استعمال اور حفاظتی اصولوں کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں بصیرت حاصل کی۔ جاری منصوبوں کے مشاہدے نے انہیں تعمیراتی شعبے کی پیچیدگیوں اور چیلنجوں کو سمجھنے میں مدد دی، جس سے ان کی مجموعی تعلیم میں اضافہ ہوا اور انہیں سول انجینئرنگ میں مستقبل کے پیشہ ورانہ کرداروں کے لیے تیار کیا۔

گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، ڈی جے ہالی، بنگلور کے ایس ایس ایل سی طلبہ کا مانو پالی ٹیکنک میں تعلیمی دورہ

19/جنوری 2026 کو گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، ڈی جے ہالی، بنگلور کے ایس ایل سی طلبہ نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) پالی ٹیکنک، بنگلور کا ایک یادگار تعلیمی دورہ کیا۔ اس پروگرام کا مقصد اردو اسکول کے طلبہ میں اعلیٰ تعلیم کے بارے میں شعور بیدار کرنا اور بہتر مستقبل کے لیے پیشہ ورانہ رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ یہ پروگرام پالی ٹیکنک کے اسٹاف کی جانب سے ترتیب دیا گیا اور پرنسپل کی نگرانی میں منعقد ہوا۔

پالی ٹیکنک نے اساتذہ اور طلبہ کا پُر جوش استقبال کیا اور فیکلٹی ممبران نے اسکول کے اسٹاف کو یادگاری تحائف پیش کیے۔ کیریئر گائیڈنس پر ایک تفصیلی لیکچر دیا گیا، جس میں ہمارے کالج میں دستیاب مختلف ڈپلومہ کورسز کی وضاحت کی گئی اور ان سے وابستہ مستقبل کے مواقع پر روشنی ڈالی گئی۔ اس کے علاوہ "ایکسپلور اینڈ اسپائر" کے موضوع پر ایک حوصلہ افزا لیکچر بھی پیش کیا گیا، جس میں امتحانی تیاری اور کامیابی کے مؤثر طریقے بیان کیے گئے۔

پروگرام کے بعد طلبہ نے تمام شعبہ جات اور متعلقہ لیبارٹریز کا دورہ کیا، جہاں انسٹرکٹرز نے لیب کی خصوصیات بیان کیں اور عملی تجربات شیئر کیے۔ اس پورے پروگرام کا مؤثر اور منظم انتظام پالی ٹیکنک کے اسٹاف نے کیا۔

ماہرِ مضمون کا لیکچر: جناب کے۔ نذیم، سی ای او کماتی گرین ٹیکنالوجیز اور مینجنگ ڈائریکٹر کماتی سولر پاور لمیٹڈ، بنگلور

3/مارچ 2026 کو، جناب کے۔ نذیم، سی ای او کماتی گرین ٹیکنالوجیز اور مینجنگ ڈائریکٹر کماتی سولر پاور لمیٹڈ، بنگلور نے "انٹرپرینیورشپ اور اسٹارٹ اپس" کے موضوع پر ایک مؤثر اور حوصلہ افزا لیکچر پیش کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کامیاب کاروبار کے آغاز اور اسے قائم رکھنے کے بنیادی اصولوں کو نہایت مؤثر انداز میں اجاگر کیا، اور خاص طور پر جدت، ثابت قدمی اور دور اندیش حکمتِ عملی پر زور دیا۔

لکھنؤ کیمپس

وائس چانسلر کا دورہ: پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے 19/اگست 2025 کو لکھنؤ سیٹلائٹ کیمپس میں خطاب کیا اور معیاری تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ پر زور دیا۔ انہوں نیاس موقع پر لائبریری کے ازسرِ نو تیار شدہ ریڈنگ روم اور کمپیوٹر لیب کا افتتاح بھی کیا۔ پروفیسر ہما یعقوب نے ان کا استقبال کیا جبکہ ڈاکٹر عمیر منظر نے پروگرام کی نظامت کی۔

نعتیہ مشاعرہ: 16/ستمبر 2025 کو عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ایک نعتیہ مشاعرہ منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر مولانا الیاس نعمانی ندوی نے سیرتِ نبویؐ پر خطاب کرتے ہوئے اخلاقی اقدار کو اجاگر کیا۔ مشاعرے کی صدارت ہارون شامی نے کی، جبکہ شعرا نے نعتیہ کلام پیش کیا۔

پرواز: ایک ثقافتی میلہ: 16/اکتوبر 2025 کو ثقافتی تقریب ''پرواز'' کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ نے مائم، گیت، اسکیٹس اور ایک ایکٹ ڈرامے کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ نمایاں پیشکشوں میں حب الوطنی اور طنزیہ مظاہرے کے ساتھ ایک روح پرور موسیقی پروگرام شامل تھا۔ یہ تقریب تخلیقی صلاحیت اور ٹیم ورک کی عکاس رہی۔

وجیلنس بیداری ہفتہ: 28/اکتوبر سے 2/نومبر 2025 تک یومِ بیداریِ احتساب منایا گیا، جس کے تحت دیانت داری اور مشترکہ ذمہ داری کے موضوع پر مضمون نویسی مقابلہ اور عہد برداری کی تقریب منعقد کی گئی۔ طلبہ نے بدعنوانی سے پاک معاشرے کے لیے ایمانداری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ایم ڈی سلیمان نے اول پوزیشن حاصل کی۔

یومِ آزاد تقاریب: ہفتہ بھر جاری رہنے والی ''یومِ آزاد 2025'' تقریبات 11 نومبر کو اختتام پذیر ہوئیں، جن میں مولانا ابوالکلام آزاد کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر ہما یعقوب نے کی۔ اس موقع پر طلبہ کے مقابلے منعقد ہوئے اور پروفیسر ایم اے فریدی نے ''خواندگی سے آگے تعلیم: مولانا آزاد کے ویژن کی تفہیم'' کے موضوع پر خطاب کیا۔ تقریب کا اختتام انعامات کی تقسیم اور کلماتِ تشکر پر ہوا۔

یومِ دستور: یومِ دستور جوش وخروش کے ساتھ سرکاری رہنما ہدایات کے مطابق منایا گیا۔

اور سیمینار کی اہمیت پر بھرپور روشنی ڈالی۔ پروفیسر رتن مالا آریہ، پروفیسر ایم۔ وناجا ڈین اسکول آف ایجوکیشن مانو حیدرآباد، ایم ڈبلو۔ انصاری سابق ڈی جی پی چھتیس گڑھ، ڈاکٹر عائشہ علی، مہمان خصوصی شمیم الدین سابق آئی اے ایس نے اس موضوع پر اپنے گراں قدر خیالات کا اظہار فرمایا اور بتایا کہ مستقبل اور نئے بھارت کی تعمیر پیشہ وارانہ اور ہنرمندانہ صلاحیت کے بغیر ممکن نہیں۔ حکومت ہند نے اس سمت میں کئی اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ آخر میں ڈاکٹر ذکی ممتاز نے اظہار تشکر کا فریضہ انجام دیا۔ افتتاحی سیشن کے بعد دوسرے مخصوص سیشن کا آغاز ہوا جس میں پروفیسر پی کھمبایت، پروفیسر حنا ارشد اور پروفیسر کہوشر مانے اپنے تجربات اور خیالات پیش کیے اور اس موضوع کے مثبت اثرات اور دوررس نتائج پر گفتگو فرمائی۔ اس موقع پر مہمانان گرامی، اساتذہ کرام اور کثیر تعداد میں طلبا اور طالبات موجود رہے۔ افتتاحی جلسہ کی نظامت کا فریضہ ڈاکٹر پروینی پنڈا گلے نے بحسن وخوبی انجام دیا۔

سی ٹی ای سری نگر



سی ٹی ای سری نگر کے اساتذہ اور سابق طلبہ المنائی میٹ کے دوران

1) 6 اگست 2025 کو مانوسی ٹی ای سرینگر نے ایک تعلیمی دورے کا انعقاد کیا۔ جس کے تحت سی ٹی ای کے طلبہ کو سرینگر میں منعقدہ چنار بک فیسٹول 2025 میں شرکت کے لئے بھیجا گیا۔ سبھی طلبہ نے جوش وخروش سے اپنے اساتذہ کی قیادت میں اور پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل کی ہدایات پر اس کتاب میلہ میں شرکت کی۔

2) 8 ستمبر 2025 کو مانوسی ٹی ای سرینگر میں یوم اساتذہ منایا گیا، جس میں کالج سے وابستہ طالب علم، اساتذہ اور غیر تدریسی عملے نے پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل کی قیادت پر عزم کے طریقے پر چلتے ہوئے اس پروگرام کو کامیاب بنایا۔

3) سوچھتا ابھیان 5.0 مہم کے تحت مانوسی ٹی ای سرینگر نے ایک ہفتے پر مشتمل صفائی مہم یکم سے 10 اکتوبر تک منعقد کیا۔ پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل نے مشعل راہ بن کر اس ایک ہفتہ پروگرام میں طالب علموں، دیگر اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ کے ہمراہ اس کارآمد مہم کو انسانی زندگی کا اہم جز قرار دیا۔

4) ویجیلینس اویرنیس ہفتہ 2025 کا انعقاد مانو حیدرآباد کی ہدایات کے مطابق سی ٹی ای سرینگر میں 27 اکتوبر تا 2 نومبر منعقد کیا گیا، جس میں پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل کی قیادت میں بدعنوانی سے پاک دفاتر و ماحول سے متعلق آگاہی اور اس سے بچنے کی تدابیر کو عملی جامہ پہنایا گیا۔

5) مانو کی سب سے اہم تقریب یوم آزادکا انعقاد 3 نومبر سے 11 نومبر 2025 تک کیا گیا۔ اس نوروزہ تقریب میں بھی شرکاء نے بہت ہی جوش وخروش سے اپنا تعاون پیش کیا۔ پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل نے اس تقریب میں اپنی عملی اور علمی کاوشوں کے ذریعے تمام شرکاء کو محظوظ کیا۔

6) یوم آئین ہند کے طور پر 26 اکتوبر کو مانوسی ٹی ای سرینگر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل نے بشمول تدریسی و غیر تدریسی عملہ اور طلبہ کو اس بات کی تلقین کی گئی کہ آئین ہند ہی ہماری بقا کی ضامن ہے، جس سے ہم بطور ایک عزت دار شہری اس ملک میں زندگی گزار سکتے ہیں۔

مانوسی ٹی ای سرینگر نے اپنی نوعیت کے پہلے پروگرام میں اس کالج سے فارغ شدہ طلبہ کی ایک تقریب 23 دسمبر کو منعقد کی۔ یہ تقریب آن لائن وآف لائن موڈ پر منعقد کی گئی، جس میں مانوسی ٹی ای سرینگر سے فارغ شدہ طلبہ نے اپنی تعلیمی و پیشہ ورانہ زندگی سے متعلق تجربات کا اظہار کیا اور بالخصوص سی ٹی ای سرینگر سے منسلک یادگاریں اس محفل میں دہرائی۔ پرنسپل سی ٹی ای سرینگر، ڈاکٹر محمد شکیل نے اس تقریب کا انعقاد کر کے کالج سے متعلق وادی کشمیر کے مختلف اضلاع میں مانو کی پہچان کو دوبالا کر دیا۔

پالی ٹیکنک بنگلور

سواچھتا ہی سیوا کے تحت شرم دان سرگرمی

ستمبر 2025 کو، ملک گیر مہم "شرمدان – ایک دن، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ" کے تحت، مانو پالی ٹیکنک، بنگلور میں صفائی مہم کا انعقاد کیا گیا۔ تمام طلبہ واساتذہ کو ایک صفائی مہم میں شرکت کی ترغیب دی گئی۔

مقررہ دن اساتذہ، اسٹاف اور طلبہ پالی ٹیکنک کے احاطے میں جمع ہوئے، جہاں مہم کے مقاصد بیان کیے گئے اور خاص طور پر "ایک دن، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ" کے جذبے پر زور دیا گیا۔ بعد ازاں شرکاء نے کیمپس میں منظم اور مربوط انداز میں صفائی مہم انجام دی۔ یہ پروگرام جوش وجذبے اور نظم وضبط کے ساتھ منعقد ہوا، جس نے ملک گیر تحریک کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کی اور صفائی برقرار رکھنے کی اجتماعی ذمہ داری کو مزید مستحکم کیا۔

پروگرام اختتام پذیر ہوا، تب کیمپس نمایاں طور پر صاف نظر آرہا تھا اور شرکاء خدمت اور اتحاد کے مضبوط احساس کے ساتھ واپس ہوئے۔

سول انجینئرنگ طلبہ کے لیے صنعتی دورہ

21 جنوری 2026 کو، سول انجینئرنگ کے چوتھے اور چھٹے سمسٹر کے طلبہ کو بنگلور



پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر فیض احمد، پروفیسر محمد شاہد اور پروفیسر عبدالواحد ودیگر

سی ٹی ای دربھنگہ

وائس چانسلر و رجسٹرار کا دربھنگہ کیمپس کا دورہ

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور تکنیکی ٹیم نے مارچ میں دربھنگہ کیمپس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ یونیورسٹی دربھنگہ کیمپس میں بی ٹیک کے آغاز کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کرے گی۔ اس دورے کے موقع پر دربھنگہ کیمپس میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے ایک کثیر المقاصد آڈیٹوریم کی تعمیر کے حوالے سے بھی وائس چانسلر نے آمادگی کا اظہار کیا۔

رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے دربھنگہ کیمپس کو بے پناہ صلاحیتوں سے بھرپور ایک متحرک کیمپس قرار دیا۔ انہوں نے کیمپس میں جاری کورسز جیسے بی اے، ایل ایل ایم، بی ایڈ، ایم ایڈ اور پی ایچ ڈی کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال این سی ٹی ای کی منظوری کے ساتھ آئی ٹی ای پی پروگرام شروع ہو رہا ہے۔

ابتداء میں پروفیسر فیض احمد، پرنسپل سی ٹی ای دربھنگہ نے استقبالیہ خطاب پیش کیا۔ انہوں نے وائس چانسلر کا ضروری سہولیات فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ ان سہولیات میں بس سروس، وائی فائی اور انکیوبیشن سنٹر اور کمپیوٹر لیب شامل ہیں۔ انہوں نے کیمپس میں بی اے اور ایل ایل ایم کورسز شروع کرنے پر بھی دلی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ این سی ٹی ای نے 27-2026 کے تعلیمی سیشن سے دربھنگہ کیمپس میں اساتذہ کی تعلیم کے لیے آئی ٹی ای پی کورسز کی منظوری دے دی ہے۔

پروگرام کے دوران دو کتابوں کی باضابطہ رونمائی بھی کی گئی۔ دربھنگہ کے کالج آف ٹیچر ایجوکیشن کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر آفتاب عالم نے تعلیم کے عصری مسائل اور تقاضے کے عنوان سے ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ جبکہ ڈاکٹر راغب بابر نے ریاضی کی تدریسیات کے عنوان سے ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ اس کے بعد مانو ماڈل اسکول کے طلبہ نے وائس چانسلر اور رجسٹرار کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

اسکول آف ٹیکنالوجی کے ڈین پروفیسر عبدالواحد، پروفیسر محمد شاہد، ڈین اکیڈمکس، انجینئرنگ سیکشن کے انچارج ڈاکٹر اقبال خان اور عبدالحفیظ بھی اس دورے میں شامل تھے۔ پروگرام کا آغاز طلبہ کی جانب سے تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا۔

شام کے وقت کیمپس میں مشاعرہ منعقد ہوا۔ دربھنگہ کے کئی شعراء نے اس مشاعرے میں شرکت کی۔ وائس چانسلر نے بھی اس نشست میں اپنا کلام پیش کیا۔ سابق مرکزی وزیر اور رکن پارلیمان جناب محمد علی اشرف فاطمی اور سابق رکن بہار اسمبلی جناب فراز فاطمی نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔

تدریسیات برائے مستقبل کے موضوع پر توسیعی خطبہ

کالج آف ٹیچر ایجوکیشن دربھنگہ میں ''تدریسیات برائے مستقبل'' کے موضوع پر ایک اہم اور معلوماتی توسیعی لیکچر کا دسمبر کی ابتداء میں انعقاد عمل میں آیا۔ اس خصوصی لیکچر کی مقرر پروفیسر ایم وناجا، ڈین، اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، حیدرآباد تھیں۔ اپنے کلیدی خطاب میں پروفیسر وناجا نے ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کی تیز رفتار ترقی کو تعلیم میں ایک انقلاب قرار دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل کے معلم کے لیے لازم ہے کہ وہ جدید ڈیجیٹل وسائل اور سمارٹ ذرائع سے بخوبی واقف ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ نئی ٹیکنالوجی نصاب سازی، تدریسی انداز، طلبہ کی جانچ اور تعلیمی شمولیت کے ساتھ ساتھ پورے تعلیمی نظام کو نئے خطوط پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ مہمانِ خصوصی کا استقبال پروفیسر محمد فیض احمد، پرنسپل نے کیا۔ ڈاکٹر بیگ منتجب علی نے استقبالیہ کلمات پیش کیے۔ پروگرام کی نظامت ڈاکٹر محمد افروز عالم نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دی، جبکہ نشست کی صدارت پروفیسر ایڈم پال پیٹی نے کی۔ انہوں نے مستقبل کی تدریسی اصلاحات اور جدید اختراعات کو اساتذہ کی تربیت کا لازمی حصہ بنانے کی کوششوں کو سراہا۔ ڈاکٹر محمد کلیم اللہ کے اظہارِ تشکر کے بعد قومی ترانہ پر علمی تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

سی ٹی ای بھوپال

آتم نربھر بھارت کے لیے نوجوانوں کو باختیار بنانے میں مہارت پر مبنی تعلیم کا کردار۔ سیمینار

سی ٹی ای بھوپال میں "آتم نربھر بھارت کے لیے نوجوانوں کو باختیار بنانے میں مہارت پر مبنی تعلیم کا کردار" کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار فروری میں منعقد ہوا۔ سیمینار کا آغاز بی ایڈ طالب علم عبداللہ کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ موضوع کا تعارف، مہمانوں کا استقبال اور افتتاحی کلمات ڈاکٹر اندرجیت دتا نے پیش کیا۔ جبکہ پروفیسر نوشاد حسین پرنسپل مانو، سی ٹی ای بھوپال نے سیمینار کا تعارف، اغراض و مقاصد

پرائیویٹ لمیٹڈ) نے بطور ماہرِ فن شرکت کی۔ اس عملی سیشن نے طالبات کی سائبر خطرات سے متعلق سمجھ بوجھ میں اضافہ کیا اور ذمہ دارانہ ڈیجیٹل طرزِ عمل کو فروغ دیا۔

15 سے 26 جنوری 2026 تک نظامتِ جسمانی تعلیم و کھیل کود کے اشتراک سے "مانو انٹر-گرلز ہاسٹلز اسپورٹس، ثقافتی اور ادبی مقابلوں" کا انعقاد کیا گیا، جس میں 24 مختلف ایونٹس میں طالبات نے پرجوش شرکت کی۔ ان مقابلوں کا افتتاح معزز وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کیا، جبکہ سرگرمیوں کا آغاز 100 میٹر کی دوڑ سے ہوا۔ 13 فروری کو منعقدہ تقسیمِ انعامات کی تقریب میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر پروفیسر سید عین الحسن بطور مہمانِ خصوصی اور محترمہ عرشیہ حسن (صدر، مانو انجمنِ خواتین) مہمانِ اعزازی تھیں۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر نے شرکاء کو مبارکباد دی اور پرووسٹ، وارڈنز اور کوآرڈینیٹرز کی ستائش کی اور کردار سازی اور قیادت میں ہم نصابی سرگرمیوں کے کردار کو اجاگر کیا۔ ہاسٹل سیکرٹریز کو بھی ان کی خدمات کے اعتراف میں اسناد دی گئیں۔ اس تقریب کی کنوینر ڈاکٹر ثمینہ باسو تھیں، جبکہ ڈاکٹر فردوس تبسم، ڈاکٹر محسنہ انجم انصاری اور ڈاکٹر واجدہ عشرت نے مقابلوں کی کوآرڈینیشن کے فرائض انجام دیے۔

31 جنوری 2026 کو ماہرِ غذائیت محترمہ سندھیا مہاور نے "متوازن غذا اور صحت مند زندگی" پر ایک سیشن منعقد کیا، جس میں صحت بخش غذا اور پائیدار طرزِ زندگی کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

"نشہ مکت بھارت ابھیان" (3 دسمبر 2025 تا 20 مارچ 2026) کے تحت منشیات سے پاک زندگی کے فروغ کے لیے مختلف سرگرمیاں مثلاً حلف برداری، دستخطی مہم اور پوسٹر مہمات چلائی گئیں۔ اس سلسلے میں 7 فروری 2026 کو "نشہ سے پاک زندگی" پر ایک آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں ڈاکٹر دیویکا رانی (کنسلٹنٹ، فیملی ری ہیب سروسز) نے منشیات کے مضر اثرات پر روشنی ڈالی۔

28 فروری 2026 کو "آشا جیوتی ری ہیبلیٹیشن سینٹر"، ہلکرم کا ایک تعلیمی دورہ منظم کیا گیا جہاں طالبات نے کونسلنگ سیشنز کا مشاہدہ کیا اور زیرِ علاج افراد سے گفتگو کی، جس سے ان میں ہمدردی اور سماجی حقائق کا گہرا ادراک پیدا ہوا۔

عالمی یومِ خواتین کے موقع پر 8 مارچ کو آئی سی سی کے تعاون سے "عالمی یومِ خواتین: تاریخ، اہمیت اور بامقصد مشاہدہ" پر ایک توسیعی خطبے کا اہتمام کیا۔ محترمہ تیجسوی مدبھوشی (سی ای او، یوگانتر) نے معاصر معاشرے میں خواتین کی خودمختاری پر خطاب کیا۔

9 مارچ کو طالبات نے حیدرآباد کی این جی او "صفا" کا دورہ کیا، جو پسماندہ طبقات کی مہارتوں میں اضافے اور روزگار کے لیے کام کرتی ہے۔ طالبات نے یہاں سماجی شمولیت اور خواتین کی معاشی خودمختاری کے حوالے سے قیمتی تجربات حاصل کیے۔ 25 مارچ کو اولڈ ایج ہوم "جوائے فاؤنڈیشن سوسائٹی"، مادھاپور کا دورہ کیا گیا۔

آف کیمپسیس: سی ٹی ای چھترپتی سمبھاجی نگر (اورنگ آباد)

مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، سی، ایس، این، (اورنگ آباد) میں تعلیمی سیشن 26-2025 کا کامیابی کے ساتھ انعقاد ہوا جس میں خصوصی طور پر طلباء و طالبات کے تعلیمی معیار اور ہمہ جہت ترقی پر توجہ دی گئی۔ سیشن کا آغاز اسٹوڈنٹ انڈکشن پروگرام سے ہوا جس کا انعقاد 28 جولائی سے 2 اگست تک کیا گیا۔ (SIP) میں سافٹ اسکلز ٹریننگ، ذہنی صحت و آگاہی سے متعلق نشستیں، ثقافتی پروگرام اور شجرکاری مہم جیسی سرگرمیاں شامل تھیں جو ادارے کی پرنسپل ڈاکٹر خان شہناز بانو کی رہنمائی میں انجام پائی۔ ادارے نے سمسٹر سوم کے طلباء و طالبات کے لیے یکم اگست سے 25 ستمبر 2025 تک منعقد کیا اور اسی دوران طلباء کی (SITP) کے لیے اسکول انٹرن شپ اینڈ ٹیچنگ پریکٹس ورکشاپ بھی منظم کیا۔ 15 اگست 2025 کو یوم آزادی کا جشن پورے جوش و خروش سے منایا۔ پرنسپل صاحبہ نے تدریسی اور غیر تدریسی عملہ، طلبہ کی موجودگی میں پرچم کشائی کی جس کے بعد ثقافتی سرگرمیاں منعقد کی گئیں۔

اہم تقریبات جیسے یوم اساتذہ بھرپور جوش کے ساتھ منایا گیا اور ہندی دیوس (15 تا 17 ستمبر 2025) کے تحت کی گئی سرگرمیوں کے ذریعے لسانی شعور کو فروغ دیا گیا۔ 19 ستمبر 2025 کو مانو حیدرآباد کی جانب سے منعقد سیرت کوئز مقابلے میں سمسٹر سوم کے طالب علم حامد رضا نے نمایاں مقام حاصل کیا۔ 16 اگست 2025 کو سوچھتا ہی سیوا مہم 5.0 کے تحت پوسٹر سازی کا مقابلہ ہوا۔ اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کی غرض سے (27 اکتوبر تا 2 نومبر 2025) وتجلنس آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء نے آن لائن کوئز، مضمون نویسی اور آگاہی پر مبنی مباحثوں میں فعال شرکت کی اس میں سمسٹر اول کے طالب علم توقیر نے کیمپس سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ہفتہ بھر جاری رہنے والا پروگرام جشن یوم آزاد کے دوران ادبی۔ ثقافتی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ 11 نومبر 2025 کو ثقافتی تقریب اور تقسیم انعامات کے ساتھ اس کا اختتام ہوا۔ 26 اگست 2025 کو شاہین گروپ کے تعاون سے منعقد کردہ پلیسمنٹ ڈرائیو نے طلبا و طالبات کو ملازمت کے مواقع فراہم کیے۔ ادارے نے تدریسی عملے کی کامیابیوں کو بھی سراہا جن میں پرنسپل ڈاکٹر خان شہناز بانو کو پیٹنٹ کا اعزاز ملنا، ڈاکٹر سیدہ ہاجرہ نوشین کو تعلیم میں پی ایچ ڈی کا حصول اور ڈاکٹر رانا سعید کی کتاب کی اشاعت شامل ہیں۔





این ای پی سارتھی کے تحت طلبہ نکڑ ناٹک پیش کرتے ہوئے

نے تدریسی تناظر میں IKS کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے اس کے انضمام کو ایک ہمہ گیر اور اختراعی تدریسی عمل کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ اس مباحثے نے اس امر کو نمایاں کیا کہ روایتی دانش اور جدید علمی نظام کے مابین ایک بامعنی ربط قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس پروگرام میں طلبہ اور اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، جبکہ مہمانوں کا خیر مقدم پروفیسر علیم اشرف جائسی نے کیا اور پروگرام کی نگرانی پروفیسر سمیع صدیقی نے انجام دی۔

علمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تخلیقی اظہار کو بھی فروغ دیا گیا، جس کے تحت 18 ستمبر 2025 کو NEP 2020 کے موضوع پر ایک پوسٹر سازی مقابلہ منعقد کیا گیا۔ یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے طلبہ نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے پالیسی کے مقاصد اور ویژن کو مؤثر انداز میں پیش کیا۔ ان کے فن پاروں میں جدت، فکری گہرائی اور تعلیمی شعور کا حسین امتزاج نمایاں تھا۔ مقابلے کا جائزہ اساتذہ پر مشتمل ایک جیوری نے لیا، جس نے تخلیقی معیار، موضوع سے مطابقت اور انفرادیت کی بنیاد پر نتائج مرتب کیے۔ نغمہ نگار نے پہلی، اریبہ علی نے دوسری جبکہ اقصیٰ اولیو نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ تقسیمِ انعامات کی تقریب میں ڈاکٹر یوسف خان (پرنسپل پالی ٹیکنک)، پروفیسر سید امان عبید (CDOE) اور ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری (پی آر او، مانو) نے شرکت کی اور طلبہ کی تخلیقی کاوشوں کو سراہا۔ اس پروگرام کے انعقاد میں این ای پی سارتھی طلبہ اور اساتذہ — ڈاکٹر ریشما نکہت، محترمہ ہاجرہ، ڈاکٹر جرار احمد، ڈاکٹر کفیل احمد اور ڈاکٹر افروز ظہیر — نے بھرپور تعاون کیا۔

مانو گرلز ہاسٹل

ہر سال کی طرح رواں سال بھی یہاں متنوع پروگرام منعقد کیے گئے جس نے طالبات کی ہمہ جہت نشو و نما میں کلیدی کردار ادا کیا اور مقیم طالبات میں خود اعتمادی، تخلیقی صلاحیتوں اور سماجی ذمہ داری کے احساس کو جلا بخشی۔

تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ ہی ان پروگرامس کا آغاز ہو گیا، جن میں سب سے پہلے یکم راگست 2025 کو "دیکشارمبھ - ایس آئی پی 2025" کے تحت منعقدہ ایک سیشن "ہاسٹل کا دورہ اور باہمی گفتگو" منعقد ہوا۔

14 اکتوبر 2025 کو مرکز برائے مطالعاتِ خواتین، شعبہ سماجی کام، اور ابن سینا ہیلتھ سینٹر کے باہمی اشتراک سے "خواتین اور ذہنی صحت کی دیکھ بھال" پر ایک آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس سیشن کے کلیدی مقرر ڈاکٹر اعزاز خان (ڈائرکٹر ٹریننگ اینڈ انٹرونشنز، سنگت، بھوپال) تھے، جبکہ تقریب کا آغاز ڈاکٹر ثمینہ باسو (پرووسٹ، گرلز ہاسٹلز) کے استقبالیہ کلمات سے ہوا۔

18/اکتوبر 2025 کو منعقدہ "اوپن مائیک" ایونٹ نے طالبات کو عصری مسائل پر اپنے خیالات کے اظہار کے لیے ایک فعال پلیٹ فارم مہیا کیا، جس سے ان کی قوتِ بیانی، خود اعتمادی اور تخلیقی اظہار کو تقویت ملی۔ 25 اکتوبر 2025 کو ایک ثقافتی شام "احساسِ شام" کا اہتمام کیا گیا جس میں ہندوستان کے بھرپور ثقافتی تنوع کا جشن منایا گیا۔ مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والی مقیم طالبات نے اپنے روایتی ملبوسات، موسیقی اور فنکارانہ مظاہروں کے ذریعے "کثرت میں وحدت" کے تصور کو اجاگر کیا۔

اسی روز (25 اکتوبر 2025) انٹرنل کمپلینٹس کمیٹی کے اشتراک سے ایک شعور بیداری ورکشاپ بعنوان "باخبر رہیں، بااختیار بنیں، محفوظ رہیں" منعقد کی گئی۔ پروفیسر وی۔ ایس۔ سومی (چیئرپرسن، آئی سی سی) کی زیرِ نگرانی منعقدہ اس سیشن نے طالبات میں حفاظت، حقوق اور خودمختاری کے حوالے سے شعور بیدار کیا۔

8/دسمبر کو ہاسٹل کیئر ٹیکرز کے لیے ایک "تعارفی پروگرام" کا انعقاد کیا گیا تاکہ انتظامی کارکردگی اور طالبات کی امدادی خدمات کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ اس سیشن میں منظم رہنمائی اور ہاسٹل کے مؤثر انتظام کے کلیدی پہلوؤں کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

12 دسمبر 2025 کو "خواتین کی صحت اور صفائی کے راز" کے عنوان سے ایک انٹرایکٹو سیشن منعقد ہوا جس میں پی سی او ایس، پی سی او ڈی، دانتوں کی صفائی اور مجموعی تندرستی جیسے اہم مسائل پر گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر ارجمند آفاق (ماہرِ امراضِ نسواں)، ڈاکٹر حمیرہ فاطمہ اور ڈاکٹر شاہانہ (ابن سینا ہیلتھ سینٹر) نے طالبات کو عملی معلومات فراہم کیں اور انہیں صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب دی۔

29 دسمبر 2025 کو "سائبر سیکیورٹی: سائبر بلنگ اور ایتھیکل ہیکنگ" پر ایک ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں ڈاکٹر سارہ شطاری (ڈائریکٹر، کیبوٹیک سافٹ ویئر



انسٹیٹیوشن کے ڈائرکٹر ڈاکٹر عبدالقدیر نے اردو میڈیم کے طلبہ کو بااختیار بنانے کے لیے اردو یونیورسٹی کے اختراعی پروگراموں کی ستائش کی۔ رجسٹرار مانو پروفیسر اشتیاق احمد نے تعلیم میں فروغ کے لیے شاہین تعلیمی اداروں کی ستائش کی اور کہا کہ یہ ادارے سماج کے پچھڑے ہوئے طبقات کو اعلیٰ اور عصری تعلیم فراہم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ جس سے پچھڑے طبقات کو اعلیٰ تعلیم کے ثمرات ملنے کی امید ہے۔ مدارس کے طلبہ کو اصل تعلیمی دھارے سے جوڑنے اس اختراعی پروگرام کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر محمد رضاء اللہ خان، ڈائرکٹر فاصلاتی و آن لائن تعلیم نے کہا کہ مدارس کے طلبہ کو عصری تعلیم کے دھارے سے جوڑنے والا یہ پروگرام 6 مہینے کے دورانیے پر مشتمل ہے۔ ان کے مطابق ''ابتداء میں یہ پروگرام مدارس کے 100 طلبہ کے ساتھ شاہین گروپ کے اشتراک سے شروع کیا جارہا ہے۔ جسے آگے چل کر ملک گیر سطح پر فروغ دیا جائے گا اور ہزاروں مدارس مستقبل میں اس پروگرام کا حصہ بنیں گے۔'' قبل ازیں پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین اسکول آف لینگویجس نے انگریزی کی ترسیلی مہارت کی اعلیٰ تعلیم کے میدان میں اور تعلیمی ترقی کے حوالے سے ضرورت کو اجاگر کیا۔ مدارس کے طلبہ کو جوڑنے کے اس اختراعی پروگرام کی افتتاحی تقریب میں 'انگلش فار بیگنرس' نامی کتاب کی رسم اجراء بھی انجام دی گئی۔ اس کتاب کو پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی اور محترمہ عصمت فاطمہ نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے۔

سوچھتا ہی سیوا کے تحت پینٹنگ مقابلے کا انعقاد

فائن آرٹس کلب کے تحت ستمبر میں کلچرل ایکٹیویٹی سنٹر پر "سوچھتا ابھیان مہم" کی تھیم پر ایک پینٹنگ کے مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس مقابلے میں کثیر تعداد میں طلبہ و طالبات نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا، جس نے ثقافتی سرگرمیوں میں نئی روح پھونکی۔

پینٹنگ کے اس مقابلے میں ڈاکٹر قسیم اللہ، ڈاکٹر عائشہ عظمی، محترمہ ذیشان سارا، ڈاکٹر افروز ظہیر اور جناب حبیب احمد نے ججز کے فرائض انجام دیے۔ جج صاحبان نے طلبہ کی شاندار تخلیقات کا جائزہ لیتے ہوئے بہترین پینٹنگز کا انتخاب کیا۔

ڈاکٹر جرار احمد، صدر، یونیورسٹی فائن آرٹس کلب کے مطابق علیزہ اسلم آئی ٹیپ نے پہلا مقام، مسکان بیگم نے دوسرا، حلیمہ خاتون اور روزی تبسم ڈی ایل ایڈ نے تیسرا مقام حاصل کیا۔

محترمہ نسرین احمد، منٹور، یونیورسٹی فائن آرٹس کلب نے تمام مہمانان، ججز کا شکریہ ادا کیا اور طلبہ کی کاوشوں کو سراہا۔ محمد الطاف سکریٹری اور عرشی ناز جوائنٹ سکریٹری فائن آرٹس کلب نے انصرام و انتظام کی ذمہ داری بحسن و خوبی ادا کی۔ اس موقع پر محمد غفران



پینٹنگ مقابلے میں کامیاب طلبہ، ججس اور کوآرڈینیٹرس

برکاتی اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ تعلیم و تربیت، ڈاکٹر محمد ارشد، معصوم علی، ام ہانی پی ایچ ڈی، ساقم بختاور علی انصاری، محمد عدنان، عمر عبداللہ کے علاوہ طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بھگت سنگھ کی یاد میں پروگرام ''رنگ دے بسنتی چولا'' کا انعقاد

یونیورسٹی لٹریری کلب، ثقافتی سرگرمی مرکز، ڈین بہبودیِ طلبہ کی جانب سے شہیدِ اعظم بھگت سنگھ کے یومِ ولادت 27 ستمبر کے موقع پر ایک پروقار پروگرام بہ عنوان ''رنگ دے بسنتی چولا'' کا انعقاد کیا گیا۔

پروفیسر علاء الدین خان، صدر شعبۂ تاریخ، شبلی نیشنل کالج، اعظم گڑھ، پروگرام میں مہمانِ خصوصی تھے۔ یہ پروگرام یونیورسٹی لٹریری کلب کے صدر اور ڈپٹی ڈین بہبودیِ طلبہ ڈاکٹر فیروز عالم کی نگرانی میں مکمل ہوا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کلچرل کوآرڈینٹر جناب معراج احمد نے انتظامی امور کی ذمہ داری سنبھالی۔ میوزیم کیوریٹر جناب حبیب احمد نے تکنیکی تعاون فراہم کیا۔

این ای پی ساتھی

این ای پی ساتھی اقدام، جو وزارتِ تعلیم کے تحت شروع کیا گیا ہے، اعلیٰ تعلیمی اداروں میں قومی تعلیمی پالیسی (NEP) 2020 کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ کی رہنمائی، ادارہ جاتی پیش رفت کی نگرانی، اور تعلیمی نتائج کو ہمہ جہت انداز میں فروغ دینا ہے تاکہ وہ NEP 2020 کے بنیادی مقاصد سے ہم آہنگ رہیں۔

اس عرصے کی ایک نمایاں علمی سرگرمی "ہندوستانی نظامِ علم (IKS): بین الکلیاتی تناظر" کے عنوان سے ایک پینل مباحثہ تھا، جو کلچرل ایکٹیویٹی سنٹر میں منعقد ہوا۔ اس مجلس میں ممتاز اہلِ علم و دانش نے شرکت کی اور IKS کے مفہوم، اس کی عصری معنویت اور مختلف علوم میں اس کے اطلاق پر بصیرت افروز گفتگو کی۔ ڈاکٹر رشبھ دیو شرما نے ہندوستانی فکری روایت کے ادبی اور ثقافتی پہلوؤں کو اجاگر کیا، جبکہ پروفیسر اے۔ رامولو نے سنسکرت متون کی روشنی میں اس کی فلسفیانہ بنیادوں پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر شاہین شیخ

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم

مانو کا ڈسٹنس موڈ میں ایم بی اے پروگرام

سنٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن کے دوروزہ دوروزہ ورکشاپ واوریئنٹیشن پروگرام کا 12 اور 13/ جنوری کو انعقاد عمل میں آیا۔ یہ پروگرام ریجنل ڈائرکٹرز، اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹرز اور لرنر سپورٹ سینٹر کوآرڈینیٹرز کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔

افتتاحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ یونیورسٹی کی جانب سے فاصلاتی طرز پر شروع کردہ ایم بی اے کا دوسالہ کورس پورے ملک میں اپنے نوعیت کا منفرد اور بہترین پروگرام ہے۔ جس کے لیے یونیورسٹی کو جاریہ سال سے منظوری مل چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مانو سے ڈسٹنس موڈ میں ایم بی اے کرنے کے بعد ایک طالب علم نہ صرف روزگار سے منسلک ہوسکتا ہے بلکہ آگے کسی بھی ادارے سے تعلیم حاصل کرسکتا ہے۔

دوروزہ ورکشاپ کی افتتاحی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے پروفیسر گھنشہ رمیش نے شرکت کی۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں ڈائرکٹر، سی ڈی اوای پروفیسر رضاء اللہ خان نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ پروفیسر رضاء اللہ خان کے مطابق مانو کے ڈسٹنس کورسز کے ذریعے جب چار سالہ ڈگری کورس کا آغاز کیا گیا تو اس کی بدولت ملک کی کئی ریاستوں میں نئی قومی تعلیمی پالیسی کا آغاز عمل میں آگیا۔

ریجنل سینٹر بھوپال



سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن، ریجنل سینٹر بھوپال نے جون 2025 سے مارچ 2026 کے دوران کئی تعلیمی سرگرمیوں، بشمول توسیعی لیکچرز، کا کامیابی سے انعقاد کیا۔ ان میں "انڈر سٹینڈنگ مانیٹری سسٹم" کے موضوع پر ایک توسیعی لیکچر (16 جنوری 2026) بھی شامل ہے۔ اس پروگرام کا مقصد طلبہ اور سیکھنے والوں میں مالیاتی نظام اور مالی خواندگی کے حوالے سے بیداری پیدا کرنا تھا۔ اختتامی خطاب میں ڈاکٹر محمد احسن، ریجنل ڈائریکٹر، مانو ریجنل سینٹر بھوپال نے یونیورسٹی کی تعلیمی کامیابیوں اور فاصلاتی تعلیم کے ذریعے سماج کے محروم طبقات تک تعلیم کی رسائی پر روشنی ڈالی۔

اس کے علاوہ ماہر عروض، استاد، شاعر، ناول نگار اور محقق ڈاکٹر محمد اعظم کا ایک خصوصی لیکچر بھی (16 فروری 2026) کو منعقد کیا گیا۔

ڈی ایس ڈبلیو

مانو میں ثقافتی سرگرمی مرکز پر رنگولی مقابلہ کا کامیاب انعقاد



یوم آزادی کے سلسلے میں ڈین بہبودی طلبہ کی جانب سے ثقافتی سرگرمی مرکز میں "ہر گھر ترنگا" مہم کے تحت رنگولی مقابلہ منعقد ہوا۔ مقابلے میں طلباء و طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ پہلا مقام ایم اے (جے ایم سی) کے طلبہ محمد الطاف عالم، صالحہ وسیم اور عرشی ناز نے، جبکہ دوسرا مقام ڈی ایل ایڈ کے طلبہ افضل انصاری، شاہد رضا اور محمد دلنواز شریف نے حاصل کیا۔ تیسرا مقام ڈی ایل ایڈ کی طالبات عائشہ خاتون، مسکان بیگم اور عالیہ خاتون نے اپنے نام کیا۔ ڈاکٹر جرار احمد (صدر، فائن آرٹس کلب) اور محترمہ نسرین احمد (منظور فائن آرٹس کلب) کی نگرانی میں منعقد ہونے والے اس مقابلے میں شرکاء نے قومی علامات اور ثقافتی روایات کو رنگولی کے ذریعے فنکارانہ انداز میں پیش کیا۔ جناب عامر بدر (نائب صدر، انجمن طلبہ قدیم مانو)، جناب وجیہہ الشمس اور دیگر کی موجودگی نے پروگرام کی رونق میں اضافہ کیا۔

مدارس کے طلبہ کے لیے ترسیلی مہارت پروگرام کا آغاز

یونیورسٹی میں 21/ اگست کو مدارس کے طلبہ کے لیے ترسیلی مہارت کے ایک خصوصی پروگرام کا افتتاح انجام دیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد مدارس کے طلبہ کو ترسیلی مہارت فراہم کرتے ہوئے انہیں اصل تعلیمی دھارے سے جوڑنا ہے۔

پروگرام کی افتتاحی تقریب کو مخاطب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ اردو یونیورسٹی اب ان لوگوں تک تعلیمی رسائی کو ممکن بنانے کے لیے کام کر رہی ہے جو تعلیمی سفر میں ابھی تک ناقابل رسائی سمجھے جاتے تھے۔ شاہین گروپ آف



جناب پروین گلڈ اخطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، جناب رضوان احمد اور جناب محمد مجاہد علی دیکھے جاسکتے ہیں۔

رجسٹرار مانو پروفیسر اشتیاق احمد نے فلم فیسٹول پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فلم پر مبنی تعلیم طلبہ میں تخیل، ہمدردی اور تنقیدی سوچ کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ڈائرکٹر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر جناب رضوان احمد نے میڈیا، تعلیم اور تخلیقی صلاحیتوں کو مربوط کرنے میں IMC کے وژن اور مسلسل کوششوں کو اجاگر کیا۔

اس موقع پر یونیورسٹی کے کیلنڈر 2026 کا رسم اجراء عمل میں آیا۔ ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، پی آر او نے کیلنڈر کے موضوع کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔ جناب محمد مجاہد علی، پروڈیوسر نے کارروائی چلائی۔ جناب عمر اعظمی پروڈیوسر نے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کیلنڈر اور ڈائری کی ڈیزائننگ کے لیے آئی ایم سی کے اسٹاف ممبرس عمر اعظمی اور محمد غلام احمد، گرافک آرٹسٹ کو تہنیت بھی پیش کی گئی۔

سینماٹوگرافی، کلرگریڈنگ اور ویژول اسٹوری ٹیلنگ پر سہ روزہ ورکشاپ

آئی ایم سی کے زیر اہتمام ایک سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس کا عنوان ''سینماٹوگرافی، کلرگریڈنگ اور ویژول اسٹوری ٹیلنگ'' تھا۔ 10/فروری کو منعقدہ افتتاحی نشست میں طلبہ اور میڈیا سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

انسٹرکشنل میڈیا سینٹر کے ڈائرکٹر جناب رضوان احمد نے افتتاحی اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سنیماٹوگرافی، کلرگریڈنگ اور ویژول اسٹوری ٹیلنگ، ایڈیٹنگ وغیرہ کی عملی تربیت عصری میڈیا تعلیم کی بنیادی ضرورت ہے۔ ایسی ورکشاپس طلبہ کو نظریاتی علم کے ساتھ ساتھ عملی مہارتیں فراہم کرتی ہیں۔

ورکشاپ کے ریسورس پرسن مسٹر ارون کمار کا تعارف شکیل احمد، انجینئر نے پیش کیا اور ان کے پیشہ ورانہ تجربات پر روشنی ڈالی۔ مسٹر ارون کمار سونی انڈیا، ڈی جی ٹیک اور ژیون کے ساتھ بطور انسٹرکٹر اور آفیشل میخور وابستہ ہیں۔ افتتاحی پروگرام کی نظامت ڈاکٹر امتیاز عالم نے کی۔

بعد ازاں پہلے تکنیکی سیشن میں مسٹر ارون کمار نے شرکاء کے ساتھ براہِ راست گفتگو کرتے ہوئے فوٹوگرافی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ پروگرام کے اختتام پر عمر اعظمی، پروڈیوسر نے اظہار تشکر کیا۔

ریڈیو مانو اردو یونیورسٹی کو عوام سے جوڑنے میں مددگار: راجیو کمار جین

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے باوقار پراجیکٹ ریڈیو مانو 90.0 ایف ایم کا افتتاح 24/مارچ کو عمل میں آیا۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں چلایا جائے گا۔ ریڈیو کی افتتاحی تقریب کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن نے کی۔

مسٹر راجیو کمار جین، ڈائرکٹر جنرل آل انڈیا ریڈیو افتتاحی تقریب میں مہمانِ خصوصی تھے۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ آئی ایم سی کی جانب سے شروع کردہ ریڈیو مانو اردو یونیورسٹی کو مقامی عوام سے جوڑنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ ملک بھر میں تقریباً 560 کمیونٹی ریڈیو اسٹیشن کام کرتے ہیں جن میں سے 38 فیصد کمیونٹی ریڈیو تعلیمی اداروں کی جانب سے ہی چلائے جاتے ہیں۔ ان کے مطابق اگرچہ کمیونٹی ریڈیو کی رسائی محدود ہے لیکن سوشیل میڈیا کے پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے اس کو وسعت دی جاسکتی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ اردو یونیورسٹی میں کمیونٹی ریڈیو کا آغاز ایک ایسی مثبت پہل ہے جس سے اردو یونیورسٹی عوام سے اور بھی زیادہ قریب ہوسکتی ہے اور ملک کی مثبت ترقی میں اپنا کردار نبھا سکتی ہے۔



پروفیسر سید عین الحسن راجیو کمار جین کو یادگاری تحفہ دیتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد اور رضوان احمد دیکھے جاسکتے ہیں۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، نے اپنے خطاب میں کہا کہ ریڈیو مانو ایک انقلابی اقدام اور ایک اہم سنگِ میل ہے، جو یونیورسٹی کی سرگرمیوں کو کیمپس سے باہر وسعت دینے کے ایک نئے باب کی شروعات کرتا ہے۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں جناب رضوان احمد نے ریڈیو مانو کے آغاز اور اغراض و مقاصد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر محمد امتیاز عالم نے کارروائی چلائی۔ عمر اعظمی نے مہمان کا تعارف پیش کیا اور شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر محمد عبدالمنیر کی قرأت کلام پاک سے جلسے کا آغاز ہوا۔



نیوز لیٹر کے افتتاح کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر سلمٰی احمد فاروقی، پروفیسر رفیع اللہ اعظمی، پروفیسر اٹلوری مرلی، پروفیسر دیپک کمار اور پروفیسر محمود

مہمان خصوصی پروفیسر ایس کے محمود، نے منتظمین کو مبارکباد دی اور سائنس کی تاریخ اور تاریخ کے مطالعہ پر زور دیا۔ پروفیسر محمود نے دکن کی تاریخ پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

مہمان اعزازی پروفیسر دیپک کمار نے سائنس کو سماجی و سیاسی تبدیلیوں کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں دکن میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی خاص کر پلاسموڈیم جیسی اہم سائنسی دریافت اور رونالڈ راس جیسے کلیدی سائنسدانوں کے رول کو واضح کیا۔

ابتداء میں پروفیسر سلمٰی احمد فاروقی، کنوینر اور ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن کی ڈائرکٹر نے سمینار کے موضوع کا تعارف کرایا۔ قبل ازیں پروفیسر رفیع اللہ اعظمی، کنوینر اور شعبہ تاریخ کے صدر نے سبھی شرکاء کا خیر مقدم کیا اور سمینار کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر وائس چانسلر سید عین الحسن نے ''ایس پی بینرجی میموریل پرائز فار ہسٹری آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی'' اور ''پرتھا پروتیم بنرجی میموریل پرائز فار ہسٹری آف میڈیسن'' ایوارڈس فاتحین میں تقسیم کیے۔

مرکز برائے سماجی شمولیاتی پالیسی

سماجی انصاف کے حصول کے لیے تمام طبقات کی شمولیت ضروری

دوروزہ قومی سمینار

مرکز برائے سماجی شمولیاتی پالیسی کے زیر اہتمام 2 اور 3 فروری 2026 کو دوروزہ قومی سمینار منعقد ہوا۔ قومی سمینار کا عنوان "سماجی انصاف اور شمولیت: پسماندہ طبقات کے لیے چیلنجز اور امکانات" تھا۔

اس موقع پر پروفیسر کے ایم بہار الاسلام (ڈائرکٹر، انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ ٹیکنالوجی، آئی ایم ٹی حیدرآباد) نے بطور مہمان خصوصی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سماجی انصاف کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے تمام طبقات کے درمیان باہمی احترام اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے طبقاتی محرومی کے اسباب، سماجی درجہ بندی کے اثرات اور بالادست طبقات کے رویّوں پر تفصیلی تجزیہ پیش کیا۔ پروفیسر ایتابھ کنڈو (اعزازی پروفیسر، مانو؛ ممتاز فیلو، RIS؛ سابق پروفیسر، جے این یو) نے اپنے کلیدی خطاب میں ذات، مذہب اور دیگر بنیادوں پر امتیازی سلوک کے مظاہر کی وضاحت کی اور اعداد و شمار کے ذریعے ہندوستان کی معاشی صورتِ حال کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔

وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطاب میں اس بات کا انکشاف کیا کہ یونیورسٹی میں بڑی تعداد میں حقیقی معنوں میں محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات کو داخلہ دیا جاتا ہے۔ انہوں نے طالبات کی بڑھتی ہوئی شرحِ داخلہ کا حوالہ دیتے ہوئے پرامن تعلیمی ماحول، باہمی تعاون اور اجتماعی ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر پی ایچ محمد (ڈین، اسکول آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز) نے مرکز کی بنیادی ضروریات، افادیت اور ادارہ جاتی کردار پر روشنی ڈالی۔



پروفیسر ایتابھ کنڈو خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر پی ایچ محمد، پروفیسر دانش معین اور دیگر

مرکز برائے سماجی شمولیاتی پالیسی کے ڈائرکٹر پروفیسر دانش معین نے قومی سمینار کے انعقاد کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ اسسٹنٹ پروفیسر عائشہ عظمی نے تقریب میں کوآرڈینیٹر کے فرائض انجام دیے۔ آخر میں ڈاکٹر محمد کریم نے کلماتِ تشکر پیش کیے۔

انسٹرکشنل میڈیا سنٹر

سہ روزہ فلم فیسٹول

انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے زیر اہتمام یکم تا 3 رجنوری 2026 خصوصی فلم فیسٹول کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائرکٹر کلچر سنیما فلم فیسٹول (C2F2) و KidsCINEMA جناب پروین گلڈا نے افتتاحی اجلاس میں بحیثیت مہمانِ اعزازی شرکت کی۔ فیسٹول کے افتتاحی اجلاس میں مانو ماڈل اسکول، فلک نما، حیدرآباد کے طلبہ کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ پروین گلڈا نے اپنے خطاب میں کہا کہ فلم فیسٹول کا مقصد دنیا کی مختلف تہذیبوں اور خود ہمارے ملک کی مختلف ریاستوں کو قریب لانا، ان کے بارے میں جاننا اور ان کا احترام کرنا ہے۔

علوم کی تدریس کے جدید اسالیب شامل تھے۔ اس کے علاوہ مدرسہ تعلیم کے لیے تدریسی اصول، اساتذہ کے پیشہ ورانہ معیارات، تاحیات تعلم، مہارتوں کی ترقی، اور سی ٹی ای ٹی امتحان کی تیاری جیسے خصوصی موضوعات کو بھی شامل کیا گیا۔

ان تمام سرگرمیوں کی ایک نمایاں خصوصیت مختلف معتبر تعلیمی و سماجی اداروں کے ساتھ فعال اشتراک رہا، جن میں قرآن فاؤنڈیشن (TQF)، حیدرآباد؛ سہارا ایجوکیشن سوسائٹی، اورنگ آباد؛ شاہین ادارہ جات، بیدر؛ ایلیہ ونی سینٹر فار اسٹڈی آف سوشل انکلوژن (ABCSSI)، مانو؛ یونائیٹڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، ممبئی؛ سینٹر فار ویمنز اسٹڈیز، مانو؛ اور شعبۂ معاشیات، مانو شامل ہیں۔ ان اشتراکات نے نہ صرف پروگراموں کے علمی معیار کو بلند کیا بلکہ ان کی وسعت اور افادیت میں بھی اضافہ کیا۔ مجموعی طور پر، 2026–2025 کے دوران مرکز کی یہ کاوشیں تدریسی عمل میں بہتری اور تعلیمی نظام کی مضبوطی، بالخصوص اردو میڈیم تعلیم کے فروغ میں ایک نمایاں کردار ادا کرتی ہیں۔

مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت

مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کا قیام اردو زبان، تاریخی و سماجی شعور اور تہذیبی و ثقافتی اقدار کے فروغ اور تحفظ کے پیشِ نظر عمل میں آیا۔ مرکز اردو تہذیب و ثقافت سے وابستہ فنون، اصناف اور روایات کی بازیافت اور تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اپنے مشن کے پیش نظر مرکز نے موجودہ تعلیمی سال کے دوران کئی ادبی و ثقافتی پروگرام منعقد کیے، جن کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

1. مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کے زیر اہتمام 30/ جولائی 2025 کو اردو، فارسی مخطوطات اور خطاطی کے مختلف خطوط پر مشتمل نمائش کا انعقاد عمل میں آیا۔ جس کا افتتاح پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین، اسکول برائے السنہ لسانیات اور ہندوستانیات نے کیا۔ اس نمائش میں مرکز کے مملوکہ نہایت نایاب مخطوطات کو شائقینِ علم وادب کے لیے سجایا گیا تھا۔ یہ مخطوطات مختلف علوم وفنون پر مشتمل تھے۔ ان میں سے بعض مخطوطات مُطلاّ و مذہّب تھے، جنھیں مہمانان اور فنِ خطاطی سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب نے بے حد پسند کیا۔

2. 'ذرا یاد کرو قربانی' کے زیر عنوان 14/ اگست تا 21/ اگست 2025، شہیدوں کے خطوط پر مشتمل ایک نمائش کا اہتمام مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کی جانب سے کیا گیا تھا۔ اس نمائش کا افتتاح پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار مانو نے انجام دیا۔ اس نمائش میں شہیدانِ آزادی کے ذریعہ لکھے گئے نادر و نایاب خطوط کا عکس ناظرین و شائقین کے لیے پیش کیا گیا تھا۔

3. 5/ اکتوبر 2025 کو مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت کی جانب سے یک روزہ تعلیمی دورہ کے تحت مرکز کے ریسرچ اسکالرز نے سالار جنگ میوزیم اور لائبریری کا



پروفیسر گلفشاں حبیب، پروفیسر نکہت جہاں اور پروفیسر سمیع صدیقی کتابوں کی نمائش میں

معائنہ کیا۔ ریسرچ اسکالرز کی رہنمائی پروفیسر نسیم الدین فریس، سابق ڈین، اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات، مانو نے کی۔ ریسرچ اسکالرز نے میوزیم کے متعدد گیلریز کا معائنہ کیا اور وہاں رکھے گئے آرٹ کے نمونوں سے استفادہ کیا۔

4. مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت، مانو کی جانب سے ایک توسیعی خطبہ کا انعقاد یکم جنوری 2026 کو ڈیجیٹل میڈیا سنٹر، سی ڈی او ای (CDOE) میں بہ عنوان 'غزل کے بدلتے موضوعات و اسالیب' عمل میں آیا۔ توسیعی خطبہ پروفیسر عباس رضا نیر، صدر شعبۂ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی نے پیش کیا۔ انھوں نے اپنے خطبہ میں گزشتہ ایک صدی میں غزل کے بدلتے موضوعات و اسالیب کو نہایت خوش اسلوبی سے پیش کیا اور متعدد اشعار کے ذریعے غزل میں آئی تبدیلیوں پر روشنی ڈالی۔ اس توسیعی خطبہ کی صدارت پروفیسر نکہت جہاں نے کی۔ جب کہ نظامت کی ذمہ داری مرکز کے ریسرچ اسکالر ضیاء الاسلام نے انجام دی۔

ہارون خان شیروانی سنٹر فار دکن اسٹڈیز

دکن میں سائنس کے موضوع پر سمینار کا انعقاد

شعبہ تاریخ اور ہارون خان شیروانی سینٹر فار دکن اسٹڈیز، کے زیر اہتمام 15/ ستمبر کو سہ روزہ قومی سمینار بعنوان ''دکن میں سائنس: تاریخی اور عصری تناظر میں'' کا آغاز ہوا۔ یہ سمینار سوسائٹی فار دی ہسٹری آف سائنس، کولکتہ کے اشتراک اور انڈین کونسل آف سوشل سائنس ریسرچ (آئی سی ایس آر) کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ اس سمینار کے افتتاحی اجلاس نے دکن کی سائنسی روایات اور اس کی عصری اہمیت پر تین دن کی علمی بحث کے لیے ماحول کو سازگار بنایا۔

اس اجلاس میں پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارتی خطاب پیش کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے مسلم دنیا کے بھرپور سائنسی ورثے اور اس کی عصری تحقیق کا از سر نو جائزہ لینے پر زور دیا۔

کلیدی خطبہ پروفیسر اٹلوری مرلی نے پیش کیا۔ انہوں نے دکن میں سائنسی طریقوں کی تاریخی ترقی کا جائزہ لیا اور تاریخی اختراعات کو موجودہ مسائل سے جوڑا۔



موٹ کورٹ کے موقع پر شری آر وینکٹ رمانی، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر تبریز احمد و دیگر

اور عدالتی نظم وضبط کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔ اٹارنی جنرل شری آر وینکٹ رمانی (سینئر ایڈوکیٹ سپریم کورٹ) نے قانون کے طلبہ میں آئینی اقدار، تجزیاتی استدلال، اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کو فروغ دینے میں موٹ کورٹ مشقوں کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے اپنے صدارتی خطاب میں آرگنائزنگ کمیٹی کی کوششوں کی ستائش کی اور طلبا، کو قومی سطح کے تعلیمی مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کا مشورہ دیا۔ افتتاحی اجلاس کے آخر میں ڈاکٹر سدھانشو چندرا، اسسٹنٹ پروفیسر، لاء اسکول نے شکریہ ادا کیا۔ جزا عباس نے مقابلوں کی کارروائی چلائی۔

فائنل راؤنڈ کو جج کرنے کے لیے جس پینل نے حصہ لیا ان میں جناب اسد اللہ پاشا ایڈوکیٹ، ہائی کورٹ، تلنگانہ؛ مسٹر بی نرسمہا شرما ایڈیشنل سالیسٹر جنرل آف انڈیا برائے تلنگانہ ہائی کورٹ؛ جناب میر واجد علی کامل سینئر ایڈوکیٹ، ہائی کورٹ، تلنگانہ؛ مسٹر سری اے جگن ایڈوکیٹ اور صدر، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، تلنگانہ جسٹس بی پرکاش راؤ سابق جج، آندھرا پردیش ہائی کورٹ موجود تھے۔

اختتامی سیشن کے دوران انفرادی ایوارڈز کا بھی اعلان کیا گیا۔ مہاراشٹر نیشنل لاء یونیورسٹی، ناگپور سے محترمہ ادیتی سولنکی کو بہترین مقرر (خاتون) کا ایوارڈ ان کی بہترین عدالتی وکالت اور بیان کے لیے دیا گیا۔ بہترین اسپیکر (مرد) کا ایوارڈ مسٹر کشال پاٹھک کو دیا گیا، جو مہاراشٹر نیشنل لاء یونیورسٹی، ناگپور سے ہیں، ان کی مثالی گذارشات اور قانونی اصولوں پر دسترس کے لیے۔ بہترین ریسرچر کا ایوارڈ محترمہ ادیتی کلوری، NMIMS، حیدرآباد کو ان کی باریک بینی سے تحقیق کے اعتراف میں ایوارڈ دیا گیا۔

مقابلے کے اختتامی سیشن کا آغاز اسٹوڈنٹ سیکریٹری ریحان خان کے ابتدائی کلمات سے ہوا، اس کے بعد پروفیسر تبریز احمد نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے اجتماع سے خطاب کیا اور مقابلے کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی۔

ممتاز مہمانوں میں جناب بی نرسمہا شرما، مسٹر میر واجد علی کامل، مسٹر سری اے جگن، اور مسٹر اسد اللہ پاشا سمیت کئی معزز مہمانوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور پیشہ ورانہ قانونی تربیت میں موٹ کورٹس کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے شرکاء کی حوصلہ افزائی کی۔ اختتامی خطاب مہمان خصوصی، عزت مآب جناب جسٹس بی وجئے سین ریڈی، جج، تلنگانہ ہائی کورٹ نے کیا، اس کے بعد آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے سابق جج جناب جسٹس بی پرکاش راؤ نے صدارتی خطبہ دیا۔ پروفیسر تبریز احمد چیئرمین موٹ کورٹ کمیٹی نے ایس سی ٹائمز، میڈیا پارٹنر کو اس پورے پروگرام میں مسلسل کوریج اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔

سی بی ڈی یو ایم ٹی

مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT) نے

مالی سال 2025-2026 کے دوران مجموعی طور پر 29 پروگراموں کا انعقاد کیا، جنہیں آن لائن اور آف لائن دونوں طریقوں کو یکجا کرتے ہوئے نہایت مؤثر انداز میں پیش کیا گیا۔ ان پروگراموں کا بنیادی مقصد اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا تھا، خصوصاً اُن اساتذہ کی جو اردو میڈیم اداروں سے وابستہ ہیں، نیز عصرِ حاضر کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگی پیدا کرنا بھی پیش نظر رہا۔ مرکز نے مقامی سطح پر منعقد ہونے والی ورکشاپس اور وسیع پیمانے پر آن لائن تربیتی پروگراموں کے مابین ایک متوازن امتزاج قائم کیا، جس کے نتیجے میں رسائی اور اثر پذیری میں نمایاں اضافہ ہوا۔

شرکت کے اعتبار سے یہ پروگرام نہایت کامیاب ثابت ہوئے، جن میں مجموعی طور پر 4,071 افراد نے شرکت کی، جن میں 1,921 مرد اور 2,150 خواتین شامل تھیں۔ خواتین کی نمایاں اور برتر شرکت مرکز کے اُس عزم کی عکاس ہے جو تعلیمی میدان میں شمولیت اور صنفی توازن کے فروغ کے لیے کیا جا رہا ہے۔ بالخصوص سی ٹی ای ٹی امتحان (پرچہ اول و دوم) کی تیاری کے لیے منعقدہ آن لائن رہنمائی پروگرام، جو 16 جنوری سے 6 فروری 2026 تک پندرہ دنوں پر محیط تھا، تنہا 1,336 شرکاء کو اپنی جانب متوجہ کرنے میں کامیاب رہا۔

ان پروگراموں کے موضوعات نہایت متنوع اور عصرِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ تھے، جن میں اساتذہ کے لیے مصنوعی ذہانت (AI Tools)، طلبہ کی شمولیت (Student Engagement)، تبدیلی پر مبنی تدریسی طریقے (Transformative Pedagogies) اور انگریزی، ریاضی، سائنس اور سماجی



ورکشاپ کے موقع پر لی گئی تصویر

جامہ پہنا سکتے ہیں۔محترمہ سمانہ حسین، چیئر پرسن SCDS نے اس اقدام کی انفرادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ ہندوستان میں اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے جسے ایک یونیورسٹی کی سرپرستی حاصل ہے۔

دیویانگ سارتھی پروجیکٹ کے بیٹاورژن کا اجراء

دیویانگ سارتھی پراجیکٹ (بیٹاورژن) کا شعبۂ کمپیوٹر سائنس وآئی ٹی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام 8/دسمبر کو پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر کے ہاتھوں اجراء عمل میں آیا۔ یہ پراجیکٹ ایک پہل ہے جس کا مقصد ملک بھر میں انٹیلیکچول ڈس ایبلٹی کے شکار افراد کے لیے ڈیجیٹل رسائی اور شمولیتی اکتساب کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ وزارت الکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (MeitY)، حکومت ہند کا ایک قومی پراجیکٹ ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن، نے کہا کہ دیویانگ سارتھی پورٹل (بیٹاورژن) انٹیلیکچول ڈس ایبلٹی کے حامل افراد کے ساتھ کام کرنے والے افراد کے لیے ڈیجیٹل لرننگ ماڈیولز، اسسمنٹ ٹولز، اور اسٹرکچرڈ پیڈاگوگیکل سپورٹ کی قومی تعیناتی کا آغاز کرتا ہے۔

اس موقع پر ڈاکٹر سنتوش کمار پانڈے، ایڈیشنل ڈائرکٹر، MeitY، پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، اور ڈاکٹر ٹی وجئے کمار، صدر، CESD، NIRDPR نے بھی خطاب کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی اور پروجیکٹ کے چیف انویسٹی گیٹر نے استقبالیہ کلمات میں دسمبر 2023 میں اس پراجیکٹ کی منظوری کے بعد سے اس کی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔

پروگرام میں ڈاکٹر پنکج مارو، چیئرمین، ایکسپرٹ کمیٹی اور گنیش جی، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، NIEPID نے بھی خصوصی خطاب کیا۔ آخر میں پروفیسر پردیپ کمار، صدر، شعبہ کمپیوٹر سائنس اینڈ آئی ٹی نے شکریہ ادا کیا۔

اسکول برائے بزنس مینجمنٹ و کامرس

ڈیجیٹل مواد کی تیاری پر دوروزہ ورکشاپ

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے مرکز برائے آن لائن و فاصلاتی تعلیم کے زیر اہتمام "Content Development" کے موضوع پر دو روزہ ورکشاپ، سمینار ہال، اسکول آف کامرس اینڈ بزنس مینجمنٹ (SC&BM) میں منعقد ہوا۔

دوروزہ ورکشاپ کا آغاز 27/اکتوبر کو ہوا۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر پی فضل الرحمٰن، وائس چانسلر انچارج نے کی، جبکہ مہمانِ خصوصی کے طور پر رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد موجود تھے۔

پروگرام کے خیر مقدمی کلمات پروفیسر محمد رضا اللہ خان، ڈائرکٹر، مرکز برائے آن



پروفیسر پی فضل الرحمٰن، پروفیسر اشتیاق احمد، ڈاکٹر سنتوش کمار پانڈے، پروفیسر رضاء اللہ خان اور پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی

لائن و فاصلاتی تعلیم نے ادا کیے۔ اس موقع پر انہوں نے ورکشاپ کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے تربیتی پروگرام فاصلاتی تعلیم کے معیار کو مزید موثر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

مہمانِ خصوصی پروفیسر اشتیاق احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ تدریسی و علمی مواد کی تیاری میں جدت اور معیاری پہلوؤں کا خیال رکھنا وقت کی ضرورت ہے، خصوصاً آن لائن اور فاصلاتی تعلیم میں اس کی اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔

صدارتی خطاب میں پروفیسر پی ایف رحمان نے کہا کہ مانو کے اساتذہ تحقیقی اور تدریسی میدان میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں، اور اس طرح کے پروگرام ادارے کی علمی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوں گے۔

اس موقع پر مانو کے مختلف شعبہ جات سے تقریباً 60 اساتذہ نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں پروفیسر راجن ویلوکر، وائس چانسلر اٹلس اسکیل یونیورسٹی ممبئی، پروفیسر اندرا کونیرو، وجے واڑہ، پروفیسر وینکیا، سابق وائس چانسلر، پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین اسکول آف لینگویجز، پروفیسر رضا اللہ خان، ڈائرکٹر سی ڈی اوای اور پروفیسر عبدالسمیع صدیقی نے تکنیکی اور عملی نشستوں کے ذریعے آن لائن مواد کی تیاری، تدریسی ڈیزائننگ، اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے استعمال پر تفصیلی تربیت فراہم کی۔

لاء اسکول

اسکول میں دوسرے قومی موٹ کورٹ کا انعقاد

لاء اسکول کی جانب سے دوسرے موٹ کورٹ کا 24/جنوری کو اہتمام کیا گیا۔ اس میں ملک بھر کے قانون کے طلبہ کو اپنی وکالت، تحقیق اور تجزیاتی مہارت کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک بہت بڑا موقع فراہم کیا گیا۔

افتتاحی سیشن آن لائن منعقد کیا گیا۔ جس میں پروفیسر تبریز احمد، ڈین لاء اسکول نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ افتتاحی اجلاس میں مہمان خصوصی، ڈاکٹر بھارت بھوشن پرسون، سینئر ایڈوکیٹ اور پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے سابق جج، نے وکالت

پروفیسر سید عین الحسن نے 17 مارچ کو شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت کے ''اردشیر ایرانی میڈیا اسٹوڈیو'' کا افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ طلبۂ صحافت کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانے کے لیے عملی تربیت بھی ضروری ہے۔ اس ضمن میں شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت ٹھوس بنیادوں پر کام کر رہا ہے۔ ایم سی جے میڈیا اسٹوڈیو کی افتتاحی تقریب میں رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی شرکت کی۔ پروفیسر احتشام احمد خان، صدر وڈین ترسیل عامہ وصحافت نے شعبہ کے میڈیا اسٹوڈیو کے آغاز کے متعلق تفصیلات پیش کیں۔

ایم سی جے میڈیا اسٹوڈیو کے افتتاح کے بعد وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کا ایک تفصیلی انٹرویو ایم سی جے کی طالبہ صالحہ وسیم نے ریکارڈ کیا۔

اسکول برائے تعلیم و تربیت

بامعنی مکالمہ اور علمی اختلاف ہی تعلیمی ترقی کی بنیاد: وائس چانسلر

شعبۂ تعلیم وتربیت کے زیر اہتمام دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کا 5 فروری کو افتتاح عمل میں آیا۔ کانفرنس کا عنوان "قومی تعلیمی پالیسی 2020: اساتذہ کی تعلیم کے لیے مستقبل کی راہیں" تھا۔ اس بین الاقوامی کانفرنس کے لیے مانو نے یونیورسٹی آف حیدرآباد سے اشتراک کیا۔ اس موقع پر صدارتی خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن نے کہا کہ بامعنی مکالمہ، تنقیدی شعور اور علمی اختلاف ہی کسی قوم کی تعلیمی ترقی کی بنیاد ہیں، اور اساتذہ کی بہترین تربیت ایک بہترین قوم کی ضمانت ہے۔

پروفیسر چندر بھوشن شرما نے کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیا۔ ونوبا بھاوے یونیورسٹی، ہزاری باغ کے وائس چانسلر پروفیسر بھوشن شرما کے مطابق قومی تعلیمی پالیسی 2020 اساتذہ کو محض مضمون پڑھانے والا نہیں بلکہ سماجی تبدیلی کا قائد تصور کرتی ہے۔ نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن (NCTE) کے چیئرپرسن پروفیسر پنکج اروڑا نے اپنے افتتاحی آن لائن پیغام میں کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کا مرکز ومحور استاد ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن (نیپا) کی وائس چانسلر پروفیسر ششی کلا ونجاری نے کہا کہ تعلیم انسانی شخصیت کی ہمہ جہت نشوونما کا ذریعہ ہے، اور مضبوط اساتذہ کے بغیر ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ بنارس ہندو یونیورسٹی کے ڈائرکٹر، IUCTE، پروفیسر پریم نارائن سنگھ نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگر ہم سوسال کی منصوبہ بندی کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں انسان سازی پر توجہ دینی ہوگی، اور یہ کام صرف ایک باصلاحیت استاد ہی انجام دے سکتا ہے۔ رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے کہا کہ اس نوعیت کی کانفرنسیں تعلیمی اداروں، ریگولیٹری باڈیز اور پالیسی سازوں کے درمیان مضبوط ربط قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں اور ان کے نتائج قومی تعلیمی اصلاحات کے لیے رہنما ثابت ہوں گے۔ استقبالیہ خطاب میں پروفیسر ایم ونجا، ڈین، اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، مانو نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 اساتذہ کی تعلیم میں ایک جامع اور دوررس تبدیلی کا خاکہ پیش کرتی ہے۔



بین الاقوامی کانفرنس میں پروفیسر سید عین الحسن خطاب کرتے ہوئے۔

پروفیسر شاہین شیخ، صدر شعبہ تعلیم وتربیت، مانو نے کہا کہ یہ کانفرنس پالیسی اور عملی نفاذ کے درمیان خلیج کو کم کرنے اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ تیاری کو مضبوط بنانے کی ایک اہم کوشش ہے۔ افتتاحی اجلاس کی نظامت ڈاکٹر اشرف نواز اور ڈاکٹر محسنہ انجم انصاری نے مشترکہ طور پر انجام دی۔ پروفیسر اختر پروین نے شکریہ ادا کیا۔

اسکول برائے ٹیکنالوجی

''A+ پروڈکشن ہاؤس'' کا آغاز

سمانا کالج آف ڈیزائن اسٹڈیز، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ''A+ پروڈکشن ہاؤس'' کا افتتاح انجام دیا گیا۔ یہ پروڈکشن ہاؤس ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جو تعلیمی دنیا کو صنعتی دنیا سے مربوط کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس تقریب کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن نے کی۔ انہوں نے کہا کہ دورانِ تعلیم کمائیں، اردو یونیورسٹی کا نعرہ نہیں بلکہ ایک حقیقت بن چکا ہے۔ جو اس بات کی ایک روشن مثال ہے کہ حقیقی مہارت پر مبنی تعلیم کیسی ہونی چاہیے۔ تقریب میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار بھی موجود تھے۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی نے کہا کہ یہ محض ایک پروڈکشن ہاؤس نہیں ہے، یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں ڈیزائنرز اپنے خواب کو عملی



افتتاحی تقریب میں پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر عبدالواحد، پروفیسر شہباز احمد، محترمہ سمانہ حسین اور دیگر

پروفیسر جی ناگراجو نے کتاب کا تفصیلی سماجیاتی جائزہ پیش کرتے ہوئے اس کی تحقیقی مضبوطی اور جذباتی گہرائی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب تجرباتی تحقیق اور تنقیدی تجزیے کے درمیان ایک مؤثر ربط قائم کرتی ہے۔

اس سمپوزیم کی نظامت ڈاکٹر سعید میو نے کی۔ اس پروگرام میں ملک بھر سے ممتاز ماہرینِ تعلیم اور اسکالرز نے شرکت کی، جن میں پروفیسر اروند کمار جوشی، ڈاکٹر حنا تبسم پروفیسر انیل واگھیلا، پروفیسر ڈاکٹر اجیت، پروفیسر ڈاکٹر یاسر، پروفیسر ڈاکٹر راشمی ڈاکٹر فرح جعفری اور دیگر اہم سماجی مفکرین شامل تھے، جس سے اس مباحثے کی قومی سطح پر اہمیت واضح ہوتی ہے۔ پروگرام کا اختتام پروفیسر ڈاکٹر خواجہ محمد ضیاء الدین، صدر شعبۂ سماجیات، کے اظہارِ تشکر کے ساتھ ہوا۔

اسکول آف ایم سی جے

اردو صحافیوں کے لیے تربیتی ورکشاپ

شعبۂ ایم سی جے کے زیر اہتمام، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے اشتراک سے 23 تا 25 ستمبر کو سہ روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ ورکشاپ کا عنوان ''اردو صحافیوں کے لیے قومی صلاحیت سازی ورکشاپ'' تھا۔ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے ڈاکٹر محمد شمس اقبال، ڈائرکٹر قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے کہا کہ اردو صحافیوں کی تربیت کے لیے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان پوری طرح سے سنجیدہ ہے۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں ڈین و صدر شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت پروفیسر محمد فریاد نے ورکشاپ کے سبھی شرکاء کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ شعبۂ ترسیل عامہ صحافت قومی کونسل کے تعاون سے ریاست تلنگانہ خاص کر شہر حیدرآباد کے اردو صحافیوں کے لیے اس ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ پیشۂ صحافت میں جس طرح سے نئے چیلنجس در آئے ہیں ان کا سامنا کرنے کیلئے اردو صحافیوں کو بھی تیار کرنا ضروری ہے اور اسی ضرورت کی تکمیل کی سمت کونسل کے تعاون سے شروع ہونے والا یہ ورکشاپ ہے۔

مہمانِ اعزازی نیوز ایڈیٹر سیاست عامر علی خان نے کہا کہ اردو صحافیوں کی صلاحیتوں میں اضافہ اور نکھار پیدا کرنے کے لیے اس طرح کے تربیتی ورکشاپ بڑے مدد اور معاون ثابت ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ اردو صحافیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ انہیں ملنے والے مواقع سے بھرپور استفادہ کریں۔ انقلاب کے ریسڈنٹ ایڈیٹر ڈاکٹر یامین انصاری نے صحافیوں پر زور دیا کہ وہ فیک نیوز کے دور میں خبروں کی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ ایڈیٹر ان چیف بھارت نیوز ڈاکٹر سرفراز سیفی نے بھی اردو صحافیوں کے تربیتی ورکشاپ کی افتتاحی تقریب کو مخاطب کیا۔



ورکشاپ کے دوران الکلام کے شمارے رسم اجراء میں پروفیسر سید عین الحسن، ڈاکٹر محمد شمس اقبال، جناب عامر علی خان اور دیگر

افتتاحی اجلاس میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا ترجمان رسالہ ''الکلام'' کے 34 ویں شمارے کی رسم اجراء بھی انجام دی گئی۔ افسر تعلقات عامہ و ایڈیٹر ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ الکلام رسالہ میں جہاں صفحات کی تعداد اب 100 تک پہنچ گئی ہے وہیں اس میں یونیورسٹی کی خبروں کے علاوہ یونیورسٹی سے متعلق مختلف موضوعات پر خصوصی گوشے شامل کیے گئے ہیں۔ پروگرام کے آخر میں پروفیسر احتشام احمد خان نے شکریہ ادا کیا۔ افتتاحی اجلاس کے بعد پہلے تکنیکی سیشن میں دی ہندو کے ریسڈنٹ ایڈیٹر روی ریڈی نے ورکشاپ کے شرکاء کو دیہی علاقوں میں رپورٹنگ کے متعلق دلچسپ انداز میں رہنمائی کی۔ دوسرا سیشن بھارت نیوز کے ایڈیٹر ان چیف ڈاکٹر سرفراز سیفی کا منعقد ہوا۔ چائے کے وقفے کے بعد تیسرا سیشن ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے فری لانس جرنلزم اور حصول آمدنی کے مختلف ذرائع کے موضوع پر مخاطب کیا۔ جبکہ انقلاب دہلی کے ریسڈنٹ ایڈیٹر ڈاکٹر یامین انصاری نے عوامی نقطۂ نظر کی تشکیل میں اردو ایڈیٹرس کا رول کے موضوع پر لیکچر دیا۔

سہ روزہ قومی ورکشاپ کے دوسرے دن جن ماہرین نے اس ورکشاپ کو مخاطب کیا ان میں ٹائمز آف انڈیا کے سدھا کر ریڈی بھی شامل ہیں۔ پروفیسر محمد فریاد نے سدھا کر ریڈی کا تعارف پیش کیا اور خیر مقدمی کلمات کہے۔ اس سیشن کی نظامت ریسرچ اسکالر نزاکت علی نے انجام دی۔ دوسرے دن کے دوسرے سیشن میں ڈاکٹر فاضل حسین پرویز، ایڈیٹر گواہ نے شرکاء کو مخاطب کیا۔ تیسرا سیشن سینئر صحافی ایم اے ماجد کے خطاب کے ساتھ منعقد ہوا۔ نظامت کے فرائض ریسرچ اسکالر نصرت پروین نے انجام دیئے۔

ایم سی جے اسٹوڈیو کا افتتاح



پروفیسر سید عین الحسن کے ہمراہ، پروفیسر احتشام احمد خان، پروفیسر محمد فریاد، ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، ڈاکٹر حسین عباس رضوی اور ڈاکٹر معراج احمد



شعبہ کے نیوز لیٹر ''پیان'' کے اجراء کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر پی ایچ محمد، پروفیسر سید نجی اللہ، پروفیسر رمیش اروڑہ اور محترمہ کونڈرو پشپا لیلا

نظم ونسق عامہ

'سماجی پالیسیاں اور نظم ونسق عامہ' پر قومی سمینار

شعبہ نظم ونسق عامہ کی جانب سے 'ہندوستان میں سماجی پالیسیاں اور نظم ونسق عامہ: وژن 2047' کے زیر عنوان 20 اور 21 رجنوری کو سمینار کا اہتمام کیا گیا۔ ممتاز ماہر نظم و نسق عامہ پروفیسر رمیش کے اروڑہ نے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیا۔

پروفیسر سید عین الحسن نے صدارتی خطبہ میں کہا کہ مانو پوری ذمہ داری کے ساتھ وژن 2047 کی سمت میں کام کر رہا ہے، بالخصوص ان طلبہ کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جو سماج کے محروم طبقات سے تعلق رکھتے ہیں اور اردو بولتے ہیں یا جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔

آندھرا پردیش کی سابق وزیر سماجی بہبود، محترمہ کونڈرو پشپا لیلا نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے افتتاحی اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے سماجی پالیسیوں کی کامیابی کے لیے سیاست دانوں، بیوروکریٹس، ماہرینِ تعلیم، عملی میدان کے افراد اور نظریہ سازوں کے درمیان بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے محققین سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ سماجی پالیسیوں پر ریاستی اور حکومتی سطح کے تقابلی مطالعات پر بھی غور کریں۔

اسکول آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز کے ڈین، پروفیسر پی ایچ محمد نے نظم ونسق عامہ کو سماج کے آخری فرد تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سمینار کے کنوینر اور شعبہ کے صدر پروفیسر سید نجی اللہ نے سمینار کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ سماجی پالیسیوں کی کامیابی وژن 2047 کی راہ ہموار کرے گی اور یہ وہ شعبہ ہے جہاں نظم ونسق عامہ کا کردار نہایت اہم ہے۔ نظم ونسق عامہ پالیسی کی تشکیل اور اس کے نفاذ دونوں میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ڈاکٹر احمد رضا، اسسٹنٹ پروفیسر نے اظہارِ تشکر کیا۔ سمینار کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر جیون کمار سی، اسوسیٹ پروفیسر نے نظامت کی۔

سوشیل ورک

این جی او مینجمنٹ اور فنڈ ریزنگ مہارتوں پر دوروزہ ورکشاپ

شعبہ سوشل ورک نے 7-8 فروری 2026 کو این جی او مینجمنٹ اور فنڈ ریزنگ اسکلز پر دوروزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام میں 52 طلبہ اور ریسرچ اسکالرز نے شرکت کی، جن میں عثمانیہ یونیورسٹی جیسے دیگر اداروں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شامل تھے، ورکشاپ میں ماہرین کی زیر قیادت اور انٹرایکٹو سیشنز کے ذریعے تصوراتی وضاحت اور عملی مہارتوں کی تعمیر پر توجہ دی گئی۔

مدعو ماہرین، ایڈوکیٹ نتن سالوے (فینانس مینیجر اور قانونی مشیر، پونے) اور مسٹر میتریہ ہائیلنگ (ترقیاتی شعبے کے پیشہ ورانہ اور مشیر، ممبئی) کو شعبہ کے سربراہ پروفیسر محمد شاہد رضا اور پروفیسر محمد شاہد، ڈین آف اکیڈمکس نے مبارکباد دی۔

ایچ او ڈی، پروفیسر محمد شاہد رضا نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور تھیوری کو پریکٹس سے جوڑنے کے لیے صلاحیت سازی کے پروگراموں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ کے کنوینر ڈاکٹر سدھارتھ گنگالے نے پروگرام کے مقاصد، ڈھانچہ، اور شراکتی فارمیٹ کا خاکہ پیش کیا۔ پروفیسر محمد شاہد (ڈین اکیڈمکس) نے ورکشاپ کے کامیاب انعقاد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

سماجیات

''ذات، پیشہ اور صفائی'' کے موضوع پر سمپوزیم و کتابی مذاکرہ



شعبۂ سماجیات، میں ''ذات، پیشہ اور صفائی'' کے موضوع پر ایک سمپوزیم، خصوصی لیکچر اور کتابی مذاکرہ کا مارچ میں اہتمام کیا گیا۔ یہ پروگرام ڈاکٹر کے ایم ضیاء الدین کی کتاب "Occupational Caste Groups' Illness and Health in India" کے تناظر میں منعقد ہوا۔

اس پروگرام کی صدارت اور افتتاح پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے کی۔ پروفیسر سید عین الحسن نے ڈاکٹر ضیاء الدین کی مسلسل علمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی تحقیق ذات، صفائی اور حاشیے پر موجود طبقات کے مسائل کو اجاگر کرنے میں نہایت اہم ثابت ہوگی۔

کلیدی خطاب میں پروفیسر سنگھا مترا آچاریہ، جواہر لال نہرو یونیورسٹی، دہلی نے کتاب کے اہم نکات پر روشنی ڈالتے ہوئے صفائی کے پیشے، ذات پات کے نظام اور عوامی صحت کے درمیان گہرے تعلق کو اجاگر کیا۔



پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر محمد گلریز کو پودہ پیش کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر رادھیکا سیشن، پروفیسر رفیع اللہ اعظمی اور دیگر

المغرب" اور "ابھی گیان شکتنلم" کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ علاقہ وہ مقام ہے جہاں شناختیں تشکیل پاتی اور مستحکم ہوتی ہیں۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے ہندوستانی آزادی کی جدوجہد میں علاقائی رہنماؤں کے کردار کو اجاگر کیا، جس کا مطالعہ کیا جانا ضروری ہے۔ ابتداء میں پروفیسر رفیع اللہ اعظمی، صدر شعبہ نے استقبالیہ کلمات پیش کیے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایسے مطالعات ہندوستان کی تاریخی و ثقافتی تکثیریت کو ازسرِ نو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ سمینار کے مہمانِ خصوصی، پروفیسر محمد گلریز، سابق انچارج وائس چانسلر، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے علاقائی تاریخ کے مطالعے میں فکری اور ادارہ جاتی چیلنجز پر گفتگو کی۔ پروفیسر پریتی شرما، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنے خطاب میں "علاقہ" کے تصور کی معرفتی تفہیم پر گفتگو کی اور یہ سوال اٹھایا کہ علاقائی مطالعات کو کس زاویے سے دیکھا جانا چاہیے اور آخر کیا چیز کسی خطے کی بنیادی پہچان متعین کرتی ہے۔

شعبہ مطالعات نسواں

شعبہ مطالعات نسواں نہ صرف درس و تدریس تک محدود ہے بلکہ معاشرتی اصلاح، خواتین کی بااختیاریت اور صنفی مساوات کے فروغ کے لیے مسلسل سرگرمِ عمل ہے۔ اسی سلسلے کی ایک روشن مثال 25 نومبر تا 10 دسمبر 2025 منعقد شدہ 16 روزہ شعوبیداری مہم ہے، جس کا عنوان تھا "خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے متحد ہو جائیں"۔

شعبہ نے انٹرنل کامپلینٹس کمیٹی مانو کے اشتراک سے اس مہم کا انعقاد نہایت منظم، بامقصد اور فکری گہرائی کے ساتھ کیا گیا، جس میں طلبہ، اساتذہ، ماہرین، سماجی کارکنان اور کمیونٹی کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ جس میں قابل ذکر جناب محمد نواز خان، موظف جج، مشہور صحافی و براڈ کاسٹر محترمہ او ما سدھیر، یوگا ٹیچر کی سی ای او، محترمہ تیجسوینی مدھا بھوشنی و دیگر شامل ہیں اس مہم کے انعقاد کا مقصد نہ صرف خواتین کے خلاف ہونے والے تشدد اور مسائل کو اجاگر کیا جائے بلکہ ان کے حل کے لیے علمی، قانونی اور سماجی سطح پر مکالمہ قائم کیا جاسکے۔

شعبہ مطالعات نسواں مانو نے سنٹر فار اسٹڈی اینڈ ریسرچ، دہلی کے اشتراک سے 29 اور 30 جنوری 2026 کو دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد کی، جس کا عنوان "خواتین کی خودمختاری اور تخلیقِ علم: عصری مباحث میں سماجی و مذہبی تناظر کی بازیافت" تھا۔ اس کانفرنس میں ملک و بیرونِ ملک کے اسکالرس نے شرکت کی اور علم و صنف کے باہمی تعلق پر سنجیدہ گفتگو کی گئی۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر دیپک کمار نے اپنے خطاب میں علم کی صنفی تقسیم کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ علم نہ مذکر ہے نہ مؤنث بلکہ ایک آفاقی حقیقت ہے۔ انہوں نے رقیہ سخاوت حسین کی علمی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے ان کے تخلیقی وژن کو موجودہ سائنسی ترقی سے جوڑا۔ پروفیسر عذرا عابدی نے خواتین کے علمی کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ معاشرے میں ان کے علم کو وہ مقام نہیں دیا گیا جس کی وہ مستحق ہیں۔ ڈاکٹر محمد رضوان نے یونیورسٹی کے علمی فریم ورک سے آگے بڑھ کر ایک متوازن اور اقدار پر مبنی نظامِ علم کی تشکیل پر زور دیا۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے خواتین کی صلاحیتوں کے اعتراف اور صنفی مساوات کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ یہ کانفرنس علمی و فکری سطح پر خواتین کی خودمختاری اور جامع نظامِ علم کی تشکیل کی جانب ایک اہم پیش رفت ثابت ہوئی۔

شعبہ مطالعاتِ نسواں اور مرکز برائے مطالعاتِ نسواں، مانو کے زیرِ اہتمام 11 اور 12 فروری کو ورکشاپ اور خواتین دستکار میلے کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد



بین الاقوامی کانفرنس میں پروفیسر سید عین الحسن، ڈاکٹر شبانہ کیسر، پروفیسر دیپک کمار، پروفیسر عذرا عابدی اور ڈاکٹر محمد رضوان دیکھے جاسکتے ہیں۔

خواتین کی خود کفالت کو فروغ دینا اور ان کی تخلیقی و معاشی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔

اس موقع پر "صفا" سے وابستہ خود کفیل خواتین نے یونیورسٹی کے کیمپس میں مختلف اسٹالز قائم کیے، جن میں ان کی دستکاری اور ہنرمندی کا عملی مظاہرہ پیش کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے شرکت کرتے ہوئے خواتین کی معاشی خودمختاری کی اہمیت پر زور دیا۔ یہ پروگرام خواتین کو بااختیار بنانے کی ایک مؤثر کوشش ثابت ہوا۔

شعبہ کی جانب سے عالمی یومِ خواتین 2026 کے موقع پر "Rights. Justice. Action. For ALL Women and Girls" کے عنوان سے ایک روزہ سمپوزیم منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ حیات میں نمایاں خدمات انجام دینے والی خواتین کو تہنیتی ایوارڈز سے نوازا گیا۔



پروفیسر رام پنیانی خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن، ڈاکٹر پیکم ٹی سیمول، مولانا خالد سیف اللہ رحمانی

اسلامک اسٹڈیز

"حضرت محمد کا جیون ہی پریم کا سندیش ہے" پروفیسر رام پنیانی

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز کے زیر اہتمام 8 اور 9/ اکتوبر کو دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ، حیدرآباد کے اشتراک سے منعقدہ اس کانفرنس کا عنوان ''امن و ہم آہنگی: مذہبی تناظر میں'' تھا۔ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں ملک و بیرونِ ملک سے تعلق رکھنے والے ممتاز اہلِ علم و دانش، ماہرینِ مذہب و تہذیب، اور مختلف جامعات کے پروفیسرز و محققین کی ایک بڑی تعداد شریک ہوئی۔

معروف دانشور اور نامور مؤرخ پروفیسر رام پنیانی افتتاحی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ''حضرت محمد کا جیون ہی پریم کا سندیش ہے۔ راجاؤں نے جو کچھ کیا اس کی بناء پر آج کے لوگوں کے خلاف نفرت نہیں پھیلانی چاہیے۔ پروفیسر رام پنیانی نے مزید کہا کہ اورنگ زیب نے پچاس سے زیادہ مندروں کو دان دیا۔

صدر اجلاس، پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا ہمیں سچائی اور حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے اور جو صحیح نتیجہ ہے وہاں تک پہنچنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامک اسٹڈیز کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی (صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ و جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی، انڈیا) نے افتتاحی خطاب میں قرآنی آیات سے استدلال کرتے ہوئے کہا کہ "کافر" لفظ کوئی گالی نہیں ہے، اس لیے کہ کفار مکہ نے خود اپنے لیے "کافرون" کا لفظ استعمال کیا تھا جس کو قرآن کریم نے نقل بھی کیا ہے (زخرف: 24)۔ اگر کافر لفظ گالی ہوتا تو کفار مکہ خود اپنے لیے یہ لفظ استعمال نہیں کرتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ہر انسان کو قابل احترام سمجھتا ہے، تمام انسانوں کی عزت و آبرو، مال و اسباب کو قابل احترام گردانتا ہے۔ آج ہندو اور مسلمانوں کے درمیان مشترکہ اخلاقی اقدار کی بنیاد پر بہتر تعلقات قائم کرنا وقت کا سب سے بڑا تقاضہ ہے۔

افتتاحی اجلاس میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے صدر و ڈائرکٹر سیمنار پروفیسر محمد حبیب نے مہمانان کا استقبال کیا اور سیمنار کے موضوع و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر پیکم ٹی سمویل، ڈائرکٹر ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ نے تمام مہمانانِ کرام کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایسے علمی اجتماعات سماجی ہم آہنگی کے فروغ میں عملی کردار ادا کرتے ہیں۔

اختتامی اجلاس کے دوران پروفیسر عبید اللہ فہد سابق چیئرمین شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ علی گڑھ نے پیغمبرانہ تعلیمات اور بین المذاہب امن و ہم آہنگی کے اصولوں کو جدید تناظر میں اجاگر کیا۔

اجلاس میں مہمانِ اعزازی نامور مورخ پروفیسر رام پنیانی نے بھی مخاطب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی مکالمہ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مذہبی اور سماجی تفاوت کے باوجود علمی و اخلاقی اتحاد معاشرے کی ترقی کے لیے ضروری ہے۔

اختتامی اجلاس میں صدارتی کلمات پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار نے پیش کیے۔ انہوں نے کانفرنس کے کامیاب انعقاد اور مقالہ نگاروں کی علمی خدمات کی تعریف کی اور کہا کہ ایسے علمی اجتماعات سماجی ہم آہنگی اور علمی ترقی کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

مہمانِ خصوصی پروفیسر پی ایچ محمد، ڈین اسکول آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز، مانو نے اپنے خطاب میں کانفرنس کے کلیدی نکات اور علمی اثرات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے مقالہ نگاروں کے تحقیقی کاموں کی اہمیت اور ان کے بین الاقوامی سطح پر ممکنہ اثرات پر تفصیل سے تبادلۂ خیال کیا۔

شعبۂ تاریخ

زماں و مکاں کا باہمی تعلق تاریخ فہمی کے لیے ناگزیر: پروفیسر سیشن

شعبۂ تاریخ کے زیر اہتمام دو روزہ قومی سیمنار کا ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ، حیدرآباد کے اشتراک سے انعقاد عمل میں آیا۔ یہ سیمنار 4 اور 5/ نومبر کو ہوا۔ سیمنار کا عنوان "ہندوستانی تاریخ میں علاقہ" تھا۔ اس سیمنار میں ملک بھر سے ممتاز مورخین، محققین اور اسکالرز نے شرکت کی۔

افتتاحی اجلاس میں پروفیسر رادھیکا سیشن نے کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے اپنے خطبہ میں کہا کہ علاقہ محض جغرافیائی اکائی نہیں بلکہ ایک طرزِ زندگی ہے اور اس کو سمجھنے میں تاریخ کا بنیادی کردار ہے۔

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اپنے صدارتی خطاب میں ہندوستان کی تہذیبی و ثقافتی وراثت کے تحفظ میں علاقائی تاریخوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تاریخی متون جیسے "حدود العالم من المشرق الی

مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے ترجمہ اور انسانی ترجمہ کے فرق کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیا۔ پروفیسر فہیم الدین احمد نے مہمان مقرر کا خیر مقدم کرتے ہوئے اُن کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔ پروفیسر خالد مبشر الظفر نے صدارتی کلمات کہے۔ اس موقع پر ماہر لسانیات پروفیسر پنچانن موہنتی، یونیورسٹی آف حیدرآباد بھی موجود تھے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر ابوشہیم، ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، ڈاکٹر شاکر رضا، جناب عابد عبدالواسع، ڈاکٹر شیخ سعدی ارشد، ڈاکٹر ظفر گلزار اور ڈاکٹر محمد نعمان کے علاوہ شعبہ تقابلی ادب ولسانیات کے اساتذہ کرام اور طلبہ اور ریسرچ اسکالرس کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈاکٹر کہکشاں لطیف نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ اور شکریہ کی رسم پروفیسر سید محمود کاظمی نے ادا کی۔ قبل ازیں پروگرام کا آغاز شعبہ ترجمہ کے طالب علم محمد اسعد کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

شعبہ ترجمہ کے سمینار سے پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر ارجمند آرا اور دیگر کا خطاب

شعبہ ترجمہ کی جانب سے 25 اور 26/ مارچ کو دوروزہ قومی سمینار کا اہتمام کیا گیا۔ سمینار کا مرکزی موضوع "ترجمہ اور تغیر: زبان، ثقافت اور سماج کے باہمی روابط کا مطالعہ" تھا۔ پروفیسر ارجمند آرا نے اس موضوع پر کلیدی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ عہد قدیم سے انسانی تمدن کی ترقی اور تہذیبی تغیر وتبدیلی میں فن ترجمہ نے غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔ مصر، یونان اور روم کی قدیم ترین تہذیبوں کے علمی وثقافتی سرمائے سے دنیا محروم ہی رہ جاتی اگر انہیں ترجموں کے ذریعے اگلی نسلوں تک منتقل نہیں کیا جاتا۔

پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطبے میں کہا کہ علمی دنیا کبھی بھی ترجمے سے صرف نظر نہیں کرسکتی اور دنیا کے ہر بڑے ادیب نے اپنی زندگی کے کسی نہ کسی حصے میں ترجمہ ضرور کیا ہے۔ وائس چانسلر نے ترجمہ کی اہمیت، ترجمہ اور ثقافت کے باہمی تعلق اور ترجمے کی حرکیات کے نہایت بصیرت افروز نکات بیان کیے۔

اس موقع پر مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر علی رفاد فتحی نے کہا کہ ترجمہ محض ایک لسانی سرگرمی نہیں بلکہ ایک مکمل ثقافتی عمل ہے جس میں ایک زبان کی ثقافت دوسری زبان کی ثقافت میں ڈھل جاتی ہے۔ اس منتقلی میں مترجم کو مختلف قسم کی لسانیاتی وثقافتی چیلنجز سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ مہمان خصوصی پروفیسر باراں فاروقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ مختلف ثقافتوں میں زبان کے الفاظ اپنے مخصوص معنی کے ساتھ جلوہ گر ہوتے ہیں۔ مہمانِ اعزازی سہیل احمد فاروقی نے اردو زبان میں الفاظ کی وسعت کا تذکرہ کیا۔

قبل ازیں افتتاحی اجلاس میں صدر شعبہ ترجمہ پروفیسر خالد مبشر الظفر نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے۔ سمینار کے کوآرڈینیٹر پروفیسر سید محمود کاظمی نے سمینار کا تعارف پیش کیا۔ ڈین پروفیسر گلفشاں حبیب نے اسکول اور اس کے مختلف پروگراموں اور کورسز کا تعارف پیش کیا۔ پروفیسر فہیم الدین احمد نے افتتاحی اجلاس کی کارروائی چلائی اور ڈاکٹر کہکشاں لطیف نے اظہار تشکر کا فریضہ انجام دیا۔

اسکول برائے فنون و سماجی علوم

سماجی علوم کے اصطلاحات کی انگریزی اردو لغت کی تیاری



ورکشاپ میں پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر اے ناگیشور راؤ، ڈاکٹر خورشید عالم و دیگر

سماجی علوم کے طلبہ کے لیے انگریزی-اردو لغت کی تیاری کے لیے شعبۂ سیاسیات، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے ایک ورکشاپ کا افتتاح 10/ نومبر کو عمل میں آیا۔ صدر شعبۂ سیاسیات پروفیسر اے ناگیشور راؤ کے مطابق یہ ورکشاپ 5 دن 10 تا 14/ نومبر جاری رہا۔ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے علمی وتدریسی میدان میں لغت کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی۔

ڈاکٹر شہزاد احمد انصاری، اسسٹنٹ ڈائرکٹر کمیشن برائے سائنسی وفنی اصطلاحات، حکومت ہند نے بھی ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس کو مخاطب کیا۔ ڈاکٹر وسیم الرحمٰن، آئی آر ایس نے بھی مخاطب کیا۔ اجلاس کی نظامت ورکشاپ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد خورشید عالم نے انجام دی۔ آخر میں پروفیسر افروز عالم نے شکریہ کے فرائض ادا کیے۔





پروفیسر اشتیاق احمد خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر گلفشاں حبیب، پروفیسر رضاء اللہ خان، پروفیسر کے ناگیندر اور ڈاکٹر گیتا۔

مانو میں ذیلی بیانیوں کی نئی تعبیر پر قومی کانفرنس کا انعقاد

شعبۂ انگریزی اور سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE)، مانو کے زیرِ اہتمام 11 اور 12 فروری کو دو روزہ قومی کانفرنس کا انعقاد عمل میں آیا۔ کانفرنس کا عنوان "Reframing the Subaltern Narratives: Comparative and Interdisciplinary Insights" تھا۔ اس کانفرنس میں مختلف علمی پس منظر سے تعلق رکھنے والے اہلِ علم نے شرکت کی تاکہ ادب اور ثقافت میں حاشیے پر موجود آوازوں پر تبادلۂ خیال کیا جا سکے۔

صدارتی خطاب میں وائس چانسلر مانو پروفیسر سید عین الحسن نے ان عام خواتین کو یاد رکھنے کی ضرورت پر زور دیا جنہیں مرکزی تاریخ نویسی میں اکثر نظر انداز کیا گیا ہے۔ انہوں نے حاشیے کی آوازوں اور ثقافتی یادداشت کی بازیافت میں لوک ادب کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ ان کی جانب سے اقبال کی شاعری کی قرأت نے آڈیٹوریم میں ایک پُر اثر اور فکری فضا قائم کی۔

کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے پروفیسر راجیند رچنی، ڈائرکٹر، منا سا سینٹر فار کلچرل اسٹڈیز، شیوموگا نے علامہ اقبال کی شاعری کو ذیلیت اور ثقافتی مزاحمت کے تناظر میں پیش کیا اور تنقیدی مکالمے کے نئے امکانات وا کیے۔ مانو کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے شرکاء سے خطاب کیا اور جامعہ کے علمی مکالمے کے فروغ کے عزم کو اجاگر کیا۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر این ناگراجو، وائس چانسلر، ایفلو، حیدرآباد نے عصرِ حاضر میں حاشیے کی آوازوں کی از سرِ نو تعبیر اور بازیافت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ابتداء میں کانفرنس ڈائرکٹر پروفیسر ناگیندر کوٹا چیرو وو کے استقبالیہ خطاب کیا۔ ڈاکٹر گیتا، کانفرنس کنوینر نے کانفرنس کے مقاصد بیان کرتے ہوئے ذیلی مطالعات میں جامع، تقابلی اور بین العلومی مباحث کی ضرورت پر زور دیا۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر ویبھا شرما، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے کبیر داس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ''کسی بھی سنجیدہ تنقیدی مباحثے کی ابتدا عدمِ تعلم (Unlearning) سے ہونی چاہیے۔''

پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین، اسکول آف لینگویجز، لنگوسٹکس اینڈ انڈولوجی اور پروفیسر رضا اللہ خان، ڈائرکٹر، CDOE نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر تین کتابوں کی رسمِ اجرا بھی عمل میں آئی۔

"سیاسی میدانوں میں خواتین کی شرکت ناگزیر ہے" شیخ الجامعہ، مانو

شعبۂ انگریزی، مانو اور ساہتیہ اکیڈمی نئی دہلی کے تعاون سے ''Women Perspectives and NewWriting in India: Contemporary Aesthetics'' کے عنوان سے ایک روزہ قومی سمپوزیم کا انعقاد 10 مارچ 2026 کو سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم میں منعقد کیا گیا۔ یہ سمپوزیم ہندوستان میں خواتین کی تحریروں کا جائزہ لینے کے لیے منعقد کیا گیا۔

اپنے صدارتی خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن نے اس اہم اور فکری طور پر بامعنی موضوع پر سمپوزیم کے انعقاد کے لیے شعبۂ انگریزی کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ''خواتین کی سماجی، ثقافتی اور سیاسی میدانوں میں فعال شرکت ان کی زندگیوں میں بامعنی تبدیلی لانے کے لیے نہایت اہم ہے''۔

رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد، مانو نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ انگریزی کی جانب سے خواتین کی ادبی خدمات پر مبنی قومی سطح کے علمی پروگرام کے انعقاد کو قابلِ ستائش قرار دیا۔ مہمانِ خصوصی محترمہ عرشیہ حسن صدر "مانو انجمن خواتین" نے خواتین کی تخلیقی آوازوں کو تسلیم کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مہمانِ اعزازی ڈاکٹر گو شیامالا، جو حاشیے بردار طبقات کی آوازوں اور ان کے تجربات پر اپنی تحقیق و تحریروں کے لیے معروف ہیں، نے خواتین کی تحریروں کی تبدیلی لانے والی قوت پر اظہارِ خیال کیا۔

ڈائرکٹر سمینار و صدر شعبہ انگریزی، ڈاکٹر ناگیندر کوٹا چیرو نے استقبالیہ کلمات پیش کرتے ہوئے معاصر ادبی مباحث میں خواتین کی تحریروں کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سمپوزیم کی کنوینر پروفیسر ڈاکٹر گیتا نے اپنے ابتدائی کلمات میں سمپوزیم کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ سمپوزیم میں کلیدی خطبہ پروفیسر نا ندینی ساہو، وائس چانسلر ہندی یونیورسٹی، مغربی بنگال، کی جانب سے کیا جائے گا۔

شعبۂ ترجمہ

شعبہ مطالعاتِ ترجمہ میں ''لسانیات اور ترجمہ'' کے عنوان پر پروفیسر امتیاز حسنین کا توسیعی لیکچر

شعبہ مطالعات ترجمہ میں ''لسانیات اور ترجمہ'' کے عنوان پر ممتاز ماہر لسانیات پروفیسر امتیاز حسنین، پروفیسر مولانا آزاد چیئر نے اکتوبر میں منعقدہ اپنے توسیعی لیکچر میں لسانیات کے حوالے سے ترجمہ اور اس کی باریکیوں پر روشنی ڈالی اور دورِ حاضر میں

الحسن کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ 154 صفحات پر مشتمل اس کتاب کو مانو کے ڈائرکٹوریٹ، ٹرانسلیشن، ٹرانسلیشن اسٹڈیز، لیکسیکوگرافی اینڈ پبلیکیشن کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔

پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے اس کتاب کا تعارف کرواتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب نویں اور دسویں صدی عیسوی کے عربی سفرناموں میں ہندوستانی تہذیب و ثقافت کا بیان اور اس کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ ہے۔ معروف ادیب، مصنف اور اسلامی مفکر پروفیسر محسن عثمانی نے اس کتاب کے متعلق کہا کہ ڈاکٹر محمد شاکر رضا عربی زبان وادب کے استاذ اور نقاد ہیں، اور ان کی یہ تصنیف امید ہے کہ اہل علم اور اہلِ ذوق حضرات کے درمیان قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔ ایٹلو یونیورسٹی کے پروفیسر محمد انظر ندوی نے بھی خطاب کیا۔

شعبۂ فارسی

جدید فارسی ادب پر بین الاقوامی سمینار

شعبۂ فارسی و مطالعاتِ وسط ایشیا، مانو اور قونصل خانہ جمہوریہ اسلامی ایران، حیدرآباد کے اشتراک سے 9/فروری کو دوروزہ بین الاقوامی سمینار کا آغاز ہوا۔ سمینار کا عنوان ''روندھا وابعاد ادبیات جدید فارسی'' تھا۔

افتتاحی اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے پروفیسر سید عین الحسن وائس چانسلر نے کہا کہ فارسی میں عصری ادب کے محرک مختلف سیاسی تحریکیں، معاہدے اور عہد نامے ہیں۔ جدید فارسی ادب کے آغاز، ارتقاء وتشکیل میں مرد وزن دونوں کا برابر حصہ ہے۔

افتتاحی اجلاس میں آقائی حمید احمدیہ، قونصل جنرل، جمہوریہ اسلامی ایران متعینہ حیدرآباد نے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ فارسی ادب کا شمار دنیا کے ان چند ادبی میراث میں ہوتا ہے جو آج بھی پوری آب وتاب اور تخلیقی تازگی کے ساتھ جاری ہے۔ ان کے مطابق فارسی صرف ایک قومی سرمایہ نہیں بلکہ ایک بین الاقوامی اور بین الاذہانی ورثہ ہے۔



کتاب کی رسم اجراء کے موقع پر پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، ڈاکٹر افتخار احمد، پروفیسر عزیز بانو، آقائی حمید احمدیہ، پروفیسر انور خیری اور پروفیسر صادق حسین

افتتاحی اجلاس کو مخاطب کرنے والوں میں آقائی قہرمان سلیمان بھی شامل ہیں۔ جو پرشین ریسرچ سنٹر، نئی دہلی کے ڈائرکٹر ہیں۔ انہوں نے اپنا کلیدی خطبہ آن لائن پیش کیا۔ جبکہ پروفیسر انور خیری، ساتا دانشگاہ کابل اور پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، مانو نے بحیثیت مہمانانِ اعزازی شرکت کرتے ہوئے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر افتخار احمد، صدر شعبۂ فارسی ومطالعاتِ وسط ایشیاء وڈائرکٹر سمینار نے خطبۂ استقبالیہ پیش کیا۔ ڈاکٹر سید عصمت جہاں، اسوسیٹ پروفیسر نے نظامت کے فرائض انجام دیئے جبکہ پروفیسر عزیز بانو نے ہدیہ تشکر پیش کیا۔ افتتاحی اجلاس میں پروفیسر صادق حسین، پٹنہ یونیورسٹی کی مرتبہ کتاب ''ریاض الحروف از میر وزیر علی (عبرتی عظیم آبادی)'' کی رسم اجراء عمل میں آئی۔

شعبۂ انگریزی

''مانو کے ساتھ دوبارہ'' پروگرام کا انعقاد



محترمہ متین انصاری خطاب کرتے ہوئے۔ محترمہ عرشیہ حسن، پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد اور پروفیسر کے ناگیندر

شعبۂ انگریزی کے زیر اہتمام 3/نومبر کو ایک سماجی خدمت کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تنظیم دوبارہ کے اشتراک سے منعقدہ پروگرام کا عنوان "مانو کے ساتھ دوبارہ" تھا، جس میں تنظیم دوبارہ (DOBARA Organization) نے 60 سے زائد بزرگ شہریوں کے ساتھ شرکت کی۔ اس پروگرام کا مقصد مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے سماجی شراکت کے دائرے کو وسیع کرنے کے عزم کا اظہار تھا۔

یہ تقریب یونیورسٹی کے بایوڈائیورسٹی پارک میں منعقد ہوئی، جس میں سماجی تنظیم ''دوبارہ'' کے سربراہ اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن، رجسٹرار پروفیسر شیخ اشتیاق احمد اور دوبارہ تنظیم کی بانی متین انصاری نے حاضرین سے خطاب کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے دورے پر آئے بزرگ شہریوں کے لیے طلبہ نے خوبصورت نغمے پیش کیے۔

جمالی اور فریدہ زین کے فن کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ ان کے موضوعات میں معاشرتی مسائل، عورت کی شناخت، گھریلو زندگی اور بدلتے ہوئے سماجی رویے نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔ پروفیسر آمنہ تحسین کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ انہوں نے سلطانہ کا خواب جیسی اہم کتاب کا ترجمہ اور تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔ اس موقعے پر شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے استاد ڈاکٹر احسن ایوبی نے فارسی کہانی کا اردو ترجمہ بہ عنوان ''خرگوش اور ٹماٹر'' پیش کیا جس میں عورت کی مظلومیت اور بے بسی کو موضوع بنایا گیا ہے۔ اس پروگرام کی صدارت پروفیسر شمس الہدی دریابادی نے کی جبکہ نظامت کے فرائض پروفیسر احمد خان نے انجام دیے۔ پروگرام کے اختتام پر پروفیسر فیروز عالم نے شکریہ ادا کیا۔

بچوں کے ادب پر دوروزہ قومی سمینار



پروفیسر عزیز بانو خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر مسرت جہاں، پروفیسر فیروز عالم و دیگر

شعبۂ اردو اور مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم اور ثقافتی سرگرمی مرکز کے اشتراک سے 29 اور 30 رجنوری کو دوروزہ قومی سمینار کا اہتمام کیا گیا۔ سمینار کا عنوان "اکیسویں صدی میں بچوں کا ادب: مسائل و امکانات" تھا۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔

مہمان خصوصی معروف شاعر اور ادیب اطفال جناب حافظ کرناٹکی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کا ادب تخلیق کرنا شوق نہیں ذمہ داری ہے۔ انھوں نے بچوں کے ادب کو محض تفریح کے بجائے کردار سازی اور فکری تربیت کا مؤثر ذریعہ قرار دیا۔

کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے ممتاز فکشن نگار محترمہ ذکیہ مشہدی نے ادب اطفال کی تخلیق کے دوران بچوں کی نفسیات اور ان کی ذہنی سطح کا لحاظ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

استقبالیہ کلمات پروفیسر گلفشاں حبیب ڈین اسکول برائے السنہ لسانیات و ہندوستانیات نے ادا کیے اور موضوع کا تعارف صدر شعبۂ اردو پروفیسر مسرت جہاں نے پیش کیا۔ پروگرام کی نظامت پروفیسر فیروز عالم شعبہ اردو نے انجام دی جب کہ اختتامی کلمات پروفیسر محمد رضا اللہ خان ڈائرکٹر سی ڈی او ای مانو نے پیش کیے۔ پروگرام کی شروعات محمد سلمان کے تلاوت قرآن پاک سے ہوئی۔

اختتامی اجلاس میں پروفیسر عرشیہ جبیں، شعبۂ اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد نے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر عزیز بانو، سابق ڈین، اسکول برائے السنہ لسانیات و ہندوستانیات نے کی۔

پروفیسر عزیز بانو نے اپنے خطاب میں مقالہ نگاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بعض مقامات پر اصلاحی نکات کی طرف بھی توجہ دلائی اور کہا کہ مقالہ محض معلومات کا مجموعہ نہ ہو بلکہ اس میں موضوع کی وضاحت، منطقی ربط، حوالہ جات اور نتائج کی معنویت کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

شعبۂ عربی

سمینار "عربی ادب میں طنز و مزاح" کا اہتمام

شعبۂ عربی کے زیر اہتمام 29 اور 30 راکتوبر کو قومی سمینار بعنوان "عربی ادب میں طنز و مزاح" کا اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر عبدالماجد قاضی، سابق صدر شعبۂ عربی جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی نے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ عربی ادب میں طنز و مزاح کا عنصر جس فکری گہرائی اور وسعت کے ساتھ جلوہ گر ہے، اس کی مثال دیگر زبانوں میں کم ہی ملتی ہے۔ عربی کے نامور ادباء نے طنز و مزاح کو اصلاحِ فکر و ذوق کا ذریعہ بنایا، کیونکہ ان کے نزدیک مسکراہٹ فہم و ادراک کی پہلی سیڑھی ہے۔



پروفیسر فضل الرحمٰن خطاب کرتے ہوئے، پروفیسر علیم اشرف جائسی و دیگر

سمینار کے صدارتی خطاب میں پروفیسر فضل الرحمٰن (انچارج وائس چانسلر، مانو) نے شعبۂ عربی کو اس منفرد موضوع پر سمینار منعقد کرنے کے لیے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طنز و مزاح ادب کا آئینہ ہے جو معاشرتی خامیوں کو شائستگی اور فنکارانہ لطافت کے ساتھ نمایاں کرتا ہے۔

عربی کے اولین سفرناموں کے موضوع پر کتاب کی رسم اجراء

شعبۂ عربی کے استاذ ڈاکٹر محمد شاکر رضا کی کتاب "عربی کے اولین سفرناموں میں ہندوستانی تہذیب و ثقافت" کی رسم اجراء 11 رفروری کو وائس چانسلر پروفیسر سید عین



کانفرنس کے دوران پروفیسر پرشوتم اگروال، پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر اشتیاق احمد، پروفیسر گلفشاں حبیب، پروفیسر علیم اشرف جائسی، پروفیسر امتیاز حسنین اور پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی دیکھے جاسکتے ہیں۔

دوروزہ لسانی عالمی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کا دوسرا کلیدی خطبہ یونیورسٹی آف کیلیفورنیا میں ہسٹری کے پروفیسر نیل گرین نے دیا۔ ''رسومات کی ہجرت اولیاء کے اعراس اناطولیہ سے دکن تک'' کے موضوع پر اپنے پُرمغز کلیدی خطبہ میں انہوں نے کہا کہ اسلامی ثقافت اور اسلامی عقائد میں بنیادی فرق ہے۔ان کے مطابق عقائد براہ راست مذہب اور رسوم ورواج سے جڑے ہیں جبکہ اسلامی ثقافت ایک تہذیبی دائرہ ہے جس میں وہ سب کچھ شامل ہے جو مسلم حکمرانوں، تاجروں، صوفیاء اور دانشوروں کے زیر اثر پروان چڑھا ہے۔ چاہے وہ مذہبی ہو یا نہ ہو۔

پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ صوفی ازم ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کا علمبردار ہے۔ کیونکہ ہر صوفی کی تعلیمات میں دل کا ذکر ہوتا ہے۔ ہم سب کو یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ دل کی صرف ایک زبان ہوسکتی ہے اور وہ دھڑکن ہے۔ابتداء میں رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے خیر مقدمی کلمات کہے اور دوروزہ عالمی کانفرنس کے انعقاد کے اغراض ومقاصد بیان کیے۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کی تاریخ میں اس طرح کی عالمی کانفرنس ایک اہم سنگ میل ہے۔ جب دنیا بھر سے نامور اسکالرس اور 4 مختلف زبانوں کے ماہرین ایک پلیٹ فارم پر جمع ہورہے ہیں۔کانفرنس کے کنوینر پروفیسر امتیاز حسنین اور ڈائرکٹر پروفیسر علیم اشرف جائسی نے بالترتیب انگریزی اور اردو میں کانفرنس کے خدوخال بیان کیے جبکہ افتتاحی اجلاس کے اختتام پر پروفیسر گلفشاں حبیب، ڈین اسکول آف لینگویجس نے ہدیۂ تشکر ادا کیا۔ اجلاس کی کارروائی پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، شریک کنوینر نے چلائی۔

دوسرے دن کے پہلے سیشن کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔اس سیشن میں کنیڈا سے تشریف لائے ڈاکٹر تقی عابدی نے ''علامہ اقبال کے اردو، فارسی کلام میں برصغیر کی مشترکہ سماجی، ثقافتی، انسانی قدروں کا مختصر جائزہ'' کے موضوع پر مخاطب کیا۔

اس کے بعد کے سیشن میں شرکاء نے "Comparison as Relations" کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔اظہار خیال کرنے والوں میں ڈاکٹر آرتھر ڈنڈے (یونیورسٹی آف کیمبرج)، پروفیسر سید اے سعید (ایفلو)، پروفیسر جیوتی سبھروال (یونیورسٹی آف دہلی)، ڈاکٹر رضوان احمد (قطر یونیورسٹی)، ڈاکٹر قادری سیدہ عرشیہ فاروق حسین (اورنگ آباد) بھی شامل تھے۔ سہ پہر کا سیشن: "Polyglossic South Asia: Linguistic Dynamics" موضوع پر منعقد ہوا۔جس میں پروفیسر شریش چودھری (آئی آئی ٹی مدراس)، پروفیسر پنچانن موہنتی، پروفیسر خطیب سید مصطفیٰ (اے ایم یو) نے اظہار خیال کیا۔متوازی سیشن ''ورڈس اینڈ ورلڈس: لٹریری اینڈ کلچرل ایفی نیٹیز'' میں ڈاکٹر ساجد علی قادری (شیر پور)، ڈاکٹر محمد شاکر رضاء (مانو)، پروفیسر سید محمود کاظمی (مانو) اور پروفیسر فیروز عالم (مانو) نے حصہ لیا۔ دوسرے متوازی سیشن ''اردو ادب: علاقائی اور غیر علاقائی اثرات'' کے زیر عنوان منعقد ہوا۔ اس میں ڈاکٹر طلحہ فرحان (مانو)، ڈاکٹر زہیر احمد اور ڈاکٹر محمد اکرم خان (مانو)، ڈاکٹر شاہدہ بیگم (اے ایم یو)، ڈاکٹر افتخار احمد (مانو) نے اظہار خیال کیا۔ ایک اجلاس ''کلچرل پولٹکس: ایستھیٹکس، ٹرانسلیشن اینڈ ہسٹری آف آئیڈیاس'' کے موضوع پر منعقد ہوا۔ اس میں پروفیسر محمد اقبال حسین ندوی (ایفلو)، پروفیسر قیصر شمیم (این سی ای آر ٹی)، پروفیسر شہاب الدین ثاقب (اے ایم یو)، پروفیسر سید سجاد حسین (یونیورسٹی آف مدراس)، ڈاکٹر عامر حسین صدیقی (ممتاز پی جی کالج لکھنؤ)، پروفیسر اشتیاق احمد (رجسٹرار مانو)، پروفیسر سید علیم اشرف جائسی (مانو) اور پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی (مانو) نے مقالے پڑھے۔

شعبۂ اردو

مانو میں ڈاکٹر نسترن احسن فتیحی کا توسیعی لیکچر

شعبہ اردو کے زیر اہتمام 29/مارچ کو ایک علمی وادبی پروگرام منعقدہ ہوا۔جس میں معروف افسانہ نگار ڈاکٹر نسترن احسن فتیحی کا توسیعی لیکچر رکھا گیا۔لیکچر کا عنوان ''معاصر خواتین فکشن نگار: اسالیب اور موضوعات'' تھا۔اپنے لیکچر میں ڈاکٹر نسترن نے کہا کہ ذکیہ مشہدی کے افسانوں میں سماجی حقیقت نگاری ہے، عذرا نقوی کی شاعری میں حساسیت اور نغمہ جعفری پاشا کی بچوں کے لیے کہانیوں کی اپنی اہمیت ہے۔ ڈاکٹر نسترن احسن فتیحی نے اپنے خطاب میں موجودہ دور کی اہم خواتین فکشن نگاروں کا تفصیل سے ذکر کیا اور ان کے فن، اسلوب اور موضوعات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے انجم قدوائی کے افسانوں کے موضوعات واسلوب پر بھی اظہار خیال کیا اور صادقہ نواب سحر کی افسانہ نگاری کی اہمیت پر روشنی ڈالی، اور ثروت خان کے ہاں راجستھانی ثقافت کی جھلک پر بھی گفتگو کی۔اس کے علاوہ انہوں نے نگار عظیم، جیلانی بانو، زینت ساجدہ، نجمہ نکہت، قمر



یوم سائنس کے موقع پر مانو ماڈل اسکول حیدرآباد کے پرنسپل، اساتذہ اور طلبہ

مانو ماڈل اسکول میں قومی یومِ سائنس کا انعقاد

مانو ماڈل اسکول نے قومی یوم سائنس نہایت جوش وخروش اور علمی وقار کے ساتھ منایا۔ یہ پروگرام ممتاز ہندوستانی ماہر طبیعیات C.V. Raman کی جانب سے رامن ایفیکٹ کی دریافت کی یاد میں منعقد کیا گیا۔ اسی دریافت کی مناسبت سے ہر سال 28 فروری کو National Science Day پورے ہندوستان میں منایا جاتا ہے۔

اس موقع پر جماعت نہم اور گیارہویں کے طلبہ کو پوسٹر پریزنٹیشن مقابلے میں نمایاں کامیابیوں پر تہنیت پیش کی گئی۔ بایونیکنالوجی کے شعبہ میں مسکان فاطمہ (اول)، عائشہ اخلاق (دوم) اور ثنا بیگم (سوم)؛ پلانٹ فزیالوجی میں مسکان فاطمہ (اول)، ماریہ جبین (دوم) اور ایم ڈی یاسر؛ جبکہ ایپلیمل فزیالوجی میں شائق شفا (اول)، ثنا فاطمہ (دوم) اور عائشہ فاطمہ (سوم) نے نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں۔ کامیاب طلبہ کو ان کی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی فہم اور بہترین پیش کش کے اعتراف میں تمغۂ امتیاز اور اسناد ستائش سے نوازا گیا۔

اس موقع پر جماعت نہم کے طلبہ ایم ڈی عزیز (اول پوزیشن)، افشین بیگم (دوم پوزیشن) اور شارق عالم (سوم پوزیشن) کو National Science Olympiad (NSO) میں نمایاں کارکردگی پر تمغے عطا کیے گئے۔ یہ امتحان Science Olympiad Foundation کے زیر اہتمام منعقد ہوتا ہے۔ ان طلبہ کی کامیابی نے اسکول کے وقار میں اضافہ کیا۔

وائس چانسلر کے ہاتھوں آفیسرس اسوسی ایشن کے پلانر کا اجراء

وائس چانسلر، پروفیسر سید عین الحسن نے جنوری میں یونیورسٹی کے گروپ 'A' افسران کے تیار کردہ پلانر 2026 کا رسم اجراء انجام دیا۔

آفیسرس اسوسی ایشن کے نو منتخب اراکین نے وائس چانسلر سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں یہ پلانر پیش کیا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ حال ہی میں دو سال کی میعاد کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے غیر تدریسی عملے کے گروپ A سے وابستہ اراکین کی تنظیم کی تشکیل جدید عمل میں آئی۔ جس میں محمد فیض الرحمن - صدر، حبیب اللہ - نائب صدر، زاہد شیخ (سیکریٹری)، عبدالقادر - جوائنٹ سیکریٹری، ڈاکٹر مرہری - خازن، ڈاکٹر ایم اے قدوس اور ڈاکٹر کے ریاض ایگزیکیٹو ممبران شامل ہیں۔

پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، مانو پروفیسر ایمریٹس مقرر



پروفیسر سید علیم اشرف جائسی، سابق صدر شعبۂ عربی وڈین بہبودی طلبہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو پروفیسر ایمریٹس مقرر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پروفیسر علیم اشرف جائسی 19 برسوں کی طویل خدمات انجام دینے کے بعد دسمبر 2025 میں وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہوئے تھے۔ اب وہ بحیثیت پروفیسر ایمریٹس تقرر کے بعد اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات میں اپنی خدمات انجام دیں گے۔ وہ بطور خاص اسپانسرڈ تحقیق اور کنسلٹنسی سرگرمیوں میں ریگولر اساتذہ کے ہمراہ حصہ لیں گے۔

اسکول آف لینگویجس

محبت کا پیغام دیتی ہے ملک محمد جائسی کی پدماوت: پروفیسر پرشوتم

یونیورسٹی میں اردو، ہندی، عربی اور فارسی کی دوروزہ عالمی کانفرنس کا 13 اور 14/ نومبر کو اہتمام کیا گیا۔ اس کے افتتاحی اجلاس میں پروفیسر پرشوتم اگروال جو جے این یو سے تعلق رکھتے ہیں نے کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ پدمات 16 ویں صدی کی ایک شاہکار صوفی اور رومانوی مثنوی ہے۔ جس کو ملک محمد جائسی نے 1540ء میں اودھی زبان میں تحریر کیا تھا۔ یہ ایک تاریخی رومانوی داستان نہیں بلکہ صوفیانہ فلسفے کی عظیم الشان تخلیق ہے۔ پروفیسر پرشوتم اگروال نے اس بات پر گہرے تاسف کا اظہار کیا کہ آج کی نوجوان نسل کے لیے رام کا نام ہو یا اللہ کا نام یہ لڑائی کے نعرے بن گئے ہیں۔ حالانکہ پدماوت کے مصنف ملک محمد جائسی خود کو واضح مسلمان قرار دیتے تھے، لیکن انہوں نے چتوڑگڑھ کی رانی پدمنی اور راجہ رتن سنگھ کی محبت کی داستان ایسے دلچسپ انداز میں لکھی کہ بقول واسودیو اگروال پدماوت کی بنیاد پر ایک چھوٹی سی رامائن الگ سے لکھی جاسکتی ہے۔ پروفیسر پرشوتم اگروال کے مطابق جائسی نے پدماوت میں اپنی اسلامی معلومات اور روایات اور ہندو معلومات اور روایات کو یکجا کیا ہے۔ ان کے مطابق پدماوت عشق مجازی سے عشق حقیقی تک کے سفر کی علامتی تشریح ہے۔ ان کے کلام میں ہندو اور اسلامی تصوف کا حسین امتزاج ملتا ہے۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سوچھتا ہی سیوا مہم کے دوران 2/اکتوبر تک یونیورسٹی میں صفائی کے متعلق مختلف شعور بیداری پروگرام منعقد کیے گئے۔ ہیلتھ چیک اپ کیمپ کا انعقاد اسی کی ایک کڑی تھا۔

اس موقع پر یونیورسٹی میں برسرکار تمام صفائی ملازمین کا عمومی ہیلتھ چیک اپ کیا گیا اور ان ملازمین کو صحت سے متعلق ضروری مشورے اور دوائیں بھی دی گئیں۔ ہیلتھ کیمپ میں ڈاکٹر کے ریاض، میڈیکل آفیسر؛ ڈاکٹر حمیرا فاطمہ، ڈاکٹر شیخ سیف انصاری، ڈاکٹر شاہانہ فاطمہ، ڈاکٹر ثمرین فاطمہ، ڈاکٹر شجاع کامران صدیقی کے علاوہ ہیلتھ سنٹر کے دیگر اراکین نے حصہ لیا۔ ڈاکٹر ایم عبدالقدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار، نوڈل آفیسر سوچھتا ہی سیوا نے انتظامات کی نگرانی کی۔

"وجیلنس ہماری مشترکہ ذمہ داری" کے عنوان سے خصوصی لیکچر

وجیلنس سیل کے زیر اہتمام 4/نومبر کو "وجیلنس ہماری مشترکہ ذمہ داری" کے عنوان سے ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ یہ خصوصی لیکچر سلمان تاج پاٹل، آئی پی



پروفیسر ایم ونجا، سلمان تاج پاٹل، آئی پی ایس کو یادگاری تحفہ دیتے ہوئے۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی اور پروفیسر پردیپ کمار بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

ایس (ڈی سی پی ساؤتھ زون، حیدرآباد) نے دیا۔ انہوں نے کہا کہ سماج سے برائیوں کے خاتمے کے لیے ہر فرد کو اپنی ذمہ داری کا احساس ہونا چاہیے۔ جہاں کہیں کوئی غلط کام دکھائی دے، وہاں اسے روکنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

وجیلنس بیداری ہفتہ

یونیورسٹی میں 'وجیلنس: ہماری مشترکہ ذمہ داری' کے زیر عنوان وجیلنس بیداری ہفتہ 2025 کا انعقاد عمل میں آیا۔ وجیلنس ہفتہ کے تحت 24/اکتوبر کو ایک پروگرام منعقد ہوا۔ اس میں وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وجیلنس اور دیانت داری نہ صرف پیشہ ورانہ زندگی میں بلکہ ذاتی زندگی میں بھی نہایت ضروری ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر ونجا ایم، چیف وجیلنس آفیسر، نے بھی اظہار خیال کیا اور ہوشیاری، دیانت داری اور ذمہ دارانہ طرز زندگی کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح ایک محتاط اور باخبر زندگی انسان کو بااخلاق اور دیانت دار بناتی ہے۔ تقریب کی نظامت ڈاکٹر افروز ظہیر نے کی، استقبالیہ کلمات جناب سی تیالہ راؤ نے پیش کیے، اور شکریے کے کلمات جناب حبیب احمد نے ادا کیے۔

وجیلنس بیداری ہفتہ کے تحت حلف برداری اور مقابلوں کا انعقاد

وجیلنس بیداری ہفتہ کے تحت یونیورسٹی میں ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس کی صدارت پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے کی۔ انہوں نے زندگی کے تمام شعبوں میں وجیلنس اور ایمانداری کی اہمیت، ضرورت اور افادیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے جامعہ کے تمام اساتذہ، طلبہ اور شرکاء کو انٹیگریٹی پلیج بھی دلوایا۔ چیف وجیلنس آفیسر پروفیسر ونا جا ایم نے استقبالیہ کلمات پیش کیے۔

مضمون نویسی کے مقابلے حیدرآباد اور آف کیمپسز میں تینوں زبانوں (اردو، ہندی اور انگریزی) میں منعقد کیے گئے جبکہ جسٹ اے منٹ کا مقابلہ حیدرآباد میں اردو میں منعقد ہوا۔ جسٹ اے منٹ مقابلے میں پروفیسر شاہین شیخ، صدر شعبہ تعلیم و تربیت؛ ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اردو؛ ڈاکٹر اشرف نواز، شعبہ تعلیم و تربیت نے ججس کے فرائض انجام دیئے۔ اس موقع پر پروفیسر صدیقی محمد محمود کے علاوہ اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔ پروگرام کا انعقاد وجیلنس کمیٹی مانو کے ذریعہ عمل میں آیا۔

خاتون دستکاروں کے لیے دھنک بازار کا انعقاد

مانو انجمنِ خواتین اور صفاء کے اشتراک سے 27/اکتوبر کو دھنک بازار کا اہتمام کیا گیا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر اردو یونیورسٹی نے اس بازار کا افتتاح انجام دیا۔ انہوں نے خواتین صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی اور مقامی ٹیلنٹ کو فروغ دینے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے کے اقدام کو سراہا۔ اس کا مقصد خواتین میں تجارت کے فروغ کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا۔ مسز عرشیہ حسن، صدر، مانو انجمن خواتین نے دھنک بازار کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں کا اعتراف کرنا اور کمیونٹی کی مجموعی ترقی میں ان کی شمولیت کو فروغ دینا اس کے اہم مقاصد ہیں۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں پروفیسر ونجا ایم، جنرل سکریٹری مانو انجمن خواتین نے حاضرین کا استقبال کیا جبکہ پروفیسر وقار النساء نے افتتاحی تقریب کی کارروائی چلائی۔



دھنک بازار کے موقع پر محترمہ عرشیہ حسن خطاب کرتے ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن و دیگر



جشن قوالی کی فاتح ٹیم ٹرافی حاصل کرتے ہوئے

اسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹی کا جشن قوالی

اسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹیز کے زیر اہتمام 8ویں بین جامعاتی قومی قوالی مقابلہ ''جشنِ قوالی'' کا اردو یونیورسٹی میں یکم اور 2/اپریل کو انعقاد عمل میں آیا۔ افتتاحی اجلاس میں پروفیسر جے انورادھا، وائس چانسلر، یونیورسٹی آف حیدرآباد، مہمانِ خصوصی تھیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے اس پروگرام کی صدارت کی۔

قبل ازیں پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین بہبودیِ طلبہ نے خیر مقدم کیا۔ پروفیسر علیم اشرف جائسی، پروفیسر ایمریٹس، مانو نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر معراج احمد، کلچرل کوآرڈینیٹر، مانو نے پروگرام کے متعلق تفصیلات فراہم کیں۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی نے شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر شیخ وسیم نے کارروائی چلائی۔

مانو میں یومِ ہندی کے سلسلے میں پوسٹر کا اجراء

یونیورسٹی میں 11/ستمبر کو یومِ ہندی تقاریب کا انعقاد عمل میں آیا۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے اس موقع پر ایک خصوصی پوسٹر جاری کیا۔ تقریب میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہندی کے فروغ اور نفاذ کے متعلق سبھی کو سنجیدگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے یومِ ہندی کی مبارکباد پیش کی۔ پروفیسر سید نجم الحسن، صدر نشین، راج بھاشا نفاذ کمیٹی نے کہا کہ ہندی ہماری قومی زبان ہے اور اس کو اپنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر راج بھاشا نفاذ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر شگفتہ پروین، ہندی آفیسر کے مطابق ہندی ہفتے کا 11/اگست سے آغاز ہوا۔ اس سلسلے میں مختلف پروگراموں کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ ایک ہفتہ طویل تقاریب کا سلسلہ 17/ستمبر تک جاری رہا۔ ان میں ہندی شاعری کی پیشکشی، مضمون نویسی، کوئز، ہندی میں انتظامیہ کا اندازِ تحریر مقابلہ شامل تھا۔

دفتر تعلقات عامہ کا ورکشاپ

دفتر تعلقات عامہ کے زیر اہتمام ایک تربیتی ورکشاپ کا 15 اور 16/اکتوبر اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں مختلف شعبوں کے منتخبہ پی آر کو آرڈینیٹرس کو خبروں کی تیاری اور ان کی بہتر ترسیل کے متعلق تربیت دی گئی۔ اس کے افتتاحی اجلاس کی پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اردو یونیورسٹی ملک بھر میں اپنی نوعیت کی واحد ایسی یونیورسٹی ہے جو اردو میں اسکولی تعلیم سے لے کر پی ایچ ڈی کی اعلیٰ تعلیم تک فراہم کرتی ہے۔ گذشتہ 27 برسوں کے دوران یونیورسٹی نے کئی ایک اہم سنگِ میل طئے کیے ہیں۔ لیکن مستقبل میں اس سے کہیں زیادہ سفر کرنا ہوگا۔ پبلک ریلیشن ایڈوائزری کمیٹی کی سفارشات پر اس دوروزہ ورکشاپ کا انعقاد عمل میں لایا گیا تھا جس کا عنوان ''تعلقات عامہ کا استحکام ورسائی'' تھا۔

افتتاحی اجلاس کے آغاز میں ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، پبلک ریلیشنز آفیسر نے خیر مقدمی کلمات کہے۔ انہوں نے بتایا کہ دفتر تعلقات عامہ کو بہت ساری خبریں ایک ہی دن میں موصول ہوتی ہے جن میں سے ہر ایک خبر کی ایک ہی دن اشاعت کو یقینی بنانا ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اس پس منظر ہر شعبہ کے پبلک ریلیشنز کو آرڈینیٹر کو دی جانے والی تربیت اہمیت اختیار کر جاتی ہے اور تمام شعبہ جات بھی دفتر تعلقات عامہ کی کارکردگی کو بہتر طور پر سمجھ کر خبروں کی تیاری اور ترسیل کے کام کو آسان بنانے میں ہاتھ بٹا سکتے ہیں۔ افتتاحی اجلاس میں پبلک ریلیشن ایڈوائزری کمیٹی کے چیئرمین مسٹر رضوان احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ افتتاحی اجلاس کے اختتام پر شعبۂ انگریزی کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ تبسم نے شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کا آغاز حافظ دیدار اللہ کی قرأت کلام پاک سے ہوا۔



پروفیسر سید عین الحسن صدارتی خطاب کرتے ہوئے۔ ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری اور جناب رضوان احمد بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

پہلے دن کے پہلے تکنیکی سیشن میں ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری نے خبروں کی تیاری میں درکار ضروری احتیاط کے علاوہ اردو میں پُرکشش خبریں تحریر کرنے کے متعلق تفصیلات فراہم کیں۔ تکنیکی سیشن میں رضوان احمد، صدر نشین پی آر ایڈوائزری کمیٹی نے خطاب کیا۔ عمر اعظمی، پروڈیوسر آئی ایم سی نے ویڈیو گرافی کی تکنیکوں کے متعلق گفتگو کی جبکہ کیمرہ پرسن عبیداللہ ریحان نے فوٹو گرافی کے اصول وضوابط اور طریقوں سے شرکاء کو واقف کروایا۔

دوسرے دن منعقد ہونے والے اختتامی اجلاس میں پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے صدارت کی۔ ڈاکٹر ثمینہ تبسم نے اختتامی اجلاس کی کارروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ ورکشاپ کے اختتام پر بھی شرکاء میں اسناد تقسیم کیے گئے۔

یونیورسٹی میں صفائی ملازمین کے لیے ہیلتھ چیک اپ کیمپ کا انعقاد

یونیورسٹی میں برسرکار صفائی ملازمین کے لیے 29/ستمبر کو ایک خصوصی ہیلتھ چیک اپ کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس کیمپ کا رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے افتتاح انجام دیا۔

پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی خطاب میں اساتذہ کو مشورہ دیا کہ ''وہ خود کو نصاب تک محدود نہ رکھیں۔ بی بی ایس نے اساتذہ کو اس بات کا موقع فراہم کیا ہے کہ وہ طلبہ کو زائد از نصاب زاویوں سے علمی طور پر مستفید کریں۔'' پروفیسر وبھا شرما نے اپنے خطاب میں اردو کو انگریزی کی طرح جمہوری اور اشتمالی زبان قرار دیا۔ اردو ہندوستان کی روح کا حصہ ہے۔ پروفیسر شرما نے یاد دلایا کہ ''اردو کی شناخت سے مربوط نمائشی الفاظ کے محض استعمال سے زبان کو اس کا مستحق مقام نہیں مل سکتا۔'' پروفیسر اشتیاق احمد نے اپنی تقریر میں کہا کہ ''بی بی ایس کے ابتدائی دور میں اردو یونیورسٹی اور شیخ الجامعہ نے نہایت اہم مشاورتی رول ادا کیا۔ اردو کو سنجیدہ اور علمی زبان کے طور پر پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر رضاء اللہ خان نے فاصلاتی تعلیم کے حوالہ سے خود اکتسابی مواد (ایس ایل ایم) کی تیاری میں درپیش مسائل کا حوالہ دیا، اور بتایا کہ ''مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم 426 ایس ایل ایم تیار کر چکا ہے۔'' انھوں نے ریمارک کیا کہ ''بی بی ایس پروجیکٹ مانو کو نہایت صحیح وقت پر ملا ہے۔ اس کے ذریعہ یونیورسٹی آنے والے دنوں میں قومی سطح پر اپنا لوہا منوالے گی۔'' پروگرام کے ابتداء میں پروفیسر خالد مبشر الظفر نے افتتاحی کلمات میں کہا کہ ''ورکشاپ اردو زبان کے فکری، تعلیمی اور علمی مستقبل سے مربوط ایک بامقصد اور دوررس قدم ہے۔''

یومِ اساتذہ دراصل خود احتسابی کا دن: پروفیسر ناگا راجو

یونیورسٹی میں یومِ اساتذہ کے سلسلے میں ایک پروگرام 4/ستمبر کو منعقد ہوا۔ پروفیسر این ناگا راجو، وائس چانسلر انگلش اینڈ فارن لینگویجس یونیورسٹی، حیدرآباد نے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خصوصی لیکچر میں کہا کہ یومِ اساتذہ دراصل خود احتسابی کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدیم ہندوستانی تعلیم خود شناسی اور آزادی کی جستجو کا سفر تھی۔ جب کہ نوآبادیاتی دور میں مغربی ماڈل نے اسے ادارہ جاتی شکل دی۔ آج ہمیں قدروں اور مہارتوں کو یکجا کر کے مستقبل کی تیاری کرنی ہوگی۔ پروفیسر ناگا راجو ''نیا سماجی معاہدہ اور اساتذہ'' کے عنوان پر اظہار خیال کر رہے تھے۔ جشن یومِ اساتذہ کے موقع مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں منعقدہ پروگرام کی میزبانی اسکول برائے تعلیم و تربیت نے کی۔ جبکہ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے صدارت کی۔

اپنے صدارتی خطاب میں پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر مانو نے کہا کہ مکالمے کا آغاز ہماری اپنی سرحدوں سے ہونا چاہیے۔ اساتذہ کی ذمہ داری پیچیدہ، نازک اور چیلنجوں سے بھرپور ہوتی ہے۔ انہوں نے فلسفیانہ بنیادوں پر ابتدائی تعلیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ رنگوں کی پہچان، حالات کا فہم، کمزوریوں کی شناخت، صلاحیت کی ترقی اور معیار کی تمیز سیکھنے کے بنیادی مراحل ہیں۔

تقریب کے مہمانِ اعزازی پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار مانو تھے۔ اپنی تقریر میں



پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر ناگا راجو کو یادگاری تحفہ دیتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

انہوں نے اساتذہ کو تربیت اور سہولت بخش نظام کے ذریعے بااختیار بنانے کی ادارہ جاتی ذمہ داری پر زور دیا۔

ترنگا یاترا کا انعقاد

یونیورسٹی میں 12/اگست کو ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ترنگا یاترا کا اہتمام کیا گیا۔ وزارت ثقافت، حکومت ہند کی ہدایات پر ملک بھر میں 12 تا 15/اگست ہر گھر ترنگا مہم کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔

ڈاکٹر محمد یوسف خان، کوآرڈینیٹر این سی سی نے اس موقع پر جھنڈا دکھا کر ترنگا یاترا کا آغاز کیا۔ اس یاترا میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے این سی سی کیڈٹس کے علاوہ طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے حصہ لیا۔ پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر سی پی ڈی یو ایم ٹی، ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری، اسوی ایٹ پروفیسر ایم سی جے، جناب محمد مجاہد علی، پروڈیوسر آئی ایم سی، ڈاکٹر ایم اے قدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار و دیگر نے بھی اس یاترا میں حصہ لے کر طلبہ کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر طلبہ نے ملک کے تئیں ایماندار رہنے اور اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی نبھانے کا عہد لیا۔ ہر گھر ترنگا مہم کی تشہیر کے لیے اور عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ترنگا یاترا کے علاوہ پینٹنگ، حب الوطنی پر نغمے، کوئز، رنگولی اور نعرہ نویسی مقابلے بھی منعقد کیے جارہے ہیں۔

ڈاکٹر شبانہ کیسر سوری، دوبارہ مانوٹا صدر منتخب



مانو ٹیچرس اسوسی ایشن (مانوٹا) کے اگست میں منعقدہ انتخابات میں ڈاکٹر شبانہ کیسر سوری دوسری معیاد کے لئے صدر کے طور پر منتخب ہوئی ہیں۔ ڈاکٹر شبانہ کیسر سوری سہ رخی سخت مقابلے میں اپنی قریبی حریف پروفیسر وقار النساء کو شکست دے کر مسلسل دوسری بار صدارت کے عہدے پر فائز ہوئیں۔ ڈاکٹر شبانہ نیشنل یونیورسٹیز کے اساتذہ کی قومی تنظیم فیڈکوٹا کی نیشنل نائب صدر بھی ہیں، اور اپنی علمی و انتظامی خدمات کے سبب اساتذہ برادری میں منفرد مقام رکھتی ہیں۔

لیا کہ ہمارے اختیارات کیا ہیں اور ہماری ذمہ داریاں کیا ہے، تو ہم ایک بہترین معاشرتی توازن قائم کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر عبدالعظیم، پراکٹر بھی موجود تھے۔

ڈاکٹر مظفر حسین خان اور ڈاکٹر شیخ وسیم کی نگرانی میں یونیورسٹی کے کلچرل کلب کے طلبہ نے پرچم کشائی کے بعد قومی ترانہ پڑھا اور حب الوطنی پر مبنی نغمے پیش کیے۔ ڈاکٹر محمد یوسف خان، کوآرڈینیٹر این سی سی نے مانو این سی سی کیڈٹس کامیابیوں کا ذکر کیا۔ ان کیڈٹس کا ٹسٹ حولدار سنتوش، حولدار چکرورتی نے لیا تھا۔ کامیاب کیڈٹس کو رینک کے مطابق بیجس دیئے گئے۔ لفٹننٹ محمد عبدالمجیب، اسوسیٹ این سی سی آفیسر کی نگرانی میں ون تلنگانہ آرٹی بیٹری این سی سی مانو سب یونٹ کے کیڈٹس نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری، افسر تعلقات عامہ نے پروگرام کی کارروائی چلائی۔ ڈائرکٹر رضوان احمد کی نگرانی میں آئی ایم سی ٹیم نے یوٹیوب اور سوشیل میڈیا پر پروگرام کا لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔

سیڈ کی جانب سے طلبہ کو ایک کروڑ روپے مالیتی اسکالرشپ کی تقسیم

سیڈ فاؤنڈیشن کی جانب سے مانو کے طلبہ میں ایک کروڑ روپئے مالیتی اسکالرشپ کی 21/اگست کو تقسیم عمل میں آئی۔ اسکالرشپ کی تقسیم میں دی قرآن فاؤنڈیشن نے تعاون کیا۔

اسکالرشپ تقسیم کی اس تقریب میں سال 2025 کے لیے مستحق طلبہ میں ایم سی ایم اسکالرشپ تقسیم کی گئی۔ جس کی جملہ مالیت ایک کروڑ روپے ہے۔ اردو یونیورسٹی اسکالر شپ کی یہ رقم سیڈ (امریکہ) اور دی قرآن فاؤنڈیشن کے ذریعہ سے دی جارہی ہے۔ ڈین اسٹوڈنٹ ویلفیئر پروفیسر سید علیم اشرف جائسی کے مطابق اس برس اسکالر شپ کے لیے جملہ 2,897 طلبہ نے درخواستیں داخل کیں۔ جن میں سے 1000 طلبہ کا انتخاب میرٹ کم میز (MCM) اسکیم کے تحت کیا گیا۔ اسکالرشپ حاصل کرنے والوں میں 697 لڑکے اور 303 لڑکیاں شامل ہیں۔ 675 طلبہ حیدرآباد کیمپس میں زیر تعلیم ہیں۔ جبکہ 325 طلبہ آف کیمپسز سے تعلق رکھتے ہیں۔ جن میں 132 حافظِ قرآن، 417 مدرسہ سے تعلیم یافتہ اور 101 طلبہ کا تعلق لاء ڈپارٹمنٹ سے ہے۔ اسکالرشپس کی تقسیم کے اس پروگرام میں پروفیسر سید عین الحسن کے علاوہ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار مانو؛ سید مظہر الدین حسینی (سیڈ)، محترمہ مہپارہ علی (سابق منیجر ایس بی آئی) موجود تھے۔

قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں ڈین اسٹوڈنٹ ویلفیئر پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے خیر مقدمی کلمات کہے اور سیڈ فاؤنڈیشن، امریکہ اور دی قرآن فاؤنڈیشن، حیدرآباد کا شکریہ ادا کیا۔ اسکالرشپ تقسیم کے اس پروگرام کو مخاطب کرتے ہوئے سید



اسکالرشپ تقسیم کے موقع پر

مظہر الدین حسینی، ڈائرکٹر، سیڈ فاؤنڈیشن (امریکہ)، نے طلبہ کو محنت و لگن سے کام کرنے کی ترغیب دی۔ رجسٹرار پروفیسر ایس کے اشتیاق احمد نے کہا کہ اسکالرشپ محض مالی امداد نہیں بلکہ طلبہ کی محنت کا اعتراف اور انہیں نئی بلندیوں کی طرف بڑھنے کی ترغیب ہے۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ اخلاص، نظم و ضبط اور قومی تعمیر کے جذبے کے ساتھ تعلیم حاصل کریں۔

اردو اور دیگر زبانوں میں درسی کتب کی تیاری کے لئے چھ ہزار کروڑ کا بجٹ

اردو یونیورسٹی میں اردو مصنفین کے دو روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس کا افتتاحی اجلاس 10/فروری کو منعقد ہوا۔ ڈاکٹر چندن شریواستو، ایکڈمک کوآرڈینٹر بھارتیہ بھاشا سمیتی (بی بی ایس)، نئی دہلی نے افتتاحی اجلاس میں بحیثیت مہمان خصوصی آن لائن خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ”حکومت ہند نے اردو کے بشمول مختلف ہندوستانی زبانوں میں اعلیٰ تعلیمی درسی کتب کی تیاری کے لئے اگلے مالی سال میں چھ ہزار کروڑ روپئے کا بجٹ مختص کیا ہے۔ اس کے ذریعہ 2.5 لاکھ علمی کتابوں کی تیاری کا ہدف ہے۔“

اس موقع پر ڈی ٹی ایل پی کے ذریعہ شائع کردہ پانچ کتب ہیومن ہینگ: دی وائس جینرنٹ آف اللہ آن ارتھ (انسان: زمین پر اللہ کا خلیفہ)، مصنف: پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، ہندوستانی علمی نظام، مصنف: پروفیسر محمد مشاہد، ڈاکٹر آفاق ندیم خان، کہت کبیر، مصنف: پروفیسر فیروز عالم، عربی کے اولین سفرناموں میں ہندوستانی تہذیب وثقافت، مصنف: ڈاکٹر محمد شاکر رضاء، اور پروفیسر سید عین الحسن کی تقاریر کا مجموعہ ”عینیات حسن“ مرتب ڈاکٹر محمد شمس الدین کی رسم اجراء بھی عمل میں آئی۔



اس پروگرام میں مانو کے تین طلبہ نے بھی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جنہوں نے اسٹینڈ اپ کامیڈی، فلاپ شو اور ایک خوبصورت نظم پیش کی۔ طلبہ کے ان مظاہروں کو سامعین نے بے حد پسند کیا اور خوب داد دی۔

اس موقع پر ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر پروفیسر سید علیم اشرف جائسی نے مہمانِ خصوصی کو تہنیت پیش کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ یہ پروگرام مانو کی ثقافتی اور ادبی سرگرمیوں کا خوبصورت مظہر ثابت ہوا اور طلبہ میں فنونِ لطیفہ کے فروغ کی ایک عمدہ کوشش تھی۔

☆☆ الف کے تحت ایک شاندار بیت بازی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں مختلف شعبہ جات کی 10 ٹیموں نے حصہ لیا اور طلبہ و اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پروگرام کے کنوینر ڈاکٹر امتیاز عالم تھے۔ ججوں میں ڈاکٹر طلحہ فرحان، ڈاکٹر زاہد الحق (حیدرآباد سینٹرل یونیورسٹی)، اور ڈاکٹر افتخار عالم شامل تھے۔



پہلا انعام: ٹیم مرزا غالب (شیزان ناظم، عمر عبداللہ، ہدایت اللہ)، دوسرا انعام: منیر نیازی (عارف علی، محمدی فاطمہ، ثنا آفرین) اور تیسرا انعام: مجاز (عائشہ نگار، محمد اقبال، محمد تنذیر)

☆☆ آزاد لٹریری فیسٹیول کے موقع پر یونیورسٹی میوزک کلب کے زیر اہتمام ایک پُرکیف تقریب ''شامِ موسیقی'' کا انعقاد کیا گیا۔ محفل کا سب سے یادگار لمحہ ڈاکٹر علی رضا کی پرفارمنس تھی، جنہوں نے اپنے دلکش انداز سے حاضرین سے زبردست داد حاصل کی۔ ان کی پیشکش نے تقریب میں ایک روحانی کیفیت پیدا کر دی۔

ایف ایم سلیم اور اطہر معین کو ستارۂ صحافت ایوارڈ

یومِ آزاد کے موقع پر دو سینئر صحافیوں کو ''ستارۂ صحافت'' کا ایوارڈ برائے سال 2025ء دیا گیا۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش کی مناسبت سے منعقدہ یومِ آزاد لیکچر کی تقریب کے دوران سینئر صحافی ایف ایم سلیم، بیورو چیف روزنامہ ہندی ملاپ کے علاوہ روزنامہ منصف کے ایگزیکٹو ایڈیٹر اطہر معین کو 'ستارۂ صحافت' برائے سال 2025 کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ پبلک ریلیشنز آفیسر ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری کے مطابق دفتر تعلقات عامہ کی جانب سے اردو زبان و ادب اردو ذریعہ تعلیم، اردو تہذیب و ثقافت اور اردو یونیورسٹی کے متعلق عوام میں شعور بیداری کے لیے نمایاں خدمات انجام دینے والے صحافیوں کو تہنیت پیش کرنے کا یہ سلسلہ گذشتہ سال شروع کیا گیا اور اس سال یہ



وائس چانسلر صحافیوں کو تہنیت پیش کرتے ہوئے

ایوارڈ دو سینئر صحافیوں کو دیا گیا۔ ان کے مطابق اردو یونیورسٹی صحافیوں کے اعترافِ خدمات کے اس سلسلے کو آگے بھی جاری رکھے گی اور انہوں نے یہ امید ظاہر کی کہ صحافت کے تمام گوشوں سے حسب روایت سابق یونیورسٹی کو تعاون ملتا رہے گا۔

یومِ جمہوریہ کے موقع پر پروفیسر عین الحسن کا خطاب

یونیورسٹی میں 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ پروفیسر سید عین الحسن نے رسمِ پرچم کشائی انجام کی۔ اس موقع پر یومِ جمہوریہ پیام دیتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ ہم متنوع علاقے، مذہب اور مختلف زبانوں کا پس منظر رکھتے ہیں۔ لیکن ہم سب ہندوستانی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یومِ جمہوریہ کے موقع پر ہمیں ان عظیم مجاہدین آزادی کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیے جنہوں نے اپنے تن من دھن کی قربانی دیتے ہوئے آج ہمیں آزاد ہندوستان میں سانس لینے کا موقع فراہم کیا۔ پروفیسر عین الحسن کے مطابق بحیثیت طالب علم یہ ہر ایک کا فرض ہے کہ وہ ایک دوسرے کی عزت کرے۔ یہ وہ سبق ہے جس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہم ایک عظیم ہندوستان کے ذمہ دار شہری بن سکتے ہیں۔

اس موقع پر پروفیسر مظفر حسین خان اور ڈاکٹر شیخ وسیم پٹھان، کی نگرانی میں یونیورسٹی کے کلچرل کلب کے طلبہ نے قومی ترانہ اور حب الوطنی پر مبنی نغمے پیش کیے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار اور پروفیسر ایم اے عظیم، پراکٹر، ڈاکٹر محمد یوسف خان، صدر نشین قومی تقاریب کمیٹی، وائس چانسلر کے ہمراہ موجود تھے۔ لفٹننٹ محمد عبدالمجیب، اسوسیٹ این سی سی آفیسر کی نگرانی میں ون تلنگانہ آرٹی بیٹری این سی سی مانو سب یونٹ کے کیڈٹس نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ یونیورسٹی کے این سی سی کیڈٹس میں نمایاں کارکردگی کی بنیادوں پر سرٹیفکیٹ اور میڈل تقسیم کیے گئے۔ ان کے علاوہ انڈین یونیورسٹیز اسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ ساؤتھ زون یوتھ فیسٹول میں نمایاں کارکردگی پیش کرنے والی ٹیموں کو بھی تہنیت پیش کی گئی۔

یومِ آزادی کے موقع پر پرچم کشائی

یونیورسٹی میں یومِ آزادی روایتی جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوا۔ پروفیسر سید عین الحسن رسمِ پرچم کشائی انجام دی۔ اس کے بعد انہوں یومِ آزادی پیام پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کا مطلب ذمہ داریاں اور اختیارات دونوں ہیں۔ جس دن ہم نے سمجھ



پروفیسر ای حسنین یومِ آزاد یادگاری لیکچر دیتے ہوئے۔

احمد نے خیر مقدمی کلمات کہے۔انہوں نے کہا کہ سی ڈی اوای کے ڈیجیٹل ملٹی میڈیا سنٹر کا آغاز اس بات کا مظہر ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، مولانا آزاد کے خوابوں کی تعبیر کی سمت مسلسل سرگرمِ عمل ہے۔

یومِ آزاد تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کی۔QS ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں مانو کی شمولیت کو ایک نئے باب کا آغاز قرار دیتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ترقی کا یہ سفر ہمہ جہت کاوشوں کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا نئی قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ سے مانو کو کئی ایک میدانوں میں سبقت حاصل ہوئی ہے۔انہوں نے یونیورسٹی کے اساتذہ، غیر تدریسی عملہ اور خاص کر طلبہ کی سنجیدہ محنت کو ترقی کے لیے دستیاب توانائی کا سبب قرار دیا۔ان کے مطابق طلبہ محنت کے راستے پر چل کر ہی مولانا آزاد کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کر سکتے ہیں۔

یومِ آزاد تقاریب 2025ء کے سلسلے میں
آزاد لٹریری فیسٹول (الف) کا اہتمام

مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش کے حوالے سے منعقد ہونے والے سالانہ یومِ آزاد تقاریب 2025 کی افتتاحی تقریب مانو ماڈل اسکول نوح (ہریانہ) میں منعقد ہوئی۔اس کے بعد حیدرآباد کیمپس میں آزاد لٹریری فیسٹیول (الف) کا انعقاد عمل میں آیا۔جس کے تحت مولانا ابوالکلام آزاد کی زندگی اور خدمات پر مبنی ایک دستاویزی فلم کی نمائش کلچرل ایکٹیویٹی سینٹر میں کی گئی۔ فلم میں مولانا آزاد کی جدوجہدِ آزادی میں خدمات، ان کے تعلیمی نظریات اور قومی یکجہتی کے فروغ میں کردار کو اجاگر کیا گیا۔

☆☆ آزاد لٹریری فیسٹول کے تحت یونیورسٹی لٹریری کلب کے زیر اہتمام ایک ادبی نشست "محفلِ افسانہ" منعقد کی گئی۔اس موقع پر ممتاز افسانہ نگاروں نے اپنے بہترین افسانے پیش کیے جنہیں سامعین نے بے حد پسند کیا۔معروف افسانہ نگار ڈاکٹر عظیم راہی نے اپنا دلچسپ اور عصری موضوع پر مبنی افسانہ "آن لائن رشتے" پیش کیا۔

معروف ادیبہ قمر جمالی نے اپنے پُر اثر افسانے "طلب" سے حاضرین کے دل جیت لیے۔سینئر افسانہ نگار انوار مرزا نے اپنا مؤثر افسانہ "صبح صادق" پیش کیا، جس میں انسانی احساسات اور سماجی حقائق کی جھلک نمایاں تھی۔بہترین قلم کار نور الحسنین نے مستقبل پر مبنی تخلیقی افسانہ "19 مارچ 2050" پیش کیا، جو ناظرین کے لیے ایک انوکھا تجربہ ثابت ہوا۔

☆☆ آزاد لٹریری فیسٹول کے ایک حصے کے طور پر یونیورسٹی میں "کلچر" (ثقافت) کے موضوع پر ایک شاندار انسٹالیشن مقابلہ منعقد کیا گیا۔اس مقابلے میں طلباء و طالبات نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہندوستانی ثقافت کے مختلف پہلوؤں کو فنکارانہ انداز میں پیش کیا۔

مدیحہ محمدی، نشاط افضل، اور نغمہ نگار کوان کی انسٹالیشن "بتکما" پر پہلا انعام دیا گیا۔دوسرا انعام نوید الحسن، صالحہ جبین، اور محمد افروز عالم نے "آدیواسی ثقافت" پر حاصل کیا۔جبکہ ساکم بختاور علی انصاری، محمد شہواز، اور محمد فہیم نے "کثیر الثقافتی" کے موضوع پر انسٹالیشن تیار کرتے ہوئے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

جج حضرات میں ڈاکٹر شاہبہ خاتون، ڈاکٹر آر. سوچریتا، ڈاکٹر بجینا کے۔ کے۔، اور ڈاکٹر زینب خان شامل تھیں۔

☆☆ آزاد لٹریری فیسٹیول کے سلسلے میں "مولانا آزاد کا تعلیمی وژن اور ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر" کے عنوان سے ایک شاندار مباحثے کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر طلبہ نے نہایت پُر جوش انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مولانا آزاد کی علمی، فکری اور تعلیمی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔پروگرام کے دوران طلبہ نے انگلش، ہندی اور اردو تین زبانوں میں مدلل گفتگو کی اور مولانا آزاد کے تعلیم دوست نظریات، قومی یکجہتی کے فروغ اور جدید بھارت کے خواب کو حقیقت بنانے کے حوالے سے اپنے خیالات پیش کیے۔سامعین نے طلبہ کی تقاریر کی بھرپور داد دی۔

مباحثے کے نتائج کا اعلان بھی اسی موقع پر کیا گیا۔انگلش زبان کے زمرے میں ماریہ سوری نے پہلا انعام، روزی تبسم نے دوسرا انعام اور حسن احمد نے تیسرا انعام حاصل کیا۔ہندی زبان میں سفینہ بانو نے پہلا، ضیاء اللہ انصاری نے دوسرا اور عمر عبداللہ نے تیسرا انعام اپنے نام کیا۔اردو زبان کے مقابلے میں محمد عابد رضا نے پہلا، ثنا فردوس نے دوسرا اور سیف علی نے تیسرا انعام حاصل کیا۔

مباحثے کے ججز کے فرائض، ڈاکٹر زینت آراء، ڈاکٹر آسیہ جلیل، جناب محتشم پاشاہ قادری، جناب وجیہہ الشمس اور جناب عامر بدر نے انجام دیے۔

☆☆ الف کے تحت ایک شاندار اسٹینڈ اپ کامیڈی پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔جس میں ہندوستان کے معروف کامیڈین رحمان خان نے اپنی بہترین اور شاندار پرفارمنس سے حاضرین کو محظوظ کر دیا۔

تعلیمی کریڈٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ اردو یونیورسٹی کی مسلسل ترقی پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر سہسرابدھے نے کہا کہ مادری زبان میں تعلیم فراہم کرتے ہوئے سماج کے ایک بڑے طبقے کو بااختیار بنانے کے لیے یونیورسٹی ایک بہت بڑا کام کر رہی ہے۔ میڈیکل ایجوکیشن کے سوابقیہ سبھی مضامین میں اردو یونیورسٹی 127 کورسز فراہم کرتے ہوئے تعلیمی انقلاب کا بیڑا اٹھائے ہوئے ہے۔ انہوں نے بدلتے ہوئے چیلنجس سے یونیورسٹی کے نصاب کو ہم آہنگ کرنے کی وکالت کی اور کہا کہ چیٹ جی پی ٹی اور مصنوعی ذہانت کے مضامین میں جس تیزی سے ترقی ہو رہی ہے طلبہ کو ایسے تمام چیلنجس سے سامنا کرنے کے قابل بنانا ضروری ہے تبھی جا کر وہ سماج کے لیے کارآمد اثاثہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ سیکھنے کا عمل ہمیشہ جاری رکھیں۔

یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے مہمانِ خصوصی پروفیسر سہسرابدھے کا تعارف پیش کیا اور کہا کہ ان کا شمار نئی تعلیمی پالیسی کے معماروں میں ہوتا ہے اور اردو یونیورسٹی میں پروفیسر سہسرابدھے کی آمد ایک فالِ نیک سے کم نہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے صدارتی کلمات میں کہا کہ اٹھائیس برسوں کا وقت کسی بھی یونیورسٹی کی زندگی میں کوئی بہت زیادہ شمار نہیں ہوتا لیکن انہیں اس بات کی خوشی ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے نہایت قلیل مدت میں اپنا ایک معیار قائم کیا ہے۔ جس کا سہرا تدریسی اور غیر تدریسی عملے کی مشترکہ کوششوں کو جاتا ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی کو درپیش چیلنجس کے پس منظر میں کہا کہ کسی بھی یونیورسٹی کی ترقی کے لیے اگر عزم مصمم ہو تو رکاوٹیں بھی ازخود دور ہو جاتی ہیں اور وہ بھی کسی بھی رکاوٹ کے آگے ہتھیار ڈالنے والے نہیں۔ پروفیسر سید عین الحسن کا کہنا تھا کہ مرکزی حکومت کی زیرِ نگرانی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کئی ایک اہم سنگ میل طئے کیے ہیں اور مزید بہتر منزل کی طرف رواں ہے۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں 47 فیصدی طلبہ صنف نازک سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو داں طبقے کو بااختیار بنانے میں یونیورسٹی پوری طرح سے سرگرمِ عمل ہے۔

پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین بہبودیِ طلبہ شکریہ ادا کیا اور پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، صدر نشین یومِ تاسیس انتظامی کمیٹی نے کارروائی چلائی۔ ڈاکٹر عبدالعلیم کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

یومِ تاسیس کے موقع پر تہنیتی پروگرام

یونیورسٹی کے 29 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر یونیورسٹی میں ایک شاندار پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے دوران زندگی کے مختلف شعبۂ حیات میں کارہائے نمایاں انجام



دینے والی مختلف شخصیات کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں اعزازات سے نوازا گیا۔ اس موقع پر جن شخصیات کو یونیورسٹی کی جانب سے اعتراف خدمات کے اعزازات دیئے گئے ان میں پروفیسر مجید بیدار، سابق صدر شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی، جناب لطیف محمد خان، صدر نشین ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے علاوہ محترمہ دلناز بیگ، محترمہ متین انصاری، محترمہ فریدہ راج اور محترمہ نیر جاگری شامل ہیں۔ ان شخصیات کے اعتراف خدمات کے طور پر انہیں یادگاری تحفہ اور توصیف نامہ دیا گیا۔ ان کے علاوہ یونیورسٹی سے سبکدوش ہونے والے تدریسی عملے ڈاکٹر صاحب سنگھ، پروفیسر پروین جہاں، پروفیسر شاہدہ، ڈاکٹر مسرور فاطمہ، پروفیسر سید علیم اشرف جائسی کے علاوہ غیر تدریسی عملے کے سبکدوش اراکین ڈاکٹر کے یو ایس شاستری، جناب سید علی، جناب آر سرینواس، جناب کے ٹی راجو، ڈاکٹر محمد ارشد اقبال اور جناب انیل یادو کو بھی تہنیت پیش کی گئی۔

یومِ آزاد یادگاری لیکچر سے پروفیسر حسنین و دیگر کے خطاب

ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش کے موقع پر 11 رنومبر کو مانو میں ہر سال یومِ آزاد تقاریب کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی کے طور 11 رنومبر 2026ء کو پروفیسر سید احتشام حسنین، ممتاز سائنس داں اور سابق وائس چانسلر یونیورسٹی آف حیدرآباد کا لیکچر منعقد کیا گیا۔

انہوں نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ مصنوعی ذہانت آنے والے برسوں کے دوران انسان کی زندگی پر دور رس اثرات مرتب کرے گی اور بنی نوع انسان کو کئی ایک شعبوں میں خطرات سے دوچار کر سکتی ہے۔

مصنوعی ذہانت کے موضوع پر اپنے پُر مغز خطاب میں پروفیسر حسنین نے تازہ ترین سائنسی تحقیق کے انسانی زندگی پر پڑنے والے اثرات کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت زندگی کے کئی ایک شعبوں میں انسانوں پر سبقت لے جا سکتی ہے۔ انہوں نے اس خدشہ کا اظہار کیا کہ اس تیز رفتار ترقی سے انسانی اقدار پر منفی اثرات پڑ سکتے ہیں۔ پروفیسر حسنین نے اپنے لیکچر کے دوران کئی ایک مثالیں دیں اور ان کا پس منظر بیان کیا۔ قبل ازیں یومِ آزاد لیکچر کے آغاز میں رجسٹرار پروفیسر اشتیاق

انفراسٹرکچر سے واقفیت کے مواقع فراہم کیے گئے۔ یہ پروگرام تقریباً 7 مہینوں تک چلایا گیا۔ جس کے تحت ہر منگل کو اسکول کالجس کے طلبہ کو اردو یونیورسٹی کا دورہ کروانے کے مقصد سے یونیورسٹی کی جانب سے بس کی سہولت فراہم کی گئی۔ یونیورسٹی کی 29 سالہ تاریخ میں ایسا پہلی مرتبہ باضابطہ طور پر پروگرام ترتیب دیا گیا۔ جس کا مقصد اسکولی سطح سے ہی طلبہ میں اردو یونیورسٹی کا تعارف پیدا کرنا ہے۔ تاکہ یہ طلبہ آگے چل کر اعلیٰ تعلیم کے لیے یونیورسٹی کا رخ کرسکیں۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن کا یہ بھی ماننا تھا کہ کسی بھی یونیورسٹی کے لیے مقامی طلبہ بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ مقامی طلبہ کو زیادہ سے زیادہ راغب کرنے کے لیے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے داخلوں میں 10 فیصد ایکسٹرا نیومرک کوٹا بھی مختص کیا ہے جس کے تحت حیدرآباد کیمپس کے سبھی کورسس میں مقامی طلبہ کے لیے 10 فیصد زائد نشستیں دستیاب رہیں گی۔ اس پروگرام کے تحت جن تعلیمی اداروں کے طلبہ نے اردو یونیورسٹی کا دورہ کیا ان میں درج ذیل اسکول، کالجس / مدارس شامل ہیں۔

تاریخ	اسکول وکالج کا نام	تعداد
4-8-2025	گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گوشہ محل (اردو میڈیم)، بازارگھاٹ، ناملی، گورنمنٹ۔ ہائی اسکول ملے پلی نمبر 1، گورنمنٹ ہائی اسکول پہ چبوترہ	160
12-8-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول گوشہ محل اردو میڈیم	56
19-8-25	SMHM گورنمنٹ ہائی اسکول لنگر حوض	60
26-8-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول، سلطان شاہی نزد فلوریڈا اسکول اور مدرسہ بورابنڈہ	100
2-9-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول، مفید النسوان، گولکنڈہ	55
9-9-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول، جہاں نما لانسر	60
16-9-25	گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مغل پورہ 2	110
23-9-25	گورنمنٹ ہائی اسکول، نواب صاحب کنٹہ	65
7-10-2025	فوکس اسکول، پرانی حویلی	60
10-25-14	گورنمنٹ ہائی اسکول، گلبل گوڑا، تاڑبن، بہادر پورہ	60
25-10-21	مانو ماڈل اسکول، فلک نما	90
25-10-24	حسینی عالم ڈگری کالج	120
25-10-28	گورنمنٹ ڈگری کالج، فلک نما	65
4-11-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول، مرتضیٰ نگر	65
11-11-2025	پرنسس درشہوار گرلز ہائی اسکول، دبیر پورہ	65
18-11-25	بنڈلا گوڑہ ہائی اسکول	65
25-11-25	گورنمنٹ ہائی اسکول، کالی کمان	68
2-12-2025	گورنمنٹ ہائی اسکول میسرام، بارکس	110
9-12-2025	کرسٹل ہائی اسکول، یاقوت پورہ	65
25-16-12	گورنمنٹ سٹی کالج، مدینہ سرکل	150
23-12-25	گورنمنٹ سٹی کالج، مدینہ سرکل	31
30-12-25	ماڈرن ہائی اسکول، مشیر آباد	65
6-1-2026	چنچل گوڑہ ڈگری کالج	65
13-1-26	انوار العلوم ڈگری کالج، ملے پلی	60
20-1-26	ریان اسکول اور جونیئر کالج	65
27-1-26	گورنمنٹ ہائی اسکول تیغہ، ایم ایس کریٹیو اسکول، ٹولی چوکی، ایم ایس جونیئر کالج ٹولی چوکی، ویمن یونیورسٹی (کوٹھی)	360
3-2-2026	گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین سنگاریڈی، گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین گولکنڈہ	130
10-2-2026	گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول، ہمایوں نگر 60، گورنمنٹ ہائی اسکول، چوراہا جنسی، حکیم پیٹ، ٹولی چوکی 55، ایم ایس کریٹیو اسکول 450	600

☆.....☆.....☆

اردو یونیورسٹی طلبہ کی زندگیوں میں انقلاب پیدا کررہی ہے
یونیورسٹی کے یومِ تاسیس سے صدرنشین NAAC کا خطاب

یونیورسٹی کا یومِ تاسیس 9 رجنوری 2026 کو منعقد ہوا۔ جس میں NAAC کی ایگزیکیٹو کمیٹی کے صدرنشین پروفیسر انیل ڈی سہسرابدھے نے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایسے نوجوانوں کو تعلیم کے رشتہ سے جوڑ رہی ہے جو اپنے خاندان میں پہلی مرتبہ اعلیٰ تعلیم حاصل کررہے ہیں اور یہ ایک ایسا انقلابی کام ہے جس سے لوگوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں۔

پروفیسر سہسرابدھے نے کہا کہ مانو کی جانب سے نئی قومی تعلیمی پالیسی کا نفاذ ایک بہت ہی خوش آئند اقدام ہے۔ ان کے مطابق نئی قومی تعلیمی پالیسی کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی طالب علم کسی وجہ سے تعلیم ترک کردیتا ہے تو اس کو اس قابلیت کا صداقت نامہ ضرور مل سکتا ہے جتنا کورس اس نے مکمل کیا ہے۔ جب وہ دوبارہ ایک، دو سال بعد اپنی تعلیم آگے بڑھانا چاہے تو وہ ایسا آسانی کے ساتھ کرسکتا ہے۔

اس پالیسی کے تحت اسپورٹس اور دیگر مقابلوں میں حصہ لینے والے طلبہ بھی



پروفیسر سید عین الحسن، پروفیسر انیل ڈی سہسرابدھے کو یادگاری تحفہ دیتے ہوئے۔ پروفیسر اشتیاق احمد اور پروفیسر صدیقی محمد محمود بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

یونیورسٹی میں تعلیمی سال 27-2026 کے لیے داخلوں کا آغاز
مقامی طلبہ کے لیے مختلف مراعات کا اعلان

ڈاکٹر محمد مصطفےٰ علی سروری

اسوسی ایٹ پروفیسر ایم سی جے

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا قیام 1998ء میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے ذریعہ عمل میں لایا گیا تھا۔ اس یونیورسٹی کا ہیڈ کوارٹر شہر حیدرآباد میں قائم کیا گیا۔ 200 ایکڑ پر پھیلے اس کیمپس سے آج تقریباً 50 ہزار طلبہ فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اپنے 29 سال کے سفر کے دوران اردو یونیورسٹی نے لاکھوں طلبہ کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر کے کامیابی کے ساتھ روزگار سے جوڑا ہے۔

یونیورسٹی کے فارغین کی انہی کامیابیوں کو جاریہ برس کے یونیورسٹی کیلنڈر کے ذریعہ بھی پیش کیا گیا۔ 18 چراغ ایک روشنی کے موضوع پر تیار کردہ کیلنڈر کے ذریعہ اردو یونیورسٹی سے تعلیمی سند حاصل کرنے والے 18 ایسے طلبہ کی نشاندہی کی گئی جنہوں نے مانو سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد نہ صرف اندرونِ ملک بلکہ بیرونِ ملک بھی بہترین مشاہروں پر روزگار حاصل کیا۔ اس فہرست میں شامل فارغین کا ذکر یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر شرافت حسین نے شعبۂ مینجمنٹ و کامرس میں سال 2020ء میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ آج وہ دبئی میں امریکن یونیورسٹی میں مارکٹنگ کے اسسٹنٹ پروفیسر اور ای ایم نارمینڈی بزنس اسکول اور بیلار یونیورسٹی میں ایڈجنکٹ فیکلٹی کے طور پر کارگزار ہیں۔ ڈاکٹر حمزہ مطہر عبدالشمیری نے کمپیوٹر سائنس کے مضمون میں سال 2016ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ وہ آج برمنگھم سٹی یونیورسٹی، برطانیہ کے کالج آف کمپیوٹنگ، انجینئرنگ اینڈ بلٹ اینوائرمنٹ میں سائبر سیکوریٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ خدیجہ مستور نے سال 2019ء میں شعبہ ایس وآئی ٹی میں بی ٹیک کی ڈگری حاصل کی اور آج وہ کوالکم (Qualcomm) کمپنی میں سافٹ ویئر انجینئر کے طور پر Google Pay کے لیے خدمات انجام دے رہی ہیں۔ اسی شعبہ کی شاہانہ عالم نے سال 2021ء میں بی ٹیک کی ڈگری حاصل کی۔ وہ آج میلبورن، آسٹریلیا میں ایک سینئر ٹیکنیکل کنسلٹنٹ کے طور پر کام کر رہی ہیں۔ انعم ظفر نے شعبہ تعلیم و تربیت سے سال 2025ء میں ایم ایڈ کا کورس مکمل کیا اور اسی برس انہوں نے UGC NET کے امتحان میں 100 فیصدی نشانات حاصل کرتے ہوئے آل انڈیا فرسٹ رینک حاصل کیا۔ فی الحال وہ یونیورسٹی کے شعبۂ تعلیم و تربیت میں پی ایچ ڈی کی اسکالر ہیں۔ ڈاکٹر بلال میر نے سال 2018ء میں زوالوجی کے مضمون میں پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔ اس وقت وہ اسکول آف بائیو میڈیکل سائنسس میں یونیورسٹی آف پٹس برگ، امریکہ میں پوسٹ ڈاکٹورل اسوسی ایٹ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ محمد حشیم نے سال 2013ء میں مرکز برائے آن لائن و فاصلاتی تعلیم سے بی اے کا کورس مکمل کیا اور آج وہ حکومت مغربی بنگال میں ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ آفیسر کے طور پر کارگزار ہیں۔ سید معاذ احمد نے سال 2015ء میں ڈپلوما ان انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سند حاصل کی۔ فی الحال وہ ای جی گروپ آف کمپنیز، انگلینڈ میں سیلس ایڈمنسٹریٹر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ہاشمی سید شعیب نے سال 2008ء میں مانو سے ایم اے ماس کمیونکیشن اینڈ جرنلزم پاس کیا اور انہوں نے سال 2014ء میں مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم سے ایم اے اردو بھی کیا۔ وہ آج مہاراشٹرا اردو اکیڈیمی منترالئے میں سپرنٹنڈنٹ کم ایگزیکیٹو آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ محمد عبدالرحمٰن نے سال 2015ء میں شعبۂ تعلیم و تربیت سے ایم فل کی سند حاصل کی۔ آج وہ مائناریٹی ویلفیئر ڈپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف تلنگانہ میں اردو آفیسر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ شیخ اویس گلوبل پیٹرو پراجیکٹس سروسیس، موزمبیق، آفریقہ کے لیے HVAC ٹیکنیشین کے طور پر کام انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے 2010ء میں مانو آئی ٹی آئی سے ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ کی تعلیم حاصل کی۔ افتخار عالم نے سال 2008ء میں ایم اے ماس کمیونکیشن اینڈ جرنلزم کامیاب کیا۔ وہ آج پریس انفارمیشن بیورو، منسٹری آف آئی اینڈ بی، پٹنہ میں میڈیا اینڈ کمیونکیشن آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ محمد پرویز عالم نے ڈپلوما ان ڈائلیسس ٹیکنیشین کا کورس سال 2017ء میں مکمل کیا۔ وہ آج ابوظہبی سیول ڈیفنس اتھاریٹی کے ہیومن ریسورس ڈپارٹمنٹ میں پیرامیڈکس کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ رحیم الدین نے سال 2012ء میں پبلک ایڈمنسٹریشن میں ایم اے کا کورس مکمل کیا۔ وہ آج کمرشیل ٹیکس ڈپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف تلنگانہ میں سینئر اسسٹنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ بینائی سے محرومی کے باوجود ان کی تعلیمی کارکردگی شاندار رہی۔ اس طرح سے سال 2026ء کے کیلنڈر میں نمایاں خدمات انجام دینے والے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے 18 فارغین کو شامل کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے اپنے عہدہ کا جائزہ سنبھالنے کے بعد سے اس بات کو بڑی شدت سے محسوس کیا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اگرچہ شہر حیدرآباد میں قائم ہے اس کے باوجود اس یونیورسٹی میں مقامی طلبہ کی تعداد برائے نام ہے۔ اس پس منظر میں عزت مآب شیخ الجامعہ نے انجمن طلبائے قدیم کے تعاون سے اگست 2025ء میں باضابطہ طور پر دفتر تعلقات عامہ کو اس بات کی ذمہ داری تفویض کی کہ وہ شہر حیدرآباد کے اسکول، کالجس اور دیگر تعلیمی اداروں کے طلبہ میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقع کے متعلق آگہی کے لیے اقدامات کریں۔ اس ضمن میں دفتر تعلقات عامہ نے ''اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں'' پروگرام کا آغاز کیا۔ اس پروگرام کے تحت شہر حیدرآباد کے منتخبہ اسکول، کالجس اور دیگر تعلیمی اداروں کو ذرائع آمد و رفت کی سہولت فراہم کی گئی اور ان طلبہ کے لیے یونیورسٹی کے تعارف اور یہاں موجود

یونیورسٹی کے ترانے میں اس کی زبان و بیان میں اور کلام میں کسی قسم کا کوئی لوچ نہیں آنا چاہیے۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا ترانہ دیکھ لیجئے، جو پہلے دن سے ہی آج تک وہاں کے ہر طالب علم کی زبانوں پر چڑھا ہوا ہے۔ علی گڑھ کے وہ لوگ جو آج 80 سال کی عمر تک پہنچ گئے ہیں وہ آج بھی ملتے ہیں تو اپنی یونیورسٹی کا ترانہ گنگناتے ہیں۔ انہیں اپنی یونیورسٹی کے ترانے سے ایک دلی لگاؤ ہے۔ اچھی چیزوں کی یادیں باقی رہتی ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ مانو کے پچھلے ترانوں میں اردو کا لحاظ نہیں تھا۔ پھر مجھے خیال آیا کیوں نہ مل جل کر سب کی رائے سے ایک ایسا ترانہ لکھا جائے، جو اردو یونیورسٹی کے جذبہ کی صحیح عکاسی کرے۔ اس لیے کہ یہاں یونیورسٹی کا اصل باب الداخلہ ''بابِ علم'' ہے۔ اسے بھی ترانے میں شامل رکھا گیا، یہاں تنوع بھی ہے اس لیے ہندوستان کا ذکر بھی آنا ضروری تھا، مولانا آزاد کے نام سے یونیورسٹی قائم ہے۔ اس لیے ان کا نام بھی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آزاد کا مطلب پوری آزادی کے ساتھ طلبہ کو اپنے راستے طئے کرنا شامل ہے۔ اس ترانے کو اگرچہ میں نے لکھا لیکن بہت سارے احباب نے میری مدد بھی کی ہے۔ یونیورسٹی کی ترقی میں سبھی لوگوں نے بہت کام کیا۔

انٹرویونگار: ماحولیات کا تحفظ اگرچہ کہ یونیورسٹیوں کے نصاب میں شامل کیا گیا لیکن اکثر کیمپس ماحول دوست نظر نہیں آتے۔ اس حوالے سے آپ کیا کہنا چاہیں گے۔

پروفیسر سید عین الحسن: ساری دنیا آج موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے بات کر رہی ہے۔ موسم کس تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ کل ہی کی بات ہے میں نے جب چیٹ جی پی ٹی میں سوال کیا تو مجھے بتایا گیا کہ گچی باؤلی علاقے میں بارش نہیں ہوگی۔ لیکن ہم نے دیکھا کہ کچھ وقفے کے لیے صحیح اس علاقے میں بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ موسم اتنا غیر یقینی ہو گیا ہے کہ ہم ٹیکنالوجی کی مدد سے بھی موسم کی صحیح سے پیش قیاسی نہیں کر پا رہے ہیں۔ پانی کا معیار اور پانی کا تحفظ عین ضروری ہے۔ بارش کا پانی قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے۔ لیکن افسوس کہ بارش کے پانی کو محفوظ کرنے اور مفید استعمال کرنے کے کوئی اقدامات نہیں تھے۔ 200 ایکڑ پر محیط یونیورسٹی کے وسیع و عریض کیمپس پر بارش کے پانی کو روک کر میں نے ایک بائیوڈائیورسٹی پاؤنڈ تشکیل دینے کی کوشش کی۔ میری دانست میں بارش کے پانی کو روک کر زیر زمین پانی کی سطح کو بہتر بنانے کی کوشش کی جا سکتی ہے اور میں نے اس سمت میں ہی کام کیا ہے۔ موسم گرما میں زیر زمین پانی کی سطح بھی تشویشناک حد تک گر جاتی ہے۔ یہاں تک کہ کیمپس میں پانی کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے روزانہ کی بنیادوں پر ہمیں ٹینکرس منگوانے پڑتے ہیں۔ ہمارے کیمپس میں تقریباً 30 بورویل ہیں جو کہ موسم گرما میں خشک ہو جاتے ہیں۔ لیکن مجھے امید ہے کہ بائیوڈائیورسٹی پاؤنڈ میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کا جو نظم بنایا گیا ہے اس کی بدولت ہمارے کیمپس کے بورویلس بھی اس سے ریچارج ہو سکیں گے۔ کیمپس کا باضابطہ طور پر معائنہ کرنے کے بعد وی سی لاج کی سڑک پر گرلز ہاسٹل کے روبرو بائیوڈائیورسٹی پاؤنڈ کے لیے جگہ کا انتخاب کیا گیا۔ قدرتی ماحول کے تحفظ کے لیے اس پاؤنڈ کو بنانے پر یونیورسٹی کو مرکزی حکومت کی آبی وزارت اور حکومت تلنگانہ نے ایوارڈ سے بھی نوازا۔

آج بائیوڈائیورسٹی پاؤنڈ کے اطراف آم کے اور کئی دیگر طرح کے درخت ہیں۔ ان درختوں پر طرح طرح کے پرندے بھی ہیں جن کی بڑی بڑی آوازیں آپ کو اپنی جانب مبذول کروائیں گی۔ یہی تنوع یا ڈائیورسٹی ہے۔ پاؤنڈ میں سینکڑوں مچھلیاں موجود ہے۔

انٹرویونگار: مانو کو ملے A پلس گریڈ کے بارے میں آپ کیا کہنا چاہیں گے؟

پروفیسر سید عین الحسن: اساتذہ اور غیر تدریسی عملہ اور طلبہ تینوں نے مل کر اس ضمن میں کام کیا۔ ہماری یونیورسٹی کا تعلیمی مظاہرہ، ہماری یونیورسٹی کا ترقی پذیر انفراسٹرکچر اور ہمارے طلبہ کا تعلیمی اور تحقیقی ماحول، ان سب کی مشترکہ کاوشوں کا نتیجہ تھا کہ یونیورسٹی کے معائنہ پر آنے والی نیک (NAAC) کی ٹیم نے ہماری کارکردگی کو تسلیم کرتے ہوئے یونیورسٹی کو +A گریڈ میں شامل کیا۔ کارکردگی کا جائزہ لینے والی ٹیم کی جانب سے پوچھے جانے والے ہر سوال کی ہم لوگوں نے خانہ پُری کی۔

انٹرویونگار: اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام آپ نے کیوں شروع کیا؟

پروفیسر سید عین الحسن: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پچھلے 28 برسوں سے شہر حیدرآباد میں قائم ہے۔ آج اس یونیورسٹی میں تقریباً 50,000 طلبہ درج رجسٹرڈ ہیں۔ جن میں سے 5,000 طلبہ ریگولر کورسز کی تعلیم حاصل کرنے آن کیمپس موجود ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان طلبہ میں شہر حیدرآباد کے مقامی طلبہ کی تعداد بہت کم ہے۔ حالانکہ شہر حیدرآباد اردو میڈیم کا ایک بہت بڑا مرکز ہے۔ اردو کے کئی ادارے اور انجمنیں اس شہر میں کام کرتی ہیں۔ لیکن مقامی طلبہ کا تناسب بہت کم ہے۔ اس پس منظر میں مانو المنائی اسوسی ایشن، حیدرآباد چیپٹر کے تعاون سے مقامی طلبہ میں اردو یونیورسٹی میں دستیاب تعلیمی مواقعوں کے متعلق آگہی میں اضافہ کرنے اگست 2025ء میں ہم نے اردو یونیورسٹی کا دورہ پروگرام کا آغاز کیا۔ جس کے دوران شہر حیدرآباد کے اسکول، کالجس کو آمد و رفت کی سہولت فراہم کرتے ہوئے وہاں کے طلبہ کو یونیورسٹی کے تعلیمی دورے پر بلانے کا نظم کیا گیا۔ گذشتہ 6 ماہ کے دوران تقریباً 3,500 طلبہ نے اردو یونیورسٹی میں دستیاب مختلف تعلیمی موقعوں کے متعلق آگہی حاصل کی۔ یونیورسٹی کے اربابِ مجاز کو اس بات کا مکمل احساس ہے کہ کسی بھی یونیورسٹی میں ڈے اسکالرس یعنی مقامی طلبہ کی تعداد بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ جن کے لیے ہاسٹل کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔ چونکہ مانو میں موجود تمام ہاسٹلس اب تنگ دامنی کا شکوہ کر رہے ہیں۔ ایسے میں مقامی طلبہ کی تعداد میں اضافہ ضروری ہے۔ مجھے امید ہے کہ اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں پروگرام طویل مدت میں نہایت دوررس نتائج کا حامل ہوگا۔

پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر سے انٹرویو

انٹرویو نگار: صالحہ وسیم

متعلم ایم سی جے

پروفیسر سید عین الحسن نے جولائی 2021ء میں بحیثیت وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کیا تھا۔ یونیورسٹی کے ترجمان رسالے ''الکلام'' کے لیے وائس چانسلر کا اپنی نوعیت کا یہ منفرد انٹرویو ہے جس میں شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کی طالبہ صالحہ وسیم کی جانب سے پوچھے گئے سادہ اور پیچیدہ ہر دوطرح سوالات کا وائس چانسلر نے بڑے ہی دلچسپ انداز میں جواب دیا ہے۔ الکلام کے قارئین کے لیے اس انٹرویو کے اقتباسات پیش کیے جارہے ہیں۔



انٹرویو نگار: سرسب سے پہلے آپ اپنے تعلیمی سفر کے بارے میں بتائیں۔

پروفیسر سید عین الحسن: میری ابتدائی تعلیم وارانسی میں ہوئی۔ بارہویں کے بعد میں الہ آباد یونیورسٹی چلا گیا جہاں میں نے گریجویشن کیا اور پھر میں نے جواہر لال نہرو یونیورسٹی، دہلی سے پی ایچ ڈی مکمل کی اور اپنے تدریسی کیریئر کا آغاز کیا۔ اسی یونیورسٹی میں میں نے 42 برس تک خدمات انجام دیں۔ جس کے بعد حکومت نے مجھے اس باوقار اردو یونیورسٹی میں وائس چانسلر کے طور پر منتخب کیا۔

انٹرویو نگار: محترم وائس چانسلر یہ بتائیے کہ اردو یونیورسٹی جوائن کرتے وقت آپ کا سب سے پہلا ویژن کیا تھا؟

پروفیسر سید عین الحسن: کسی بھی نئی جگہ کو سمجھنے کے لیے تھوڑا وقت لگتا ہے۔ جب میں نے اردو یونیورسٹی میں وائس چانسلر کا عہدہ سنبھالا تو وہ وقت کووڈ کے دور کا تھا۔ ملک بھر کی بہت ساری یونیورسٹیز کی طرح مانو بھی طلبہ سے خالی تھی اور تعلیم کا سلسلہ آن لائن چل رہا تھا۔ اس پس منظر میں میری سب سے پہلے ترجیح یہ تھی کہ میں باضابطہ طور پر طلبہ کی کیمپس میں واپسی کو یقینی بناؤں۔ مجھے یونیورسٹی میں ایسے افراد کی رفاقت بھی نصیب ہوئی جن کے ساتھ کام کرنے میں اجنبیت کا احساس نہیں ہوا۔ بس اس کے بعد سے میں نے پیچھے پلٹ کر نہیں دیکھا۔

انٹرویو نگار: بحیثیت وائس چانسلر آپ نے اردو یونیورسٹی میں کونسے نئے کورسز شروع کیے۔ اس حوالے سے وضاحت فرمائیں۔

پروفیسر سید عین الحسن: اردو یونیورسٹی چونکہ مرکزی وزارت تعلیم کے تحت کام کرتی ہے اور ایک سنٹرل یونیورسٹی ہے۔ ایسے میں این ای پی کے تحت مانو اپنی ہر طرح کی کارکردگی اور کورسز کی تفصیلات سے مرکزی حکومت کو واقف کروانے کی پابند ہے۔ جس وقت میں نے وی سی کا عہدہ سنبھالا تب یونیورسٹی کے مالی حالات بھی کچھ ٹھیک نہیں تھے۔ لیکن جب ہم نے این ای پی کو نافذ کیا اور اس کی پالیسیوں پر عمل شروع کیا تو ہماری کارکردگی بھی وزارت کی نظروں میں آنے لگی۔ اور پھر مرکزی حکومت سے فنڈز کی اجرائی بھی شروع ہوئی اور یوں ہم کئی ایک نئے کورسز شروع کرنے میں کامیاب ہوئے۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ دیگر سنٹرل یونیورسٹیوں کے مقابلے میں اردو یونیورسٹی مرکزی حکومت کی مالی امداد پر ہی بہتر کام کرسکتی ہے۔ ہماری فیس کا ڈھانچہ بھی بہت سہل ہے۔ آج مانو میں لاء کا کورس، لیبارٹری ٹیکنالوجی، امیجنگ ٹکنالوجی اور ٹراما ٹیکنالوجی میں ووکیشنل کورسز شروع کیے گئے، فیشن ڈیزائننگ اور انٹیریئر ڈیزائننگ کورسز جاری کیے گئے۔ اس کے علاوہ انٹیگریٹڈ ٹیچر ٹریننگ ایجوکیشن پروگرام کا بھی آغاز ہوا۔

انٹرویو نگار: یونیورسٹی میں کلچرل ایکٹوٹی سنٹر کو فروغ دینے میں آپ کی بہت بڑی سرپرستی مانی جاتی ہے۔ برائے کرم اس حوالے سے وضاحت فرمائیں۔

پروفیسر سید عین الحسن: کسی بھی یونیورسٹی کا کامیابی کا ریکارڈ مکمل طور پر تعلیمی اسناد اور نصاب تعلیم پر ہی منحصر نہیں ہوتا۔ زائد از نصابی سرگرمیاں بھی طلبہ کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانے میں بہت بڑا رول ادا کرتی ہیں۔ اس پس منظر میں میرا یہ ماننا تھا کہ اردو یونیورسٹی کے طلبہ کو یہاں اعلیٰ معیاری تعلیم بہترین انفراسٹرکچر کے علاوہ تحقیق کے لیے دوستانہ ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ طلبہ کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ان کی تحریری، تقریری اور دیگر مخفی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے بھی ایک پلیٹ فارم ہونا چاہیے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا کلچرل ایکٹوٹی سنٹر یونیورسٹی کے طلبہ کی انہی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ یہاں پر طلبہ کے لیے یونیورسٹی فلم کلب، یونیورسٹی فائن آرٹس کلب، یونیورسٹی میوزک کلب، لٹریری کلب اور مانو یوتھ رزم کلب دستیاب ہیں۔ ان سبھی کلب کے بینرس تلے طلبہ کی ان کی دلچسپیوں کے مطابق صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

انٹرویو نگار: سر آپ شاعر ہیں اور آپ نے یونیورسٹی کے لیے ایک خوبصورت ترانہ بھی لکھا ہے۔ اس حوالے سے آپ کے کیا تاثرات ہیں۔

پروفیسر سید عین الحسن: میں اس سوال سے بچنا چاہتا تھا کیونکہ اپنے ہی لکھے ہوئے کلام کے بارے کچھ بھی کہنا خودستائی ہوگی۔ ہماری یونیورسٹی کا اصل کردار اردو کا ہے ایسے میں

سے ہماری نسل کے لوگوں کا سابقہ جب بیسویں صدی کے پانچویں یا چھٹے دہے میں پڑا تو ہم پر وہی کیفیت طاری ہوئی جو بلی کو اچانک دیکھ کر ایک چوہے پر طاری ہو جاتی ہے۔

قیاس اغلب ہے کہ اس عدم ہستی نما میں وارد ہو جانے کے بعد مولانا نے غالباً اپنے جسمانی وجود پر عہد طفولیت کو بھی نازل ہونے کا موقع عطا نہیں کیا کیونکہ دس برس کی عمر میں تو وہ ایک پختہ کار شاعر کی طرح شعر کہنے لگ گئے تھے اور گیارہ برس کی عمر میں وہ ماہنامہ ''نیرنگ خیال'' کے ایڈیٹر کی مسند پر رونق افروز ہو چکے تھے۔ بلکہ چودہ برس کی عمر میں تو وہ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو گئے تھے۔ یوں لگتا ہے جیسے پیدا ہوتے ہیں مولانا بعجلت ممکنہ تصنیف و تالیف اور دیگر علمی کاموں میں جٹ گئے تھے۔ کیا یہ بات آپ کے حاشیہ خیال میں آسکتی ہے کہ مولانا نے کبھی گلی ڈنڈا کھیلا ہوگا یا چڈی اور بنیان پہن کر کبڈی کے میدان میں اُترے ہوں گے۔ یوں لگتا ہے جیسے پیدا ہوتے ہی مولانا پر عہد شباب نازل ہو گیا تھا اور کس شان سے نازل ہوا تھا اس کا بیان ان ہی کی آسان اور سلیس اردو میں ملاحظہ فرمایئے۔

''آنکھیں کھلیں تو عہد شباب کی صبح ہو چکی تھی، اور خارستان ہستی کا ایک ایک کانٹا پھولوں کی طرح شاداب تھا۔ اپنی طرف دیکھا تو پہلو میں دل کی جگہ سیماب کو پایا۔ دنیا پر نظر ڈالی تو معلوم ہوا کہ اس صبح فریب کے لیے نہ تو سوز و تپش کی دوپہر ہے نہ نا امیدی و ناکامی کی شام۔ سارا شہرستانِ امید اور نگارخانۂ نظر فریب صرف ایک ہمارے ہی دیدہ و دل کی کام جوئیوں کے لیے بنا ہے، اور گویا گوشہ گوشہ اور ذرہ ذرہ ہماری ہوسنا کیوں کے لیے چشم براہ ہے۔ جس طرف کان لگایا، یہی صدا سنائی دی۔ معلوم نہیں اپنی ہی گنبدِ غفلت اور ہنگامۂ ہوس کی گونج تھی۔ نوگرفتاران طلسم شباب کی ہوش ربائیوں کے لیے خود ساز ہستی کا نوائے فریب ہی یہی ہے۔ غفلت و مدہوشی نے افسوں پھونکا، سرمستی و گرانی نے جام بھرے، جنونِ شباب نے ہاتھ پکڑا اور ولولوں اور ہوسوں نے جو راہ دکھائی دل کی خود فراموشیوں نے اس کو منزل مقصود سمجھا، ہوش و خرد کو گو پہلے حیرانی ہوئی لیکن پھر اس نے بھی آگے بڑھ کر اشارہ کیا۔ راہ سے تو یہی ہے اور وقت ہے تو اس کا

ساقیا! مرنج از من عالم جوانی ہاست...

حضرات! یہ نہ سمجھئے کہ مندرجہ بالا طول طویل بیان کے بعد مولانا پر ان کا سالم عہد شباب طاری ہو گیا تھا۔ جی نہیں۔ یہ تو مولانا کے شباب کا صرف ایک پیراگراف تھا۔ ایسا ہی مفصل اور پُرزور شباب بعد میں ڈیمائی سائز کے پورے دس صفحات میں اپنی پوری شدت آفرینی جلوہ سامانی، آتش بیانی اور چاک گریبانی کے ساتھ سطر بہ سطر، پیرا بہ پیرا، صفحہ بہ صفحہ مولانا پر نازل ہوتا چلا گیا ہے (حوالہ کے لیے ملاحظہ ہو تذکرہ صفحات ۳۱۴ تا ۳۲۴)۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے مولانا کے منہ زور شباب کی شباب آور کیفیت کو واضح کرنے والی دس بارہ سطریں ہی ہمارے قلم نے نقل کی ہیں تو ہم خود ہانپنے لگے ہیں۔ جو شباب مولانا پر نازل ہوا تھا اگر وہ خدانخواستہ ہمارے نحیف و نزار وجود پر نازل ہو جاتا تو یقین مانیے ہم اس انقلاب آور شباب کی تاب نہ لا کر دس بارہ سطروں میں اپنی سالم عمر طبعی کو ہی پھلانگ جاتے۔

مولانا صحیح معنوں میں ایک نادر روزگار ہستی تھے اور انھیں خود اس بات کا احساس تھا کہ وہ نہ صرف ایک دور افتادہ صدا ہیں بلکہ اپنے عہد سے بہت پہلے ہو گئے ہیں۔ اگر آپ مولانا کی سیاسی اور سماجی زندگی کا جائزہ لیں تو آپ کو حیرت ہوگی کہ بیسویں صدی کے دوسرے دہے میں جب ملک میں آزادی کی آوازیں گونجنے لگیں اور ایسے میں مسلمانوں میں قیادت کے فقدان کو محسوس کیا جانے لگا تو ملک کے افق پر مولانا آزاد ایک مذہبی رہنما کی حیثیت سے ابھرے اور محمد علی جناح ایک نیشنلسٹ لیڈر کے طور پر نمودار ہوئے۔ پھر ایک عرصہ تک دونوں ہی اپنی اپنی متعین کردہ حیثیتوں پر برقرار رہے لیکن برصغیر کی سیاست نے کچھ ایسا پلٹا کھایا کہ جب ملک تقسیم ہوا تو محمد علی جناح کو مذہبی رہنما کا رتبہ ملا اور مولانا آزاد ایک نیشنلسٹ رہنما بن کر ابھرے۔ بات دراصل یہ ہے کہ مولانا کی گہری سیاسی بصیرت اور دوراندیشانہ سوچ کے باوجود تقسیم ہند کی جذباتی اور تنگ نظر سیاست کے شور شرابے میں ان کی باتوں کو نہ تو اپنوں نے سنا اور نہ ہی غیروں نے۔ نتیجہ میں وہ اس وقت بھی ایک ''دور افتادہ صدا'' ہی بنے رہے۔ مضمون کے آخر میں کیوں نہ ہم اس دور افتادہ آواز کو پھر ایک بار سن لیں۔ یہ آواز آج سے ستاون برس پہلے اس وقت گونجی تھی جب تقسیم کے بعد اتر پردیش سے ہجرت کر کے پاکستان جانے والے ایک گروہ کے بعض ارکان مولانا آزاد سے وداعی ملاقات کرنے کی غرض سے آئے تھے۔ اس وقت اس دور افتادہ صدا نے کہا تھا:

''آپ مادر وطن کو چھوڑ کر جا رہے ہیں، آپ نے سوچا اس کا انجام کیا ہوگا؟ آپ کے اس طرح فرار ہوتے رہنے سے ہندوستان میں بسنے والے مسلمان کمزور ہو جائیں گے اور ایک وقت ایسا بھی آسکتا ہے جب پاکستان کے علاقائی باشندے اپنی اپنی جداگانہ حیثیتوں کا دعویٰ لے کر اٹھ کھڑے ہوں۔ بنگالی، پنجابی، سندھی، بلوچ اور پٹھان خود کو مستقل قومیں قرار دینے لگیں۔

کیا اس وقت آپ کی پوزیشن پاکستان میں بن بلائے مہمان کی طرح نازک اور بے کسانہ نہیں رہ جائے گی؟ ہندو آپ کا مذہبی مخالف تو ہو سکتا ہے، قومی اور وطنی مخالف نہیں۔ آپ اس صورتحال سے نمٹ سکتے ہیں۔

مگر پاکستان میں آپ کو کسی وقت بھی قومی اور وطنی مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑ جائے گا جس کے آگے آپ بے بس ہو جائیں گے۔.....''

بے شک مولانا آزاد کی یہ باتیں آج ہماری نسل کی سمجھ میں کچھ کچھ آنے لگی ہیں لیکن ستم ظریفی یہ ہوئی کہ جب برصغیر کے سامنے فیصلہ کی گھڑی آئی تھی تو پرانی نسل نے ان باتوں کو سمجھنا تو کجا سننا بھی گوارا نہیں کیا۔ کیا یہ برصغیر کی سیاست کا ایک بڑا المیہ نہیں ہے؟

نوٹ: یہ اقتباسات پدم شری مجتبیٰ حسین کے لیکچر سے ہیں جو انہوں نے نومبر 2005ء میں مولانا ابوالکلام آزاد پر منعقدہ سمینار میں دیا تھا۔

کچھ مولانا آزاد اور مولانا آزاد یونیورسٹی کے بارے میں

مجتبیٰ حسین

نامور مزاح نگار

سب سے پہلے تو میں مولانا آزاد قومی اردو یونیورسٹی کے ارباب مجاز کا تہہ دل سے ممنون ہوں کہ انھوں نے بڑی حد تک اپنی غلط فہمی اور کسی حد تک میری خوش فہمی کے باعث مجھ ناچیز کو عالم، فاضل، دانشور وغیرہ سمجھ لیا اور اس عظیم الشان درسگاہ میں آنے کی دعوت دیدی جو امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد جیسی عظیم المرتبت ہستی کے نام نامی سے منسوب ہے۔ ماشاءاللہ یہ دانش گاہ ایسی پرفضاء اور خوبصورت جگہ واقع ہے۔

حضرات! ماشاءاللہ ایسی پرکشش اور دلفریب جگہ ہے کہ میں اسے صرف ایک درسگاہ ہی نہیں بلکہ اپنی افتادِ طبع کے باعث تفریح گاہ بھی سمجھتا ہوں، اس سے پہلے بھی مجھے یہاں دو مرتبہ آنے کا شرف حاصل ہو چکا ہے۔ اس یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفیسر شمیم جیراجپوری کے ہمراہ پانچ برس پہلے یہاں آیا تھا تو اُس وقت تک اس یونیورسٹی کی صرف باؤنڈری وال ہی تعمیر ہوئی تھی اور اس باؤنڈری وال کے اندر چاروں طرف مضبوط چٹانیں ہی چٹانیں بکھری ہوئی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ باؤنڈری وال اردو کے تحفظ کے لیے نہیں بلکہ اس اندیشے کے تحت تعمیر کی گئی ہے کہ کہیں کوئی چور اچکا ان دیوہیکل چٹانوں کو اٹھا کر نہ لے جائے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد یہاں پھر آنے کا موقع ملا تو دیکھا کہ لاکھوں برس پرانی چٹانیں ٹوٹ کر غائب ہو چکی ہیں اور ان کی جگہ نہ صرف شاہراہیں اور میدان بن چکے ہیں بلکہ یونیورسٹی کی اصل عمارت کا ڈھانچہ بھی کھڑا ہو گیا ہے۔ اس پر مجھے کسی مشہور ادیب کی کتاب یاد آ گئی جس کا نام تھا چٹانیں بولتی ہیں۔ اور میں نے مذاق مذاق میں پروفیسر شمیم جیراجپوری سے کہا تھا شمیم صاحب! اس احاطہ میں یہ چٹانیں لاکھوں برسوں سے کھڑی ہوئی تھیں اور شاید اپنی بولی میں یہ آپس میں ہم کلام بھی رہی ہوں لیکن اس جگہ ابوالکلام آزاد یونیورسٹی کے قیام کے بعد مجھے جائز طور پر یہ گمان سا ہو گیا تھا کہ اس ماحول میں جب چاروں طرف ابوالکلام آزاد کی عربی آمیز اردو کی گونج سنائی دے گی تو ایک عرصہ بعد کیا عجب کہ یہ چٹانیں بھی آپس میں ابوالکلام کی زبان میں ہمکلام ہوں اور بالآخر اپنے ہی بھاری بھرکم اسلوب کی گونج اور ضرب کے زیر اثر خود یہ چٹانیں بھی پاش پاش ہو کر کہیں صحرائے عرب میں نہ تبدیل ہو جائیں۔ شمیم جیراجپوری نے ہنس کر کہا ''آپ کے اندیشوں کے بارے میں بعد میں بات ہوگی۔ اب ذرا چل کر یونیورسٹی کی نئی عمارت کو تو دیکھ لیجیے۔''

بخدا اردو یونیورسٹی کی یہ پرشکوہ عمارت، اس ماحول میں ایک دلفریب منظر پیش کر رہی تھی۔ چونکہ اس وقت اس عمارت میں یونیورسٹی کا بنیادی ساز و سامان اور عملہ مع طلبہ اور اساتذہ کے یہاں منتقل نہیں ہوا تھا اس لیے یہ عمارت خالی خالی سی دکھائی دے رہی تھی۔

جب یونیورسٹی کی پرشکوہ عمارت بن گئی ہے تو کیوں نہ اب اس میں اس کے



مکین یعنی اردو زبان کو بھی لا کر بسایا جائے اور آج ایک لمبے وقفہ کے بعد میں یہاں پھر آیا ہوں تو مجھے یہاں ہر طرف اچھی خاصی اُردو دکھائی دینے لگی ہے۔ نہ صرف دکھائی دینے لگی ہے بلکہ اس کی مناسب حفاظت اور نگہداشت کی خاطر ایک پٹھان کی خدمات بھی حاصل کر لی گئی ہیں۔ میری مراد پروفیسر اے ایم پٹھان سے ہے جو بحیثیت وائس چانسلر ان دنوں اس یونیورسٹی کے سربراہ ہیں۔ حکیم مومن خان مومن سے لے کر شبیر حسن خان جوش ملیح آبادی تک پٹھانوں نے اردو شعر و ادب کی بے مثال خدمات انجام دی ہیں۔ مگر شعر و ادب کی خدمت بہت ہو چکی۔ اب اس زبان کے اہم اور فعال اداروں اور دانش گاہوں وغیرہ کی موثر خدمت انجام دینے والوں کی ضرورت ہے۔ میں نے محسوس کیا کہ پروفیسر پٹھان کسی ظاہری نمود و نمائش اور تام جھام کے بغیر بڑی لگن کے ساتھ کام کرنے کے عادی ہیں۔ اور پھر خوشی کی بات یہ ہے کہ اس سے پہلے بھی وہ ایک یونیورسٹی کے کامیاب وائس چانسلر رہ چکے ہیں۔ گویا موصوف ایک عادی وائس چانسلر ہیں۔ اس بناء پر مجھے یقین ہے کہ یہاں بھی وہ نہ صرف ایک کامیاب وائس چانسلر ثابت ہونگے بلکہ اپنے ساتھ اس یونیورسٹی کو بھی کامیاب بنائیں گے۔

معزز خواتین و حضرات! اسے مولانا آزاد جیسی نابغہ روزگار ہستی کا ہی فیض جانئے کہ ان کے نام سے منسوب قومی اردو یونیورسٹی بڑی تیزی سے پھل پھول رہی ہے۔ مولانا کی ہمہ جہت شخصیت اور ان کے بے مثال کارنامے ہم جیسے بے استعداد اور کم سواد لوگوں کی سمجھ میں یوں آسانی سے نہیں آ سکتے۔ خود مولانا اپنے آپ کو ایک دور افتادہ صدا اور غریب الدیار عہد کہا کرتے تھے۔ اگرچہ مولانا نے بڑی بھرپور زندگی جی لیکن کارزار حیات میں وہ ہمیشہ تنہا ہی دکھائی دیئے۔ جس عہد میں وہ زندہ رہے خود اس عہد نے بھی انھیں اس طرح نہیں پہچانا جس کے وہ حقدار تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ ہم جیسے نادانوں کو اب کہیں جا کر ان کی باتیں اور اُردو دونوں ہی کچھ کچھ سمجھ میں آنے لگی ہیں۔

بات دراصل یہ ہے کہ ایک صدی پہلے عربی زبان کا اپنا کس بل ہی اس کی اہمیت و افادیت کا ضامن تھا لیکن افسوس کہ آج علمی، ادبی اور تہذیبی سطح پر عربی زبان کی وہ اہمیت برقرار نہیں رہی جو اب عرب ممالک کے تیل کو حاصل ہو گئی ہے۔ چنانچہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ جو قومیں کم سے کم عربی جانتی ہیں وہ ان دنوں صرف ''ال'' لگا کر عربی ممالک سے زیادہ سے زیادہ تیل حاصل کر رہی ہیں۔ یہی نہیں ضرورت پڑنے پر اس ''ال'' کی مدد سے نہ صرف عربی زبان کا بلکہ خود عربوں کا تیل بھی نکالا جا رہا ہے۔ ان سب باتوں سے قطع نظر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مولانا آزاد کے بیسویں صدی کے پہلے اور دوسرے دہے والے بھاری بھرکم اسلوب کی حامل تحریروں



وائس چانسلر کے قلم سے.....

پروفیسر سید عین الحسن

کسی بھی جامعہ کے لیے سب سے اہم بات ایک بہترین کام کرنے والی ٹیم کا ہونا ہے۔ اور مجھے خوشی ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں جب میں نے کرونا دور کے بعد بحیثیت وائس چانسلر اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں تو مجھے یہاں کام کرنے والے ساتھیوں کی ایک ایسی ٹیم مل گئی جس کے ساتھ مجھے اس یونیورسٹی کو منزلِ یقین تک لے جانے میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی۔

اس دوران، وارانسی اور وجے واڑہ جیسی چند نئی بستیوں میں بھی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی سرگرمیوں کو وسعت دینے کا راستہ آسان ہوا اور پھر دربھنگہ کیمپس کو باضابطہ ترقی دے کر وہاں لاء کورسز شروع کرنے اور ہاسٹل میں بچوں کو رہائش دینے کا سلسلہ بھی شروع ہوا۔

حیدرآباد کیمپس، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی اصل دھڑکن ہے۔ جہاں پر 19 اسکول، 23 مختلف شعبہ جات کے تحت 127 سرٹیفکیٹ، ڈپلوما، پی جی ڈپلوما، انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ڈاکٹورل پروگرام چلائے جارہے ہیں۔

آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں لاء کالج کے آغاز کو تین برس ہونے جارہے ہیں، جس میں تقریباً 200 سے زائد طلبہ زیرِ تعلیم ہیں اور اگلے 2 برسوں میں لاء کالج کے طلبہ کی تعداد 600 تک پہنچنے کی امید ہے۔ عثمانیہ یونیورسٹی میں قانون کی تعلیم جب اردو میں مسدود کردی گئی تو اس کے بعد مانو میں لاء کی تعلیم کا آغاز اردو ذریعۂ تعلیم کے میدان میں ایک انقلابی قدم تسلیم کیا جارہا ہے۔

مجھے اس بات کی بھی خوشی ہے کہ حیدرآباد کیمپس کا مانو پالی ٹیکنیک اب انجینئرنگ کالج کی شکل اختیار کرگیا ہے۔ جہاں تک یونیورسٹی سے فارغ ہونے والے طلبہ کی بات ہے تو یہاں بھی اطمینان بخش صورتحال نظر آتی ہے کہ فارغین مانو کو نہ صرف سرکاری بلکہ خانگی شعبوں میں بھی قابل لحاظ ملازمتوں کی پیشکش کی جارہی ہے۔

مانو کا اسکول آف ایجوکیشن پورے ملک میں سب سے بڑا ایجوکیشن کا شعبہ ہے جہاں سے ہر برس 1200 طلبہ ٹیچر ایجوکیشن کی تعلیم سے فراغت حاصل کررہے ہیں۔ حالیہ عرصے میں مانو کے دو طلبہ 70 ہزار کی ماہانہ یافت پر ایک بڑی کمپنی میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔

ڈائرکٹوریٹ آف ایڈمیشن نے اکثر اس بات کو محسوس کیا ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اگرچہ شہر حیدرآباد میں قائم ہے مگر پچھلے 28 برسوں کے دوران یونیورسٹی میں مقامی طلبہ کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا۔ اسی پس منظر میں مانو المنائی ایسوسی ایشن کے تعاون سے یہ فیصلہ لیا گیا کہ اس شہر کے طلبا اور طالبات اردو یونیورسٹی کا دورہ کریں اور یونیورسٹی کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ چنانچہ ایک نئے پروگرام کا آغاز کیا گیا اور گذشتہ چھ مہینوں کے دوران اس کے تحت 3500 سے زائد اسکول و کالج کے طلباء و طالبات کو یونیورسٹی کا دورہ کروایا گیا تاکہ مقامی طلبہ برادری کی مانو میں دستیاب تعلیمی صلاحیتوں سے متعلق آگہی میں اضافہ ہوسکے۔ اس کے علاوہ مقامی طلبہ کے Extra Numeric زمرے میں داخلوں کو یقینی بنانے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

کسی بھی یونیورسٹی میں افراد اور عہدیدار اپنی میعاد مکمل کرکے رخصت ہوجاتے ہیں لیکن تعلیمی ادارے کی ترقی کا سفر مسلسل جاری رہتا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے قیام کو بھی بہت زیادہ عرصہ نہیں ہوا ہے۔ مجھے امید ہے کہ اسے آنے والے دنوں میں مزید ترقی ملے گی۔ NIRF رینکنگ اور QS ورلڈ رینکنگ میں مانو کی شمولیت تو شروعات ہے مگر آگے آگے ابھی طویل سفر باقی ہے۔ جس وقت میں نے مانو کی ذمہ داریاں سنبھالی تھیں تو یونیورسٹی کو وڈ وبا کے سبب طلبہ سے خالی تھی، برخلاف اس کے، آج یونیورسٹی کیمپس میں تقریباً 5 ہزار طلبہ و اسکالرس کی سرگرمیوں سے چہل پہل قائم ہے۔ مزید یہ کہ کووڈ کے دور میں یونیورسٹی کی مالی حالت کچھ ٹھیک نہیں تھی مگر شکر ہیکہ آج یونیورسٹی کے لیے فنڈنگ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ حکومتِ ہند مانو کی اس ترقی کو بہرصورت پیش نظر رکھتی ہے۔

فہرست

سلسلہ نشان	مشمولات		صفحہ نمبر
.1	وائس چانسلر کے قلم سے		2
.2	کچھ مولانا آزاد اور مولانا آزاد یونیورسٹی کے بارے میں	مجتبیٰ حسین	3
.3	وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن سے انٹرویو	انٹرویونگار: صالحہ وسیم	5
.4	اردو یونیورسٹی میں داخلے	ڈاکٹر محمد مصطفیٰ علی سروری	7
.5	اہم سرگرمیاں		8
	اسکول، نظامت، مراکز		
.1	اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات		16
.2	اسکول برائے فنون و سماجی علوم		21
.3	اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت		25
.4	اسکول برائے تعلیم و تربیت		26
.5	اسکول برائے ٹیکنالوجی		26
.6	اسکول برائے مینجمنٹ و کامرس		27
.7	لاء اسکول		27
.8	مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذۂ اردو ذریعہ تعلیم		28
.9	مرکز برائے مطالعاتِ اردو ثقافت		29
.10	ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعاتِ دکن		29
.11	البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی شمولیت		30
.12	انسٹرکشنل میڈیا سنٹر		30
.13	مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم		32
.14	ڈین بہبودیٔ طلبہ		32
.15	گرلز ہاسٹلس کی سرگرمیاں		34
.6	آف کیمپسیس		35
.7	حصولیابیاں		39
.8	یادداشت مفاہمت		41
.9	پی ایچ ڈی		42
.10	خراج تحسین		43
.11	المنائی اسوسی ایشن کی سرگرمیاں		44
.12	سلور جوبلی ترانہ		50

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی
Maulana Azad National Urdu University

وزارتِ تعلیم، حکومت ہند کے تحت ایک مرکزی جامعہ
گچی باؤلی، حیدرآباد 032 500، تلنگانہ

اعلان داخلہ 27-2026

یونیورسٹی میں تعلیمی سال 27-2026 کے لیے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سٹیلائٹ کیمپسوں، کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنکس کے ریگولر پروگرامس پی ایچ ڈی، پوسٹ گریجویشن، بی ٹیک، بی ایڈ، بی اے ایل ایل بی (آنرس)، ایل ایل بی اور پی جی ڈپلوما ایڈوانسڈ ڈپلوما/ڈپلوما/سرٹیفکیٹ پروگرامس میں داخلے کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔

انٹرنس ٹسٹ کے ذریعہ داخلہ کے پروگرام

پی ایچ ڈی پروگرام: اردو، عربی، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ، مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی، دکن اسٹڈیز، تعلیم، صحافت وترسیل عامہ، مینجمنٹ، کامرس، ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات، میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی (ایم ایل ٹی)، کمپیوٹر سائنس، اردو ثقافتی مطالعات، تقابلی ادب، قانون، سماجی شمولیتی پالیسی، مدرسہ میں زبان کی تدریس

پوسٹ گریجویٹ پروگرام: ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ اور ماسٹر آف لاء (ایل ایل ایم)، ایم اے ایجوکیشن

انڈر گریجویٹ پروگرام: بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، بی ٹیک (سی ایس ای) (لیٹرل انٹری)، بی ٹیک (سیول انجینئرنگ انڈر سیلف فینانس ریگولر موڈ)، ایل ایل بی، بی اے ایل ایل بی (آنرس) اور بی ایڈ، بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس اینڈ انجینئرنگ)، بی ٹیک (الیکٹرانکس اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ)، بی ٹیک (انفارمیشن ٹیکنالوجی)، بی ٹیک (سیول انجینئرنگ)

پیشہ ورانہ ڈپلوما: الیمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ)؛ پالی ٹیکنک - ڈپلوما ان انجینئرنگ (سیول، کمپیوٹر سائنس، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن، میکانیکل، الیکٹریکل والیکٹرانکس، آٹو موبائل اینڈ ایپرل ٹکنالوجیز)، اور پالی ٹیکنیک - ڈپلوما ان انجینئرنگ لیٹرل انٹری

میرٹ کے ذریعہ داخلہ کے پروگرام

پوسٹ گریجویٹ پروگرام: ایم اے (اردو، انگریزی، ہندی، عربی، فارسی، مطالعات ترجمہ، مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات)
ایم ایس ڈبلیو (سوشل ورک)، صحافت وترسیل عامہ، ایم اے جے ایم سی (لیٹرل انٹری)، ایم کام اور ایم ایس سی (ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات، انڈسٹریل کیمسٹری، بائیو انفارمیٹکس)، ایم اے فلم میکنگ سیلف فینانس موڈ اور پی جی ڈپلوما ان ٹیچنگ انگلش (کل وقتی)،

پی جی ڈپلوما پروگرام (جز وقتی): فنکشنل اردو، ہندی اور ٹرانسلیشن، پروفیشنل عربک، ٹرانسلیشن؛ آلٹرنیٹو ڈسپیوٹ ریزالیوشن، اور سائبر لاء اینڈ ڈیجیٹل گورننس؛

ڈپلوما پروگرام (جز وقتی): اردو، عربی، فارسی، پشتو، فرانسیسی، روسی، اسلامک اسٹڈیز، تمگو، ترکی، خوشخطی اور تحسین غزل اور ایڈوانسڈ ڈپلوما ان پشتو، فرانسیسی اور تمگو

سرٹیفکیٹ پروگرام (جز وقتی): پروفیشینسی ان عربک، فارسی، پشتو، فرانسیسی، روسی، تمگو، کشمیری، ترکی اور اردو سرٹیفکیٹ پروگرام فیشن ٹیکنالوجی: حیدرآباد، کڑپہ، وارانسی اور اردو ہال، حیدرآباد

ڈپلوما اینڈ انڈر گریجویٹ پروگرام ان فیشن ٹیکنالوجی: حیدرآباد، کڑپہ اور وارانسی ڈپلوما اینڈ بی ایس سی ان انٹیریئر ڈیزائن: حیدرآباد اور کڑپہ سرٹیفکیٹ کورس ان جویلری ڈیزائن

- **نوٹ:** تمام درخواست گزاروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم از کم دسویں تک اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کر چکے ہوں یا بحیثیت زبان/مضمون اردو کامیاب ہوں یا یونیورسٹی کے منظور کردہ مماثل مدرسہ کورسز جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہو، کامیاب ہوں۔ سوائے زبانوں کے، تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔
- تمام پروگراموں میں داخلے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے صدر مرکز حیدرآباد پر دستیاب ہیں الا یہ کہ علاحدہ تذکرہ کیا گیا ہو۔

1. لکھنؤ کیمپس: اردو، انگریزی، عربی، ہندی اور فارسی میں ایم اے اور انگریزی، اردو، عربی و فارسی میں پی ایچ ڈی پروگرام۔
2. سری نگر کیمپس: معاشیات، اسلامک اسٹڈیز، ویمن اسٹڈیز، اردو، فارسی، عربی اور انگریزی میں ایم اے؛ اردو، انگریزی، اسلامک اسٹڈیز، معاشیات اور فارسی میں پی ایچ ڈی
3. سی ٹی ای بھوپال (مدھیہ پردیش): بی ایڈ، ایم ایڈ اور پی ایچ ڈی ان ایجوکیشن
4. سی ٹی ای دربھنگ (بہار): بی ایڈ، ایم ایڈ، ایل ایل ایم اور پی ایچ ڈی ان ایجوکیشن
5. سی ٹی ای سری نگر (جموں وکشمیر) اور وارانسی کیمپس (اتر پردیش): ایم اے ایجوکیشن
6. آسنسول (مغربی بنگال)، سنبھل (اتر پردیش)، نوح (ہریانہ)، بیدر (کرناٹک) اور سمبھاجی نگر (اورنگ آباد، مہاراشٹرا): بی ایڈ
7. پالی ٹیکنک انجینئرنگ ڈپلوما: سیول انجینئرنگ؛ کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ کے ڈپلوما (دربھنگہ۔ بہار اور بنگلورو۔ کرناٹک)؛ سیول انجینئرنگ، میکانیکل انجینئرنگ، الیکٹریکل اینڈ الیکٹرانکس انجینئرنگ اور ایپرل ٹکنالوجیز انجینئرنگ (کڑپہ۔ آندھرا پردیش)؛ سیول انجینئرنگ، میکانیکل انجینئرنگ، الیکٹریکل اینڈ الیکٹرانکس انجینئرنگ اور آٹو موبائل انجینئرنگ (کٹک ۔ اڈیشہ) پر دستیاب ہیں۔

درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تمام پروگراموں کے لیے ای۔ پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم داخلوں کی آخری تاریخ تک یونیورسٹی ویب پورٹل https://manuu.edu.in/Regular-Admissions پر دستیاب رہیں گے۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ عمومی رہنمائی کے داخلہ ہیلپ ڈیسک کو 040-23006612 یا ایکسٹنشن 1801 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایس سی: ایس ٹی: او بی سی: معذور: ای ڈبلیو ایس امیدواروں کے مختلف پروگراموں میں داخلے کیلئے تحفظات حکومت ہند کے ضوابط کے مطابق رہیں گے۔ یونیورسٹی میں ہاسٹل کی محدود گنجائش فراہم ہے۔

نوٹ: اردو یونیورسٹی کی طرف سے پیش کردہ 4YUG اور ITEP پروگراموں میں داخلے کامن یونیورسٹی انٹرنس ٹیسٹ (CUET-2026) اور نیشنل کامن انٹرنس ٹیسٹ (NCET-2026) کے ذریعے ہوتے ہیں جو نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے منعقد کیے جاتے ہیں۔

www.manuu.edu.in

رجسٹرار، مانو

جون 2026، شمارہ XXXV

الکلام

अल कलाम

Al Kalam

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میگزین



اسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹی کی جانب سے اردو یونیورسٹی میں منعقدہ جشن قوالی کے دوران ایک ٹیم مظاہرہ کرتے ہوئے